اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی اَمَرَنَا بِالدُّعَاءِ وَوَعَدَنَا الاِجَابَۃَ

کتاب لاجواب مولفۂ جامع کمالات عالیجناب مولوی سید محمد تقی صاحب قبلہ نقوی دام فیضہ

موسوم بہ

زاد الصالحین

حصۂ ششم

بحسن اہتمام منوہر لال بھارگو بی۔ اے، سپرنٹنڈنٹ بار اول

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں مطبوع ہوا

اطلاع - اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر شایق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب فقہ و حدیث اردو و فارسی وغیرہ مذہب امامیہ کی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اوس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ ہذا سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
کتب فقہ و مصائب وغیرہ اردو			
نہر المصائب۔ ہر سہ جلد یکجائی یہ کتاب پہلے بھی چھپ چکی ہی مگر بسبب کثرت خریداری اب پھر بعد نظر ثانی مولف باضافہ بعض مجالس کے طبع ہوئی ہی اس مرتبہ قلم بہت واضح کر دیا گیا ہی اور تقطیع بڑی کی گئی ہی تاکہ شب کے وقت ذاکرین کو پڑھنے مین آسانی ہو کاغذ سفید گندہ۔	سے/	زبدۃ المصائب۔ جلد اول مؤلفہ جناب مولوی مرزا محمد عسکری صاحب حایری نبیرۂ جناب علامہ مولوی مرزا ہادی صاحب ضالح مؤلف خلاصۃ المصائب۔	عل/
		خلاصۃ المصائب منقول از نسخۂ مطبوعۂ شاہی نہایت مقبول کتاب ہی۔	عصہ/
شرعۃ المصائب۔ خلاصہ دُر المصائب و نہر المصائب وغیرہ مصنفۂ جناب اخوند مرزا قاسم علیصاحب لکھنوی۔	عہ/ ۱۴	چہل مجلس شبیر مسمی بذایقۂ ماتم از سید وزیر حسین صاحب رضوی۔	عصہ/ ۱۴/
چہاردہ مجلس۔ مسمی بتاریخ الائمہ بنا بر مذہب امامیہ از سید وزیر حسین صاحب رضوی	۱۲/	اسرار کربلا۔ حالات معرکۂ کربلائے معلی مؤلفۂ منشی ظہیر الدین صاحب بلگرامی	۲/۶ پائی
		انتخاب المصائب۔ در بیان حالات کربلا و مجالس عزا از سید یوسف علی۔	۸/
		نزہت المصائب۔ بیان حالات کربلا و مصائب سید الشہدا کے حصۂ اول	عصہ/ ۸/

فہرست مضامین حصہ ششم زاد الصالحین

مضامین متن	صفحہ	مضامین حاشیہ	صفحہ
باب پنجاسوان فضائل صلوات مین	۲	فصل ۸۲ فضیلت اوقات وغیرہ استجابت دعا	۲
سُنّت مؤکدہ ہے بروز جمعہ ایک ہزار مرتبہ اور باقی ایام مین روزانہ سنو مرتبہ صلوات کا بھیجنا۔	۲	کیفیت فضیلت دعا۔	۲
ایک صدقہ شب و روز جمعہ مین برابر ہزار نماز کے ہی اور ایک صلوات برابر ہزار حسنہ کے ہی۔	۳	شب و روز یاد خدا کرنا رزق کو زیادہ کرتی ہے اور دشمنون سے محفوظ رکھتی	۵
		آداب دعا۔	۵
شب و روز جمعہ مین جو کوئی صلوات بھیجے تو خدائے تعالیٰ اُس کی سنو حاجتین برلاتا ہے۔	۳	قبل دعا کے شکم کا حرام سے پاک رکھنا اور گناہون سے توبہ کرنا وغیرہ وغیرہ	۵
		قبولیت دعا کے لئے اوّل احکام خدا و رسول کے مطابق چلنا شرط ہی یعنی جمیع گناہون سے اجتناب کرنا۔	۹
جو شخص صبح کو وضو کرکے صلوات بھیجے تو وہ اُسکے والدین بخشے جائیں اور بوقت سونیکے دس مرتبہ صلوات بھیجے تو ثواب نمازگذارون کا عطا ہو اور حاجتین اُسکی برآئین اور جو شخص ابرُدن مین شانہ کرتے وقت صلوات بھیجے درد چشم مین مبتلا نہ ہو اور جو شخص پانچ سو مرتبہ روزانہ صلوات بھیجے ہرگز محتاج نہ ہو اور سفر و اُسکا دائمی اور دعا اُسکی مستجاب ہو۔	۴	طریق دعا۔	۹
		گناہ کے کرنے سے حاجت کا برنہ آنا	۱۰
		ارکان دعا چھ ہین۔	۱۰
		اسباب قبولیت دعا سے صلوات کا بھیجنا ہے۔	۱۱
		اوقات دعا۔	۱۱
		اجنحہ دعا صدق مقال	۱۲

مضامین متن	صفحہ
طریقہ صلوات بھیجنے کا مخصوص برائے ترقی رزق وقضائے حاجات۔	۴
طریقہ دویم ختم صلوات برائے قضائے حاجات۔	۵
تیسرا طریقہ صلوات کا برائے قضائے حاجات۔	۶
چوتھا طریقہ صلوات کا برائے قضائے حاجات ودفع بلیات وغیرہ۔	۶
پانچوان طریقہ صلوات کا برائے قضائے حاجات وادائے قرض۔	۷
جو شخص صلوات بھیجے خدائے تعالیٰ حاجت اُسکی برلائے۔	۸
جو شخص سجدۂ شکر مین تین مرتبہ صلوات بھیجے تو تین دن تک اُسپر کوئی گناہ نہین لکھا جاتا۔	۹
جو شخص ہزار مرتبہ صلوات نہ بھیجے نہ مرے جب تک بشارت بہشت کی دیجائے	۹
جو شخص ایک سَو مرتبہ صلوات بھیجے تو خدائے تعالیٰ ایک سَو حاجتین اُسکی برلاتا	۱۰

مضامین حاشیہ	صفحہ
قبل دعا کے اول مدح وثنا بارتیعالیٰ کی کرے اور اسمار بارتیعالیٰ کے پڑھے معہ دیگر احکام	۱۳
تفصیل اُن لوگون کی جنکی دعا مستجاب ہوتی ہی	۲۱
تفصیل اُن لوگون کی کہ جنکی دعا مستجاب نہین ہوتی۔	۲۸
اوقات استجابت دعا۔	۳۵
جائے استجابت دعا۔	۴۳
جائے عدم استجابت دعا۔	۴۵
فصل ۳۸ خواص اسمار حسنیٰ مین	۱۹۴
اسمار حسنیٰ معہ ترکیب وخواص دربارۂ قضائے حاجات وترقی رزق ومحفوظی از شرور وبلا وشفائے امراض و حصول تونگری ونزول رحمت پروردگار ومعزز ہونے نظر خلائق مین وصفائی قلب واطلاع براسرار ومحفوظی از ظلم ظالم وبرای روشنی قلب وبرائے تولد فرزند وبرائے ذلت اعدا وحصول معرفت بارتیعالی وحصول رفعت وعزت وبرائے قبولیت دعا وغیرہ وغیرہ	۱۹۵

مضامین متن	صفحہ
صلوات کا بھیجنا گناہونکو محو کرتاہے کہ جس طرح پانی آگ کو۔	۱۱
قصہ ایک شخص شرابخوار کا کہ بسبب صلوات کے بخشدیا گیا	۱۲
دعا مستجاب نہین ہوتی تاوقتیکہ صلوات نہ بھیجے۔	۱۳
اوّل صلوات بھیجکر جو دعا کرے مستجاب ہوتی ہے۔	۱۴
جو کوئی ایک مرتبہ صلوات بھیجے	۱۴
توخدائے تعالی اسپر ہزار مرتبہ صلوات بھیجتا ہے۔ اور ہزار صف ملائکہ کی اُسپر صلوات بھیجتی ہی اور جسپر خدا صلوات بھیجے ہرگز عذاب نہ کیا جائیگا	۱۴ و ۲۴
جو شخص بعد نماز صبح کے ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے آتش دوزخ سے محفوظ رہے۔	۱۵
جو کوئی صلوات نہ بھیجے تو درہائے آسمان اُس کے لئے کھولجاتے ہین اور دعا اوس کی مستجاب ہوتی ہے۔	۱۶

مضامین حاشیہ	صفحہ
طریقہ بھرنے نقوش چہار در چہار کا۔	۲۰۱
اسماء باری تعالی کو موافق اعداد نام کے پڑھنے کے طریقہ۔	۲۰۸
فصل ۸۴- اسم اعظم باریتعالی مین	۲۲۰
برائے قضائے حاجات واستجابت دعا	
فصل ۸۵- ادعیہ جناب انبیا وائمہ ع برائے قضائے حاجات	۲۳۹
دعائے جناب آدم ع۔	۲۳۹
دعائے جناب نوح ع۔	۲۴۰
دعائے جناب ادریس ع۔	۲۴۱
دعائے جناب ابراہیم ع۔	۲۴۱
دعائے جناب یعقوب ع۔	۲۴۲
دعائے جناب یوسف ع۔	۲۴۳
دعائے جناب ایوب ع۔	۲۴۵
دعائے جناب موسیٰ ع۔	۲۴۵
دعائے جناب یوشع بن نون ع۔	۲۴۶
دعائے جناب خضر والیاس ع۔	۲۴۶

مضامین متن	صفحہ
جو شخص ہر روز و شب صلوات نہ بھیجے شفاعت جناب رسولخدا ص کی اُسکے لئے واجب ہوتی ہے۔	۱۷
صلوات بھیجنے کی وجہ سے ایک۔ فقیر کا تونگر ہونا۔	۱۹
ایک قصہ زن زانیہ کا کہ بسبب صلوات کے بخشدی گئی۔	۲۰
جو شخص ایک مرتبہ صلوات بھیجے تو اُسپر وہ فرشتہ کہ جس ہر فرشتہ کے سو ہزار سر ہین اور ہر سر مین سو ہزار موہنہ اور ہر موہنہ مین سات سو ہزار زبان ہین استغفار کرتے ہین تا بہ قیامت۔	۲۲
قصہ اُس فرشتہ کا کہ جو قطرات باران پر مامور ہے جب صلوات پندرہ مرتبہ بھیجی جائے تو اُسکے حساب سے فرشتہ مذکور عاجز ہے۔	۲۴
ثواب صلوات بوقت احتضار و موت کے بھیجنے کا۔	۲۵
جو شخص ایک مرتبہ صلوات بھیجے تو اُسپر ملائکہ ہفت آسمان کا صلوات بھیجنا۔	۲۵

مضامین حاشیہ	صفحہ
دعائے جناب خضر ع۔	۲۴۶
دعائے جناب یونس بن متی ع۔	۲۴۷
دعائے جناب ہود ع۔	۲۴۸
دعائے جناب داؤد ع۔	۲۴۹
دعائے جناب سلیمان ع۔	۲۴۹
دعائے جناب آصف ع۔	۲۴۹
دعائے جناب عیسیٰ ع۔	۲۵۰
دعائے جناب محمد مصطفےٰ ص۔	۲۵۱
دعائے جناب امیر ع۔	۲۵۳
دعائے جناب فاطمہ ع۔	۲۵۶
دعائے جناب امام حسن ع۔	۲۵۶
دعائے جناب امام حسین ع۔	۲۵۷
دعائے امام زین العابدین ع۔	۲۵۸
دعائے جناب امام محمد باقر ع۔	۲۵۸
دعائے جناب امام جعفر صادق ع۔	۲۵۹
دعائے جناب امام موسی کاظم ع۔	۲۵۹
دعائے جناب امام محمد تقی ع۔	۲۶۰
دعائے جناب امام علی نقی ع۔	۲۶۱
دعائے جناب امام حسن عسکری ع۔	۲۶۱
دعائے جناب امام مہدی ع۔	۲۶۲

مضامین متن	صفحہ
قصہ دو بھائیون کا کہ جنھون نے باہم موئے مبارک جناب رسولخدا ص ایک دوسرے کو ترکہ دیکر لئے اور بسبب صلوات کے جو مراتب برادر خرد کو حاصل ہوے اُنکا ذکر۔	۲۷
دعائے عطسہ یعنے چھینک۔	۲۹
قصہ ایک فرشتہ کا کہ جسکے پر بعدد ہمہ خلائق ہین کہ اُسکے ہر پر کے قطرہ سے فرشتہ پیدا ہوتا ہی کہ وہ تا قیامت صلوات بھیجنے والے کے استغفار کرے۔	"
قصہ ایک فرشتہ کا کہ جو عذاب مین مبتلا تھا بسبب بھیجنے صلوات کے وہ عذاب دور ہوا۔	۳۲
جو شخص قبل دعا کے صلوات بھیجے پھر دعا کرے پھر صلوات بھیجے تو وہ دعا مستجاب ہے	۳۴
ایک مرتبہ صلوات کا بھیجنا فرشتہ کی تیس ہزار برس کی عبادت سے افضل ہے۔	۳۵
صلوات کا بذریعۂ فرشتہ کے روضۂ جناب رسولخدا ص مین پہونچنا۔	۳۶

مضامین متن	صفحہ
قصہ اس فرشتہ کا کہ جسکے ہزار ہاتھ ہین اور ہر ہاتھ مین ہزار انگلیان وغیرہ وغیرہ ہین اور تمام اشجار و موجودات عالم کے حساب پر مامور ہے۔	۳۷
پھر جناب حوا ع دس مرتبہ صلوات کا بھیجنا باریتعالیٰ نے جناب آدم ع پر مقرر فرمایا۔	۳۸
قصہ مرغ صلوات کا اور اُس کے پرون سے جسقدر قطرات ٹپکتے ہین ہر قطرہ سے فرشتہ پیدا ہونا اور اُسکا استغفار کرنا تا قیامت صلوات بھیجنے والے پر۔	۳۹
جو شخص ایک مرتبہ صلوات بھیجے اُسپر ایک دروازہ عافیت کا کشادہ ہوتا ہی۔	۴۲
صلوات کا ایک فرشتہ کو روضہ جناب رسولخدا ص مین پہونچانا اور ہر حرف سے ایک ایک فرشتہ کا پیدا کرنا۔	۴۴
قصہ ایک شخص کا کہ جو بوقت موت بسبب روگردانی علما و فقہا سے کرنے مین سیاہ رو ہوگیا بالآخر بسبب صلوات کے بخشا گیا۔	۴۶

مضامین متن	صفحہ
چار رکعت نماز خواب مین میت کو دیکھنے کے لیے۔	۴۶
ثواب وقت پانی پینے کے صلوات جناب امام حسین ع بھیجنے کا۔	۴۷
باب پچاسوان ادعیہ شب شنبہ مین	۴۸
باب اکیاون ادعیہ شب یکشنبہ مین	۵۰
باب باون ادعیہ شب دوشنبہ مین	۵۳
باب ترپین ادعیہ شب سہ شنبہ مین	۵۶
باب چون ادعیہ شب چہارشنبہ مین	۵۸
باب پچپن ادعیہ شب پنجشنبہ مین	۶۱
عمل برائے قضائے حاجت بہ شب پنجشنبہ	۶۴
باب چھپن در اعمال و ادعیہ وقت خواب	۶۵
باوضو یا باتیمم سونا۔	۶۵
بعد نماز عشا کے شب نشینی مذموم ہے بسبب اسکے کہ شاید برائے نماز شب آنکھ نہ کھولے۔	۶۵
طلوع صبح صادق سے تا طلوع آفتاب سونا نحس ہے۔	۶۵
وقت سونے کے دس مرتبہ صلوات بھیجنے کا ثواب۔	۶۶
بوقت خواب جو کوئی تین مرتبہ استغفار مندرجہ نمبر ۵ رکھے تو خدا تعالی تمام گناہ اُسکے بخشدے۔	۶۶
جو کوئی بوقت خواب کے تین مرتبہ دعائے مندرجہ نمبر ۶ کو پڑھے گناہون سے پاک ہو۔	۶۶
جو کوئی وقت خواب کے دعائے مندرجہ نمبر ۷ پڑھے گویا ہزار رکعت نماز پڑھی۔	۶۷
جو کوئی بوقت خواب سورۂ واقعہ پڑھے فقر و فاقہ سے ایمن ہو۔	۶۷
دعا مندرجہ نمبر ۸ برائے حفاظت خود و اہل و عیال و مال۔	۶۷

مضامین متن	صفحہ
بوقت خواب کے جو کوئی تین تین مرتبہ سورۂ توحید و معوذتین پڑھے گناہون سے پاک ہو۔	٦٨
جو کوئی وقت خواب آیۂ شہد اللہ پڑھے تو خدائے تعالیٰ ستر ہزار فرشتہ پیدا کرے کہ وہ اُسکے لئے استغفار کرین۔	٦٨
جو کوئی گیارہ مرتبہ سورۂ قدر کو پڑھے اُس سے ایک نور پیدا ہوا اور نیز فرشتے کہ وہ اوس کے لئے استغفار کرین۔	٦٨
جو کوئی دعائے مندرجہ نمبر ۱۱ پڑھے تو خدائے تعالیٰ اُسکی حفاظت کریگا چور سے و مکان کے نیچے دب جانے سے۔	٦٩
جو کوئی دعائے مندرجہ نمبر ۱۲ پڑھے ہزار گناہ محو ہون۔	٦٩
بوقت خواب ثواب سورۂ توحید کے پڑھنے کا اور نیز دعائے مغفرت وغیرہ۔	٧٠
اعمال برائے دفع ضعف بصر بوقت خواب۔	٧١
فضیلت سرمہ لگانے کی۔	٧٢

مضامین متن	صفحہ
بوقت خواب آیۃ الکرسی کا پڑھنا فالج سے محفوظ رکھتا ہے۔	٧٢
ادعیہ بوقت خواب برائے حفاظت وغیرہ و محفوظی از عقرب و جانوران گزندہ۔	٧٢
دعا برائے دفع احتلام۔	٧٤
اعمال برائے دفع بدخوابی۔	٧٤
ادعیہ برائے دفع زیادتی نوم۔	٧٥
بوقت خواب اسماء حسنیٰ۔	٧٥
عمل خواب سے بیدار ہونے کے لئے۔	٧٦
عمل دفع نحوست خواب بد۔	٧٧
عمل میت کو خواب مین دیکھنے کا۔	٧٨
عمل والدین کو یا کسی انبیا یا معصومین علیہم السلام کو خواب مین دیکھنے کے لئے	٧٩
عمل برائے امر دشوار و دفع بیماری۔	٨٠
عمل برائے اطلاع امر نیک و بد۔	٨١
عمل خواب مین مرض کی دوا معلوم ہونے کے لئے۔	٨١
عمل خواب مین دیکھنے کے لئے کہ فلان کام ہوگا یا نہین۔	٨١
اعمال خواب مین جناب رسولخدا کو دیکھنے کے	٨٢

مضامین متن	صفحہ
عمل خواب مین جناب امیر ع کو دیکھنے کے لئے۔	۸۲
نماز جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھنے کے لئے معہ ثواب نماز عبہر۔	۸۳
دعا بوقت سونے کے جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھنے کے لئے۔	۸۳
نماز جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھنے کے لئے۔	۸۵
عمل جناب ائمہ ع کو خواب مین دیکھنے یا اپنے مقام کو جنت مین دیکھنے کا۔	۸۵
دعا اپنے مقام کو جنت مین دیکھ لینے کی	۸۶
جو کوئی سورۂ مزمل کو پڑھے عسرت اُس سے دفع ہوگی اور جو کوئی اس سورہ پر مداومت کرے جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھے گا۔	۱۷
عمل سخت مہم سے بچ جانے کے لئے یا اپنی حاجت کا علاج یا دوا بیماری کی معلوم ہونے کے لئے۔	۸۷
انجام کار معلوم ہونے کے لئے۔	۸۷
عوذہ خواب مین ڈرنا موقوف ہونے کے لئے	۸۸

مضامین متن	صفحہ
استغفار جناب امام حسین ع برائے دفع عسرت وحصول توانگری بوقت سونے کے۔	۸۸
باب ستاون فضیلت عبادت شب واعمال ونماز شب مین	۹۲
فضیلت وثواب عبادت شب	۹۲
مدح القائمین فی اللیل۔	۹۲
ایک فرشتہ کا ندا کرنا ہر شب کہ کسی کی کوئی حاجت ہے یا کوئی زیادتی رزق کے لئے دعا کرتا ہے کہ خدائے تعالیٰ اُسکو برلائے۔	۹۵
باریتعالیٰ نے دنیا کو حکم دیا کہ جو کوئی تجکو طلب کرے اُسکو تھکا اور جو کوئی تجکو چھوڑے اُسکی تو خدمت کر اور جو شخص شب مین مناجات کرتا ہے خدائے تعالیٰ اُس کے قلب مین نور قائم کرتا ہے۔	۹۵
فضیلت نصف شب۔	۹۶
عمل دعائے سہم اللیل بوقت نصف شب	۹۸
شیعہ وہ ہین کہ جنکے چہرہ پر نشان عبادت کا ہو معہ کثرت عبادت ودیگر شناخت۔	۹۸

مضامین متن	صفحہ
نماز برائے قضائے حاجت	١٠٠
نماز برائے قضائے حاجت آخر شب مین قبل نماز شب کے۔	١٠١
نماز سریع الاجابت قبل نماز شب۔	١٠٢
نماز برائے قضائے حاجت قبل نماز شب	١٠٣
نماز جسکے سجود مین چالیس مومنین کے لیئے دعائے مغفرت ہی قبل نماز شب کے برائے قضائے حاجات وقت نماز شب۔	″
	١٠٤
جو کوئی نماز شفع و وتر و نافلہ صبح کو یعنے صبح کاذب مین بجا لائے تو خدا تعالیٰ اُسکو ثواب نماز شب کا عطا فرماتا ہے۔	ء
ثلث شب آخر مین باری تعالےٰ فرماتا ہے کہ کوئی اسوقت حاجت کا طلب کرنے والا ہے کہ اُسکی حاجت بر لاؤن۔	١٠٥
حکم نماز شب بعد نماز عشا کے ادا کر لینے کا۔	١٠٦
ہدایت برائے عادت ادائے نماز شب۔	١٠٧
جو شخص ایک شب عبادت خدا مین بسر کرے گناہون سے پاک ہو۔	١٠٦

مضامین متن	صفحہ
جھوٹ کا بولنا نماز شب سے محروم کر دیتا ہے۔	١٠٨
فضیلت نماز شب یعنی نماز تہجد معہ شفع و وتر۔	١١١
جو شخص نماز شب سے محروم ہے بخشش گناہان سے محروم ہے	١١٥
نماز شب رزق مین وسعت دیتی ہے۔	١١٧
جو شخص نماز شب پڑھے تو ہزار حاجتین اُسکی باریتعالیٰ بر لاتا ہے۔	١١٨
نماز شب پڑھکر اُٹھنے نہ پائیگا کہ خدائے تعالیٰ پچاس سال کے گناہ گذشتہ اور پچاس سال کے گناہ آیندہ بخشدیگا	١١٩
نماز شب غضب خدا کو ساکن کرتی ہے۔	١٢٣
ادعیہ اسوقت نصف شب	١٢٣
مذمت کثرت نوم۔	١٢٣
بات چیت جناب یحییٰ ع کی شیطان سے سیر ہو کر کھانے مین	١٢٣
زیادہ سونا بروز قیامت فقیر کر دیگا۔	١٢٤

مضامین تتن	صفحہ
تین امور باعث غصّہ باریتعالیٰ ہین	۱۲۵
بغیر شب بیداری کے دن مین سونا اور بغیر تعجب کے بات پر ہنسنا اور پیٹ بھرے پر بھی کھانا۔	
دعا قبل نماز شب۔	۱۲۶
خدائے تعالیٰ زیادہ سونے اور زیادہ بیکار رہنے کو ناپسند کرتا ہے۔	۱۲۶
نفس کو زیادہ سونا اور زیادہ کھانا خراب کر دیتا ہے۔	۱۲۶
تعداد رکعات نماز شب وکیفیت نماز شب۔	۱۲۷
طریقہاے اداے نماز شب مثل طریقہ	
نماز جعفر طیار وجناب رسولخدا ص وجناب فاطمہ ع وجناب امیر ع۔	۱۲۷
دعاے قنوت نماز شب۔	۱۲۹
دعا مخصوص براے ترقی رزق بدو رکعت اول نماز شب	۱۳۰
دعا براے عافیت بدو رکعت اوّل نماز شب	۱۳۰
دعا براے دفع دشمن بدو رکعت اول نماز شب۔	۱۳۱

مضامین تتن	صفحہ
ادعیہ بعد ہر دو رکعت نماز شب۔	۱۳۱
ادعیہ بعد آٹھ رکعت نماز شب۔	۱۳۴
دعاے سہم اللّیل بعد نماز شب معہ قصّہ وزیر ملک جلال الدّولہ۔	۱۳۶
سجدۂ شکر بعد نماز شب معہ ادعیہ سجدۂ شکر۔	۱۳۸
نماز شفع۔	۱۳۹
نماز وتر معہ کلمات فرج۔	۱۴۰
افضل وقت براے نماز شفع و وتر۔	۱۴۰
نماز وتر مین قنوت استغفار ہے اور نماز واجبہ مین قنوت دعا ہے۔	۱۴۲
ادعیہ در قنوت نماز وتر۔	۱۴۳
دعاے طموح الآمال براے دفع فقر وعسرت وہم وغم۔	۱۴۸
تسبیح فاطمہ وادعیہ بعد نماز وتر۔	۱۴۹
دعاے حُزن معہ فضائل وثواب۔	۱۴۹
سجدۂ شکر معہ ادعیۂ سجدۂ شکر بعد نماز وتر۔	۱۵۱
تمجید باری تعالیٰ آخر شب مین قبل طلوع صادق۔	۱۵۲

مضامین متن	صفحہ
آخر شب مین زیر آسمان سَو مرتبہ یَا وَهَّابُ کہنا فقر کو دور کرتا ہی۔	۱۵۳
آخر ثلث شب جمعہ مین پندرہ(۱۵) مرتبہ سورۂ قدر پڑھکر جو دعا کرے مستجاب ہے۔	۱۵۳
آخر شب مین نزدیک بہ صبح صادق سورۂ طٰہٰ کا پڑھنا رزق کو زیادہ کرتا ہے معہ سورۂ طٰہٰ۔	۱۵۳
دعاے مجیر بعد نماز شب۔	۱۵۹
دعا بعد نماز شب باعتراف ذنوب از صحیفۂ کاملہ۔	۱۶۳
عمل آیۂ اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ براے ترقی رزق بعد نماز شب قبل طلوع صبح صادق۔	۱۶۷
بوقت سحر یعنی آخر شب مین دو رکعت نماز براے تونگری۔	۱۶۸
فضیلت استغفار بوقت سحر	۱۶۸
جو شخص بوقت سحر ستر مرتبہ استغفار کرے آیہ والمستغفرین بالاسحار مین داخل ہے۔	۱۷۰

مضامین متن	صفحہ
استغفار سے فقر و تنگدستی دور ہوتی ہے	۱۷۴
استغفار سے گناہ اسطرح گرتے ہین کہ جس طرح پتہ درخت سے۔	۱۷۴
وقت نافلۂ صبح۔	۱۸۰
حساب سبات کا کہ مابین طلوع صبح صادق و طلوع آفتاب کے کتنا فرق ہوتا ہے۔	〃 ۱۸۰
نافلۂ صبح۔	۱۸۱
اذان براے نماز صبح	۱۸۱
دعا بہ سجود نافلۂ صبح براے ترقی رزق	۱۸۱
بوقت سحر عمل یا باسط کا براے ترقی رزق۔	۱۸۲
طریقہ ختم یا باسط	۱۸۲
ادعیہ بعد نافلہ صبح	۱۸۲
استغفار بعد نافلہ صبح مخصوص براے ترقی رزق	۱۸۴
بعد نافلہ صبح کے گیارہ مرتبہ سورۂ توحید اور ایک سو مرتبہ دعا مندرجۂ متن اور ایک سو مرتبہ صلوات براے ترقی رزق و معیشت	۱۸۵
دعا بعد نافلہ صبح براے ترقی رزق و فقر۔	۱۸۵

مضامین متن	صفحہ
بعد نافلۂ صبح کے سجدۂ شکر معہ دعائے سجدۂ شکر جسمیں چالیس مومنین کے لئے دعائے مغفرت کا حکم ہے۔	۱۸۷
ادعیہ سجدۂ شکر بعد نافلۂ صبح۔	۱۸۸
دعا بوقت طلوع صبح صادق۔	۱۸۹
دعائے صباح معہ فضیلت وثواب وخواص۔	۱۹۰
دعائے مشلول معہ فضیلت وثواب وخواص۔	۱۹۳
نود نہ نام باریتعالیٰ۔	۲۰۵ و ۲۱۰
چہل اسماء ادریسی	۲۱۲
طریقہ ختم چہل اسماء ادریسی۔	۲۱۲
خواص بعض اسماء چہل ادریسی براے ترقی رزق وتونگری وصیحت مرض وعزت ورفعت وادائے قرض۔	۲۱۳

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان
این کتاب فیض انتساب حاوی اذکار و احکام جناب رسول خدا و ائمہ ہدیٰ
علیہم التحیۃ والثنا موثق بتوثیق علماء مجتہدین ادام اللہ ابقاہم موسوم بہ
زاد الصالحین
حصہ ششم
از تالیفات جناب مستطاب مبادی آداب شریعت مآب الاعلم الاکرم الافہم جامع کمالات
منبع حسنات جناب آقا مولوی سید محمد تقی صاحب سلمہ اللہ الواہب
مطبع منشی نولکشور لکھنؤ میں طبع مزین مقبول جہان ہوا
(حق تالیف محفوظ ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب پنچاسوان فضائل صلوات مین

(۱)۔ ہر چیز کا ایک موسم بہار کا ہی جیسے تلاوت قرآن شریف ماہ رمضان المبارک مین اسی طرح بہار صلوات کی شب جمعہ کو ہی اور اسکی فضیلت تمام اعمال سے زیادہ تر ہی اور فضیلت مین شب و روز جمعہ ایک سان ہی۔

(۲) حدیث۔ از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جب شب جمعہ ہوتی ہی نازل ہوتے ہین آسمان سے ملائکہ بعدد ذرات ہوا یا بعدد چونٹیون کے اور طلائی قلم اور نقرئی تختیان اُنکے ہاتون مین ہوتی ہین اور نہین لکھتے روز شنبہ تک مگر صلوات محمدؐ و آل محمدؐ کو پس اس شب و روز مین بہت صلوات بھیجو اور فرمایا سُنت مؤکدہ ہی کہ ہر روز جمعہ کو ہزار مرتبہ صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجے اور دنون مین سَو مرتبہ۔

فصل (۸۲) کیفیت و فضیلت و آداب و اوقات و جائے استجابت دعا و تفصیل اشخاص استجابت و عدم استجابت دعا وغیرہ

(۱) کیفیت و فضیلت دعا۔

(۲)۔ خدائے تعالیٰ سورۂ مؤمن مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے فرماتا ہی اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ یعنے دعا کرو تم مجھ سے مین قبول کرونگا۔

(۳) سورہ بقر مین مابین رکوع ۲۲ و ۲۳ کے باری تعالیٰ فرماتا ہی وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ یعنے جسوقت پوچھین تجھ سے (اے محمدؐ) بندہ میرے میرے حال کو (کہ مین کس طرح دعا کرنے والون کی

(۳) حدیث - کتاب مقنعہ جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ - فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ صدقہ شب و روز جمعہ مین مقابل ہزار نماز کے ہی اور صلوات محمدؐ اور آل محمدؐ پر برابر ہزار حسنہ کے ہی اور خدائے تعالی صلوۃ کے کہنے سے ہزار گناہ محو کرتا ہی اور ہزار درجہ بلند کرتا ہی -

(۴) حدیث - فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ مجھپر بہت صلوات بھیجو شب و روز نورانی جمعہ مین اقلاً سو مرتبہ تا کہ موںہہ تمھارا بروز قیامت نورانی ہووے -

(۵) حدیث - فرمایا ائمہ ؑ نے کہ جو شخص شب و روز جمعہ مین صلوات بھیجے حق تعالی سَو گناہ اُسکے محو فرماتا ہی اور دوسری حدیث مین ہی کہ سَو حاجتین اُسکی برلاتا ہی اور ایک ملک اُسپر مؤکل کرتا ہی کہ بوقت دفن اُسکو بشارت دے اور اگر ہزار مرتبہ صلوات بھیجے نہ مرے جبتک اپنی جگہہ بہشت مین نہ دیکھ لے اور بحدیث دیگر بشارت دیوین فرشتہ اُسکو بہشت کی -

(۶) حدیث - فرمایا جناب امام محمد باقر ؑ نے کہ کوئی عمل شب و روز جمعہ مین بہتر نہین ہی محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھیجنے سے -

(۷) حدیث - فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ جو کوئی بروز جمعہ سَو مرتبہ مجھپر صلوات بھیجے حق تعالی ساٹھ حاجتین اُسکی برلاتا ہی تیس ۳۰ حاجتین دنیا کی اور تیس ۳۰ آخرت کی -

(حاشیہ صفحہ ۳۳) دعا کو سن لیتا ہون یا دعا کے وقت مین اُسنے کسقدر قریب یا بعید ہون کہدو اُن سے) پس تحقیق مین نزدیک ہون قبول کرتا ہون دعا دُعا کرنے والے کی جسوقت کہ پکارے مجھے پس چاہئیے کہ قبول کرین میرے حکم کو (یعنے میرے حکم کے مطابق چلین) جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ دیکھا گیا ہی کہ لوگ دعا کرتے ہین مگر قبول نہیں ہوتی پس معنی اُجِیبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ کے کیا ہین ہم کہتے ہین کہ اُسنے شرائط دعا مین خلل ڈالا ہی (یعنے شرائط دعا بجا نہین لایا) مثل اسکے کہ آداب دعا کو بجا نہین لایا ہی اور نیت اُسکی درست نہین تھی اور نیز اور شرائط دعا کو بھی بجا نہین لایا یا یہ کہ ایسے امر کا سوال کیا ہی کہ جو ظاہراً اُسکے حق مین بہتر تھا مگر باطناً فساد اُسکے حق مین ہوتا پس اگر حق تعالی اُسکی دعا کو بہ تعجیل قبول فرماتا البتہ وہ شخص ہلاک ہوتا (یا یہ کہ اُس

(۸) حدیث - فرمایا جناب رسالت مآب صلعم نے کہ جو شخص ہر صبح کو وضو کر کے صلوات مجھپر بھیجے وہ اور اُسکے والدین بخشے جاوین اور جو شخص سوتے وقت دس مرتبہ صلوات بھیجے ثواب نماز گذارونکا اُسکو ملتا ہی اور مہمات وحاجتین اُسکی برآتی ہین اور جو شخص دونون ہر روز ن مین شانہ کرتے وقت سات مرتبہ مجھپر اور میری آل پر صلوات بھیجے اُسکی آنکھین ہرگز درد چشم مین مبتلا نہ ہووین اور جو شخص مجھپر ہر روز پانچ سَو مرتبہ صلوات بھیجے ہرگز محتاج نہ ہووے اور گناہ اُسکے برطرف ہووین اور سرور اُسکا دائمی اور دعا اُسکی مستجاب ہو اور آرزوئین اُسکی برآوین اور رفقاے جناب رسالت مآب صلعم سے ہووے۔

(۹) طریقۂ صلواۃ مخصوص برائے ترقی رزق وقضاے حاجات

جناب اعلم العلماء الماہرین وافضل الفضلاء المتبحرین حجۃ الاسلام مولانا ومقتدانا جناب شیخ محمد صاحب مدظلہ العالی بن الشیخ زین العابدین الحائری المازندرانی اعلی اللہ مقامہ نے مجھ سے فرمایا کہ مخصوص براے قضاے حاجات وترقی رزق طریقہ صلوات کا مجرب ہی مین اسکی تمکو اجازت دیتا ہون مگر تم عام لوگون کو تعلیم نہ کرنا یہ ارشاد فرماکر فرمایا کہ شب جمعہ اول سے شروع کرے اختیار ہی شب جمعہ مین کسی نماز کے بعد

(حاشیہ صفحہ ۴) دعا کے قبول ہونیکا نتیجہ ہی اُسکے حق مین بُرا نکلتا مثلاً ایک شخص حالت عُسرت مین ہی اور اُسنے دعا واسطے غنی و دولت مندی کے کی اور خدا نے اسکو غنی و دولت مند کر دیا اسکے بعد وہ شخص مرتکب کبائر ہونے لگا مثل اسکے کہ شراب وغیرہ پینے لگا اور زنا وغنا وغیرہ مین مبتلا ہوا تو اوس دولت مندی سے اُس شخص کے لیے وہی حالت عُسرت بہتر تھی پس خداے تعالی اپنے بندۂ مؤمن کی اُس دعا کو قبول فرماتا ہی کہ جسکا نتیجہ اُسکے حق مین بہتر نکلے)۔

(۴) حدیث - از مصباح کفعمی - خلاصہ حدیث کا یہ ہی کہ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ دعا مفاتیح نجاح اور مقالید فلاح ہی اور بہترین دعا وہ ہی کہ جو صادر ہو سینہ پاک اور قلب پاک سے۔

من مؤلف - قلب پاک سے مراد وہ قلب ہی کہ جو غذاے حرام ونجس سے پاک ہو یعنے غذاے

مقرر کرے شب جمعہ مین اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ایک ہزار مرتبہ کہے اور بروز جمعہ کسی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پھر شب شنبہ مین پانچ سو مرتبہ اور بروز شنبہ پانچ سو مرتبہ اسیطرح ہر شب جمعہ اور بروز جمعہ ہزار ہزار مرتبہ اور باقی ایام کے شب و روز مین پانچسو مرتبہ پڑھے جو وقت اول دن شروع کرے وہ وقت ضایع نہ کرے یہ عمل کئی مرتبہ کا میرا آزمودہ ہی اور مجربات صحیحہ سے ہی اسپر مداومت کرنے سے چند ہی ہفتہ مین اسکا اثر ظاہر ہوجاتا ہے بعد ختم درود شریف کے سجدہ مین جاکر دعا طلب کرے مین نے اسکو شب مین بعد نماز مغرب کے اور دن مین بعد نماز ظہر کے مداومت مین رکھا ہی۔

(۱۰) دوسرا طریقہ یہ ہی جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے قضاے حاجات عظیمہ کے یہ طریقہ صلوٰۃ جملہ ختوم ہاے مجربہ سے ہی طریقہ یہ ہی کہ دل مین نیت کرے یا زبان سے کہے کہ خداوندا فلان حاجت میری فلان روز تک برآوے یا فلان بیمار فلان روز تک صحت پاوے تو چودہ ہزار مرتبہ یا چودہ سو مرتبہ درود شریف پڑھکر ثواب اسکا امام موسی کاظم ع کو ہدیہ کرون پس جب مطلب پورا ہو تو اپنی نذر کو پورا کرے کہ واجب ہی اور تارک اُسکا ملعون ہی یہ ختم میرا آزمودہ ہی اور خصوصًا واسطے شفاے امراض کے حکم کیمیا کا رکھتا ہی۔

(حاشیہ صفحہ ۵) حرام و نجس کا اُسمین اثر نہ ہو اور اپنی حرص سیاہی گناہان کبیرہ سے پاک ہو قلب کی طہارت یہ ہی کہ گناہون سے اجتناب کرے اور غذاے حرام و نجس و مشتبہ بہ حرام و نجس سے بھی پرہیز رکھے تاکہ قلب پاک رہے کہ جیسا باب طہارت باطنیہ مین طہارت قلب کی تحریر ہو چکی ہی۔

(۵) حدیث۔ ایضًا فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ آیا مین تمکو تعلیم کرون ایسی چیز کہ تمہارے رزق کو بہت کرے اور تمکو نجات دے دشمنون سے عرض کیا ارشاد فرمائیے پس فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ شب و روز تم اپنے خدا کو یاد کرو پس بہ تحقیق کہ سلاح مؤمن دعا ہی۔

(۶) حدیث۔ خلاصہ حدیث کا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ بدرستیکہ دعا رد کرتی ہی قضا کو۔

(۷) آداب دعا۔ جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ قبل دعا کے پاک رکھنا شکم کا حرام سے ہی

(۱۱) **تیسرا طریقہ** یہ ہی یہ طریقہ جناب شیخ بہاء الدین عاملی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جو حاجت ایسی ہو کہ کسی جگہ سے حل نہ ہوتی ہو پس روز جمعہ ہو تو بہتر ہی ورنہ جسدن چاہے بجالاوے پس جنگل مین جائے اور زمین پر رو بقبلہ بیٹھے اول مثل قبر کے زمین پر نشان کھینچے اس طرح پر ▢ درمیان کے دائرہ کو قبر جناب رسولخدا اپنے دل مین قرار دیوے بعد ازان ایک ہزار اور ایک مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اور بعض نے لکھا ہی کہ زمین پر چھوٹی سی ایک قبر مٹی کی مثل قبر کے اونچی بناوے بعد ازان ایک ہزار اور ایک مرتبہ درود مذکور کو پڑھے بعد ازان جو حاجت ہو طلب کرے مستجاب ہی۔

(۱۲) **چوتھا طریقہ**۔ جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ یہ طریقہ ختم صلوات کا براے قضاے حاجات عظیمہ و دفع بلیات و محفوظی مکرہاے دشمنان و برآنے مقاصد و مطالب کے مجرب ہی اثناء ختم مین یا اُسی ہفتہ مین بعد اتمام ختم کے حاجت برآتی ہی اور باری تعالیٰ اُس حاجت کو برلاتا ہی یہ ختم دو ہفتہ کا ہی روز جمعہ سے شروع کرے پس بروز جمعہ ایک ہزار مرتبہ صلوات یعنے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہکر ثواب اُسکا جناب محمد مصطفیٰ ص کو بخشے بعد ازان سجدہ مین جاکر جو حاجت ہو طلب کرے اسیطرح بروز شنبہ

(حاشیہ صفحہ ۶) (حدیث مین آیا ہی کہ جو شخص غذاے حرام کھائے اُسکی کوئی دعا و عبادت قبول نہین ہوتی) اور گرسنہ ہونا اور با صوم ہونا اور تجدید توبہ کرنا (یعنے اول توبہ با شرائط کرے اُسکے بعد دعا طلب کرے) اور جسم اور کپڑہ کا طاہر ہونا اور انگشتری فیروزہ کی یا عقیق یمنی سرخ کی ہاتھ مین رکھنا اور استعمال بوئے خوش کا کرنا اور تصدق دینا اور مسجد مین جانا واسطے دعا کے اور رو بقبلہ بیٹھنا اور اعتقاد خدا پر اجابت دعا کا رکھنا اور حسن ظن خدا پر کرنا اور مومنین صالح کا جمع کرنا واسطے دعا کرنے کے پس جب تین برادران مومن صالح جمع ہون ایسے کہ جنکا انجام بد نہ ہو (یعنے بسبب اعمال بد کے اُنکا انجام بد نہ ہو) جب یہ دعا کرین تو حق تعالیٰ انکی دعا کو قبول کریگا اور جو سوال کرین گے اُنکو عطا کریگا اور جب چار برادران مومن جمع ہوکر دعا کرین تو وہ متفرق نہین ہونے پائینگے کہ دعا مستجاب ہوگی

ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھکر ثواب اُسکا جناب امیرؑ کو ہدیہ کرے اور بروز یکشنبہ ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھکر ثواب اُسکا جناب فاطمہ صلوات اللہ علیہا کو ہدیہ کرے اور بروز دوشنبہ ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھکر ثواب اُسکا جناب امام حسنؑ کو ہدیہ کرے اسی طرح ہر روز ایک ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھکر ثواب اُسکا ایک ایک امیہ کو ہدیہ کرے یہانتک کہ چودھوین دن ایک ہزار مرتبہ صلوات پڑھکر جناب صاحب امرؑ کو ہدیہ کرے اور ہر روز بعد ہدیہ صلوات کے سجدہ مین جاکر دعا طلب کرے دو ہفتہ نہین گذرتے کہ خدا تعالیٰ اُس حاجت کو برلاتا ہی بشرطیکہ حاجت مشروع ہو مجربات صحیحہ سے ہی۔

(۱۳) **پانچوان طریقہ** جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے جس مطلب اور حاجت کے اس ختم کو پڑھے خدائے تعالیٰ اُس مطلب کو پورا کرتا ہی اور حاجت کو برلاتا ہی دو ماہ پے درپے اسکو بجالاوے واسطے قضائے حوائج عظیمہ و ادائے قرض کے جملہ مجربات صحیحہ سے ہی شب جمعہ سے شروع کرے اول غسل کرے پھر اور شبون مین غسل کی ضرورت نہین ہی پس شب جمعہ کو بعد غسل کے ایک ہزار مرتبہ کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور شب شنبہ کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اور شب یکشنبہ کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی فَاطِمَۃَ اور شب دوشنبہ کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحَسَنِ

(حاشیہ صفحہ) (مومنین صالح سے وہ مومن مراد ہین کہ جو گناہان کبیرہ سے اجتناب کرتے ہون اور صغیرہ پر اصرار نکرتے ہون اور غذائے مشتبہ بہ حرام ونجس سے بھی پرہیز رکھتے ہون)

(۸) - جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین جو امور حالت دعا مین ہونا چاہیئے وہ یہ ہین کہ دعا مین جلدی نہ کرے اور نیت خالص رکھے اور حاجت کا نام لے اور اسرار دعا سے یہ ہی کہ دوسرے مومنین کو بھی اپنے حاجت کے طلب کرنے مین شریک کرے اور درگاہ باریتعالیٰ مین خضوع و خشوع (یعنے عاجزی) کرے اور روئے اگر نہ ہوسکے تو رونے والون کی صورت بنائے اور قلب کو خدا کی جانب متوجہ رکھے اور گناہون کا اقرار کرے اور شرمندہ ہو اپنے گناہون پر اسطرح پر کہ آنکھون سے آنسو جاری ہون اور خیال کرے کہ ایک دن وہ تھا کہ مین نے ارتکاب کبائر مین کچھ خوف خدا کا نہین کیا اور ایک دن یہ ہی

اور شب سہ شنبہ کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحُسَیْنِ اور شب چہار شنبہ کو ایک ہزار مرتبہ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ اور شب پنجشنبہ کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اور شب جمعہ دویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ
اور شب شنبہ دویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُوْسَی ابْنِ جَعْفَرٍ اور شب یکشنبہ
دویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ ابْنِ مُوْسٰی اور شب دوشنبہ دویم کو اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اور شب سہ شنبہ دویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ
ابْنِ مُحَمَّدٍ اور شب چہار شنبہ دویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی حَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ
اور شب پنجشنبہ دویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحُجَّۃِ ابْنِ الْحَسَنِ اور شب
جمعہ سویم کو ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْعَبَّاسِ الشَّہِیْدِ ۔

(۱۴) - از لمعات الانوار فرمایا جناب رسالت مآب ؐ نے کہ جو شخص مجھپر صلوات بھیجے
خدائے تعالیٰ حاجت اُسکی برلاوے اور جو شخص ہر صبح کو دس مرتبہ صلوات مجھپر بھیجے گناہ چالیس
برس کے اُسکے بخشے جاوین ایک روز جبرئیل بشارت لائے اور کہا مجھ سے کہ خدائے تعالیٰ
فرماتا ہی کہ جو شخص تمھاری امت مین سے تین بار صلوات تم پر بھیجے بخشونگا مین اُسکو اگر کھڑا ہی

(حاشیہ صفحہ) کہ مین اپنے اُسی خدا کے روبرو کہ جسکے احکام سے روگردانی کی تھی اپنی حاجت طلب کر رہا ہون
وہ قادر ہی اسپر کہ اُس ارتکاب کبائر کی وجہ سے اسکی دعا کو قبول نکرے اور جو چاہے سزا دے لیکن
چاہیے کہ گناہون سے توبہ کرے اور صدق دل سے کہے کہ اب مین توبہ کرتا ہون گناہان گذشتہ سے
اور وعدہ کرتا ہون کہ اب مین اُن گناہون پر عود نہ کرونگا) (بعد اسکے حاجت طلب کرے
اور دعا مین برادران مومن کو مقدم رکھے (یعنے اول برادران مومن کے لئے دعا کرے اُسکے
بعد اپنے لئے کرے) اور ہاتون کو دعا کے لئے بلند کرے اسطرح سے کہ ہتیلیان دونون ہاتون کی
آسمان کی طرف ہون اور قلب مین خوف عدم استجابت دعا کا ہو (بمقابلہ اپنے اعمال کے یعنی
یہ خوف ہو کہ میرے اعمال قابل سزا کے ہین نہ قابل اجابت دعا کے) اور وقت دعا کے ہتیلیان

قبل بیٹھنے کے اور اگر بیٹھا ہی قبل اُٹھنے کے پس بعد سجدۂ شکر کے سجدۂ شکر مین جو مؤمن ایک مرتبہ مجھپر صلوات بھیجے خدائے تعالیٰ دو فرشتون کو حکم دیتا ہی کہ تین دن تک کوئی گناہ اُسپر نہ لکھین۔ اور فرمایا کہ خدائے تعالیٰ کے چند فرشتہ ہوا مین ہین کہ اُنکے ہاتون مین کاغذ وقلم نور کے ہین نہین لکھتے ہین وہ کچھ مگر صلوات مجھپر اور میرے اہلبیت پر اور چند فرشتہ ہین کہ زمین پر سیاحت کرتے ہین اور میری امت کے صلوات جبتک پہونچاتے ہین پس مین اُنکے لئے استغفار کرتا ہون۔

(۱۵) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص مجھپر ہزار مرتبہ صلوات بھیجے نہ مرے یہانتک اُسکو بشارت بہشت کے دیجاوے۔

(۱۶)۔ لمعات الانوار مین ہی کہ اخبار معتبرہ مین وارد ہی کہ ایک شخص نے کہا کہ مین نے اپنے اوپر لازم کر لیا تھا اور ایک تعداد مقرر کر لی تھی کہ ہر شب وقت سونے کے اُس تعداد کے موافق درود شریف پڑھا کرتا تھا ایک شب مین نے خواب مین دیکھا کہ جناب رسالتمآبؐ تشریف لائے اور نور جمال آنحضرتؐ سے در و دیوار گھر کی روشن ہو گئین مجھہ سے فرمایا کہ وہ موںھہ

(بقایہ صفحہ ۹) آسمان کی طرف ہون اور دونون ہاتون کو دہنے بائین جانب حرکت دیوے اور انگشت سبابہ کو کبھی اُٹھاوے اور کبھی بند کرے اور دونون ہاتون کو اپنے موںھہ کے مقابل مین رکھے یا اس سے بھی زیادہ بلند کرے روایت ابوبصیر مین ہی کہ دونون ہاتون کو سر سے اونچا بلند کرے اور چاہیے کہ بوقت دعا کے دونون ہاتون کو کبھی شانون پر بھی رکھے۔

(۹) حدیث۔ از مصباح کفعمی۔ جناب امام جعفر صادقؑ سے کسی نے عرض کیا کہ ہم خدا سے دعا کرتے ہین اور دعا ہماری قبول نہین ہوتی اور ہم راہ خدا مین دیتے ہین مگر عیوض اُسکا نہین پاتے حضرت نے فرمایا کہ آیا ہو سکتا ہی کہ خدا خلاف وعدہ کرے عرض کیا نہین فرمایا حضرت نے جو شخص اطاعت خدا کی کرے (یعنے مطابق احکام خدا کے چلے) اور بعد اُسکے اُس سے دعا طلب کرے طریق دعا سے البتہ دعا اُسکی قبول فرمائیگا راوی نے کہا کہ طریق دعا کیا ہی فرمایا حضرت نے کہ اوّل حمد خدا بجا لائے اور اسکی نعمتون کو یاد کرے جو تجکو عطا فرمائے ہین بعد اسکے شکر بجا لائے پھر صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجے بعد اسکے گناہون کو یاد کرکے

کمان ہی کہ جس سے مجھپر صلوات بھیجتا ہی تا کہ مین اُسکو چومون مین نے شرم کی کہ اپنا سو منہہ سامنے کرون رخسارہ سامنے کردیا حضرت نے میرے رخسارہ کا بوسہ لیا پس بسبب زیادتی خوشی سے بیدار ہوا جو لوگ میرے ساتھ اُس مکان مین تھے سب بیدار ہوے وہ مکان بوے خوش آنحضرتؐ سے معطر تھا گویا مشک وغیرہ سے مملو ہی پس آٹھ دن تک وہ بو میرے چہرہ سے آتی رہی تمام آدمیون نے اُسکو سونگھا۔

(۱۷) حدیث۔ از لمعات الانوار۔ مناقب ابن معاذلی سے باسناد روایت کرتے ہین کہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ جو شخص صلوٰۃ بھیجے محمدؐ و آل محمدؐ پر سو مرتبہ تو خدا تعالیٰ سو حاجتین اُسکی بر لاتا ہی۔

(۱۸) حدیث۔ از کتاب فردوس جناب امیرؑ نے فرمایا کہ مابین ہر دعا کے و آسمان کے ایک حجاب ہی جسوقت درود محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجا جاوے تو وہ حجاب اُٹھ جاتا ہی اور دعا آسمان پر پہونچتی ہی اور اگر صلوٰۃ نہ بھیجے تو دعا آسمان پر نہین جاتی۔

(۱۹) ایضاً فرائد السمطین نے اپنی سند سے عقبہ بن عامر سے روایت کی ہی کہ کہا ایک د

(حاشیہ صفحہ ۱۰) اُنکا اقرار کرے اور استغفار کرے گناہون سے پس یہ ہی طریق دعا ہی اور تیسرا یہ قول کہ ہم دیتے ہین راہ خدا مین اور اُسکا عیوض نہین پاتے فرمایا حضرت نے کہ کوئی تم مین سے مال حرام کسب کرے اور راہ خدا مین دے پس اُسنے اُس مال کو اُسکے محل مین صرف نہین کیا یعنی اُسکا عیوض نہین ملیگا اور کوئی شخص ایک درہم بھی راہِ خدا مین نہین دیتا مگر یہ کہ خدا تعالیٰ اُسکا عیوض اُسکو دیتا ہے

(۱۰) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ بندہ سوال کرتا ہی خدا سے اپنی اجابت دعا کا پس ہو سکتا ہی کہ خدا کا وعدۂ اجابت نزدیک ہووے اور پھر بندہ گناہ کرے تو حق تعالیٰ اُس فرشتہ سے کہ جو مؤکّل ہی اُسکی حاجت برلانے پر فرماتا ہی کہ اسکی حاجت کو روانہ کر اس سبب سے کہ یہ ایسے فعل کا مرتکب ہوا ہی کہ جسمین میری خوشی نہین ہی پس یہ سزاوار اسکا ہی کہ مجھ سے محروم رہے۔ جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ دعا کے لئے ارکان اور اسباب اور اوقات اور اجنحہ ہین پس ارکان چار ہین حضور قلب (یعنی وقت دعا کے قلب کا خاص خدا کی طرف متوجہ رہنا اور

ایک شخص جناب رسولخداص کی خدمت مین حاضر ہوا اور عرض کی کہ صلوات آپ پر کس طرح بھیجین
آنحضرت صلعم نے کچھ جواب نہین دیا مین نے کہا کاش یہ شخص سوال نہ کرتا بعد ازان حضرت نے
فرمایا کہ مجھپر صلوات اسطرح بھیجو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ -

(۲۰) حدیث - از حلیۃ الاولیا ابو نعیم علیہ الرحمہ ابو نعیم نے باسناد خود کعب بن عجزہ سے
روایت کی ہی کہ جب آیہ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ؕ نازل ہوئی ایک شخص نے بخدمت جناب رسولخداص مین
حاضر ہوکر عرض کی کہ کس طرح آپ پر صلوۃ بھیجین فرمایا کہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ -

(۲۱) حدیث - ایضاً فرمایا جناب رسولخداص نے کہ صلوۃ مجھپر بھیجنا گناہونکو محو کرتا ہی کہ جیسے پانی آگ کو

حاشیہ صفحہ ۱۱) سوائے خدا کے کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہونا) اور رقت قلب (یعنے وقت دعا کے آنکھون سے
آنسوؤن کا جاری ہونا) اور اطمینان (یعنے قلب کا مطمئن ہونا بوقت دعا کے تا کہ کسی طرف رجوع نہ ہو)
اور خشوع (یعنی عاجزی اور انکساری قلب کی ہونا درگاہ باری تعالی مین) اور تعلق زبان کا خدا سے
(یعنی زبان سے ادا کرنا اپنی حاجت کا) اور قطع کرنا اسباب دنیوی سے (یعنی جمیع اسباب دنیا کو قطع
کردینا مثل اسکے کہ قضائے حاجت مین جسقدر وسیلہ اور سبب دنیوی ہین اُن سبکو ہیچ سمجھنا اور اُنسے قطعی
نا امید ہونا اور محض خدا ہی سے امید رکھنا کہ سوائے اُسکے کوئی حاجت کا برلانیوالا نہین ہی اور یہ اعتقاد
روائے حاجت کے لئے مثل کبریت احمر کے ہی مجکو اسپر تجربہ ہی کہ جسوقت انسان اپنے صدق دل سے
بھروسہ خاص خدا ہی پر کرلے ہرگز ہرگز وہ شخص اپنے ارادہ مین ناکامیاب نہین رہتا بلکہ اسپر جمیع
صلحا کا تجربہ ہی اور احادیث بھی اسکے مؤید ہین) اور اسباب دعا سے صلوات محمد و آل محمد پر بھیجنا ہے
اور اوقات دعا سے وقت سحر ہی (یعنی بوقت سحر دعا جلد قبول ہوتی ہی یہ وقت خاص استجابت دعا کا ہے

(۲۲) حدیث ۔ ایضاً کہ جو کوئی قادر گناہون کے کفارہ دینے پر نہ ہو پس صلوات محمدؐ وآل محمدؐ پر بھیجے کہ صلوات اُنپر بھیجنا گناہون کو گراتا ہی مثل برگہاے درخت کے ۔

(۲۳) ۔ شرعتہ الاسلام مین سفیان ثوری سے روایت ہی کہ کہا کہ مین بارادہ حج گھر سے نکلا پس ایک شخص کو مین نے دیکھا کہ پردۂ کعبہ کو پکڑے ہوئے کھڑا ہی اور صلوات محمدؐ وال محمدؐ پر کثرت سے پڑھ رہا ہی مین نے اُس شخص سے کہا کہ یہ بیت الحرام ہی ہر جگہ یہان محل دعا ہی مگر تجھ سے سواے صلوات کے اور کچھ نہین سُنتا کیا اسرار ہی اُس شخص نے کہا کہ مین اپنے باپ کے ساتھ بارادۂ حج آیا تھا راستہ مین باپ میرا فوت ہوا اور چہرہ اُسکا سیاہ ہو گیا اور آنکھین کبود ہو گئین اور سر اُسکا مثل سر خنزیر کے ہو گیا مجکو سخت رنج ہوا اول باپ کے مرنیکا دوسرے اُسکی اُس حالت کا تیسرے اس امر کا کہ جب لوگ آئینگے اور اس میّت کو دیکھینگے تو مجھ پہ ملامت کرینگے پس مین نے اپنے دل مین سمجھا کہ میرا باپ منافق تھا اسی حالت مین مین سو گیا اور مین نے خواب مین دیکھا کہ ایک متوسط القامت کشادہ چشم پیوستہ ابرو میرے باپ کے

(حاشیہ صفحہ ۱۲) یعنے ثلث شب آخر چنانچہ احادیث اسکے مؤید ہین احادیث انشاء اللہ آیندہ تحریر ہونگے ۔ اور انجملہ دعا یعنے بر دعا کے راستی ہی یعنے صدق مقال (ہمیشہ سچ کہنا اور جھونٹ سے قطعی احتراز کرنا چنانچہ میرے احباب مین سے ایک مؤمن نے مجھ سے فرمایا کہ ہمنے ایک چمار کو دیکھا کہ دُور دُور کے لوگ اُسکے پاس دعا کے لئے آتے تھے اور اکثر اُن مین سے کامیاب ہوتے تھے ہمکو نہایت تعجب ہوا کہ ایک کافر کی زبان مین یہ اثر کیسے ہی پس ہمنے اُس سے کیفیت دریافت کی تو اُسنے بیان کیا کہ اہلِ سُنت مین مولو و شریعت ہوتی تھی مین بھی اُسمین جا کر کھڑا ہو گیا اُسمین جھونٹ بولنے والے پر عذاب آخرت کا بیان کیا گیا اُس وعظ نے کچھ میرے قلب پر ایسا اثر کیا کہ مین نے فوراً جھونٹ بولنے کی قسم کھالی کہ اب مین جھونٹ نہ بولونگا یہانتک کہ اُسوقت سے اسوقت تک مین نے کبھی بچّہ تک سے جھونٹ نہین کہا یعنی جسطرح بچّہ کو جھوٹا وعدہ کر کر بہلا دیتے ہین یا اُسکو ڈرا دیتے ہین مین نے ایسا بھی نہین کیا پس خدا نے میری زبان مین یہ تاثیر دیدی ہی کہ جسکے لئے مین دعا کرتا ہون اُن مین سے

سر کے پاس آکر بیٹھا اور دست مبارک میرے باپ کے مُوںہہ پر ملا فوراً سیاہی دور ہوئی اور موںہہ اُسکا مثل سابق کے ہو گیا جب وہ جوان اُٹھ کر چلنے لگا تو مین نے عرض کیا کہ رحمت خدا ہو آپ پر آپ کون ہین فرمایا کہ مجھے نہین جانتا مین رسولخدا ہون آگاہ ہو کہ جسوقت ملائکہ عذاب تیرے باپ پر نازل ہوئے ملائکۂ صلوات میرے پاس آئے اور مجھے اس حال سے خبر دی پس مین آیا اور جو کچھ اسپر وارد ہوا تھا اُٹھا دیا یہ شخص شراب خواری مین حریص تھا مگر مجھپر صلوات بہت بھیجتا تھا پس وہ شخص کہتا ہی کہ مین خواب سے بیدار ہوا اور اپنے باپ کی صورت کو دیکھا کہ وہ نورانی ہو گئی پس مین صلوات بھیجنا محمدؐ اور آل محمدؐ پر ابتک ترک نہین کرتا۔

(۲۴) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب ؐ نے کہ جو کوئی مجھپر صلوات بھیجے قیامت مین مجھ سے نزدیک تر ہوا اور جو کوئی حاجت طلب کرے بعیوض اُسکے صلوات مجھپر بھیجے کہ حاجت اُسکی بر آوے اور ثواب اُس صلوات کا بھی ہو۔

(۲۵) حدیث۔ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ دعا محجوب ہوتی ہی آسمان پر جانے سے اور مستجاب نہین ہوتی تاوقتیکہ صلوٰۃ محمدؐ و آل محمدؐ پر نہ بھیجے۔

(حاشیہ صفحہ ۱۲) اکثر کی نسبت وہ قبول فرماتا ہی۔ منجملہ دیگر گناہان کبیرہ کے ایک گناہ کبیرہ جھوٹ کا بولنا بھی ہی علاوہ اُس سزا کے کہ جو آخرت دروغگو کے لئے ہی دنیا مین بھی یہ سزا دیدی جاتی ہی کہ تاثیر ایسی زبان سے دُور ہو جاتی ہی یعنی جو حاجت ایسی زبان سے طلب کرے وہ درجۂ اجابت کو جلد نہین پہونچتی۔ پس جب ارکان دعا کے حاصل ہون تو اُسوقت قوت اجابت حاصل ہوتی ہی اور اسباب دعا کے حاصل ہون (یعنے اوّل و آخر صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجے) تو بہتر روا ہوتی ہی اور اگر اوقات حاصل ہون (یعنے وقت سحر کا ہو) تو فوراً حاجت زیادہ روا ہوتی ہی یعنے جسقدر خدا سے طلب کرے اُس سے زیادہ خدا تعالیٰ عطا فرماتا ہی اور اگر اجنحہ حاصل ہون تو خدائے تعالیٰ اُسکی دعا کو قطع نہین کرتا بر لاتا ہی۔

(۱۱) جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ قبل دعا کے مدح و ثنا اللہ کی کرنا چاہیے اور اسکے لئے کوئی لفظ مخصوص نہین ہی جو اسمار اُسکی عظمت اور جلالت کے لائق ہون اُن اسمار کا اوّل ذکر کرے

(۲۶) حدیث - فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جو دعا کرے اور صلوۃ نہ بھیجے وہ دعا اُسکے سر پر کھڑی رہتی ہی اور جسوقت صلوۃ بھیجے تو اُسوقت آسمان پر جاتی ہی۔

(۲۷) حدیث - فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جسوقت کوئی حاجت خدا سے طلب کرے صلوۃ بھیجے بعد ازان حاجت طلب کرے پس اپنی دعا کو ختم کرے صلوات محمد و آل محمد پر بدرستیکہ خدا قبول فرماتا ہی اُس دعا کو رد نہین ہوتی۔

(۲۸) حدیث - فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جو کوئی سو مرتبہ یَا رَبِّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کہے سو حاجتین اُسکی خدائے تعالیٰ بر لاتا ہی تیس حاجتین دنیا کی اور ستر حاجتین آخرت کی۔

(۲۹) حدیث - فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جو کوئی ایک مرتبہ صلوۃ محمد و آل محمد پر بھیجے حق تعالیٰ اسپر ایک ہزار مرتبہ صلوات بھیجتا ہی اور ہزار صف ملائکہ کی اُسپر صلوات بھیجتے ہین اور کوئی چیز نہین رہتی مگر یہ کہ اُسپر صلواۃ بھیجتی ہی۔

(حاشیہ صفحہ ۱۴) کیونکہ حق تعالیٰ سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۲۱ و ۲۲ کے فرماتا ہی وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا اور اللہ ہی کے لئے اسمارحسنیٰ ہین پس اللہ کو اُن نامون سے پکارو (یعنی دعا کرو تم اُن اسمار کے ساتھ۔

من مؤلف - ننانوے نام یعنے اسمارحسنیٰ خدائے تعالیٰ کے نمبر (۹۶) باب ستاونّ مین تحریر ہو چکے ہین اور باقی (۱۱۱۱) اسمارحسنیٰ باری تعالیٰ کے نمبر (۹۸) باب ستاونّ مین تحریر کئے گئے ہین اور اکثر دعائین کہ جن مین اسمارحسنیٰ باری تعالیٰ کے ہین جیسے دعائے مجیر اور دعائے مشلول وغیرہ وغیرہ باب تعقیبات نماز صبح اور باب نماز شب اور باب ادعیہ حاجات وغیرہ مین تحریر ہو چکے ہین۔
پس اوّل مدح و ثنار باری تعالیٰ کی کرے۔

(۱۲) - جناب کفعمی علیہ الرحمہ کتاب کافی سے تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ کتاب جناب امیر ؑ مین تحریر ہی کہ قبل دعا کے مدح باری تعالیٰ کی کرے پس جسوقت دعا کرو تم

(۳۰) فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو کوئی بعد نماز صبح کے سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ کہے خدائے تعالیٰ اُسکو آتش دوزخ سے محفوظ رکھتا ہی۔

(۳۱) حدیث۔ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو شخص بروز جمعہ سو مرتبہ صلوات بھیجے حق تعالیٰ ساٹھ حاجتیں اُسکی برلاتا ہی تیس حاجتیں دنیا کی اور تیس حاجتیں آخرت کی۔

(۳۲) حدیث۔ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ شب جمعہ مین نازل ہوتے ہین ملائکہ بعدد ذرات کے اور اُنکے ہاتون مین قلمہائے طلا و لوحہائے نقرہ ہوتے ہین نہین لکھتے ہین تا روز شنبہ کسی عمل کو بغیر صلوٰۃ کے پس اس شب و روز مین بہت صلواۃ بھیجے اور سنت موکدہ ہی کہ ہر جمعہ مین ہزار مرتبہ اور روزہائے دیگر مین سو مرتبہ۔

(۳۳) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو کوئی اس طرح محمد و آل محمد پر صلوات بھیجے صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَصَلَوَاتُ مَلٰئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَائِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَالسَّلَامُ عَلَیْھِمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ گناہوں سے پاک ہووے مثل اُس دن کے کہ شکم مادر سے پیدا ہوا۔

(حاشیہ صفحہ ۱۵) اول تجید کرو تم خدا کی راوی نے عرض کیا کہ کس طرح تمجید کیجائے فرمایا کہو تم یَا مَنْ ھُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یَا فَعَّالًا لِّمَا یُرِیْدُ یَا مَنْ یَّحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِہٖ یَا مَنْ ھُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی یَا مَنْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ پس جسوقت ارادہ کرے تو دعا کرنے کا پس طہارت کرو اور رو بقبلہ بیٹھو اور کوئی آیہ یا سورہ قرآن سے پڑھو اور بہترین سورہ وہ ہی کہ جو متضمن تمجید باری تعالیٰ پر ہو اور چھوٹا اُن مین سے سورہ اخلاص ہی بعد ازان کہو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَلَا فَقَھَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَلَکَ فَقَدَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بَطَنَ فَخَبَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ یُحْیِی الْمَوْتٰی وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الظَّاھِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ یَا اَجْوَدَ مَنْ اَعْطٰی وَیَا خَیْرَ

(۳۴) حدیث۔ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو شخص مجھپر اور میری آل پر صلوات بھیجے
رہا ہے آسمان اُسپر کھولجاتے ہین اور ملائکہ ستر مرتبہ صلوات اسپر بھیجتے ہین اور اگر وہ شخص
گناہگار ہو تو گناہ اُسکے اسطرح گرتے ہین کہ جس طرح پتہ درخت سے اور حق تعالیٰ فرماتا ہی
کہ مین نے دعا تیری قبول کی اور مدد و اعانت تیری کی اور ملائکہ سے فرماتا ہی کہ تم ستر مرتبہ
اُسپر صلوات بھیجو اور مین سات سو مرتبہ صلوات اُسپر بھیجتا ہون۔

(۳۵) مالک جہنی سے منقول ہی کہ مین نے ایک پھول جناب امام جعفر صادق ع کے
دست مبارک مین دیا حضرت نے سونگھا اور آنکھون پر رکھا بعد ازان فرمایا کہ جو شخص
پھول کو سونگھ کر آنکھون پر رکھے اور اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہے ہنوز وہ گل
زمین پر نہ پہونچے کہ خدائے تعالیٰ اُسکو بخشدیوے۔

(۳۶)۔ تفسیر ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ مین روایت کی ہی کہ قوت سمع اصوات عباد
چار مخلوق کو خداوند عالم نے دی ہی ایک جناب رسالتمآب ع اور دوسری جنت تیسری نار

(حاشیہ صفحہ ۱۶) مَنْ سُئِلَ وَیَا اَرْحَمَ مَنِ اسْتُرْحِمَ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ
لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا مَنْ لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یَا مَنْ
یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ وَیَقْضِیْ مَا اَحَبَّ یَا مَنْ ھُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ حَبْلِ
الْوَرِیْدِ یَا فَعَّالًا لِّمَا یُرِیْدُ یَا مَنْ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِہٖ یَا مَنْ ھُوَ بِالْمَنْظَرِ
الْاَعْلٰی یَا مَنْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ بعد اسکے بہت سے اسماء باریتعالیٰ کو پڑھے (ملاحظہ ہون اسماء
باری تعالیٰ مندرجہ نمبر ۹۶ و ۹۸ باب ۵۷) بعد ازان کہے اِلٰھِیْ اَنْتَ الَّذِیْ اَنْعَمْتَ
عَلَیَّ بِکَذَا بجائے لفظ کذا کے جو نعمت حق تعالیٰ نے اسکو عطا فرمائی ہی اُسمین سے ایک ایک
کا نام لیوے وَھٰذَا یَنْبَغِیْ لِمَغْفِرَتِہٖ کَذَا پھر بجائے کَذَا کے انعامات حق تعالیٰ مین سے ہر ایک کا
نام لیوے وَدَفَعْتَ عَنِّیْ مِنَ الْبَلَآءِ وَسَتَرْتَ عَلَیَّ کَذَا بجائے کَذَا اُن بلاؤن کا نام
لے کہ جو باریتعالیٰ نے اُس سے دفع کین بعد ازان اپنے گناہون کا تفصیل اقرار کرے اور اگر

چوتھے حورالعین کو پس جسوقت نماز سے فارغ ہو چاہیے کہ صلوات بھیجے محمدؐ وآل محمدؐ پر اور سوال کرے بہشت وحورالعین کا اور پناہ مانگے دوزخ سے پس جب صلوات پڑھے دعا مستجاب ہے اور جنت وحورالعین عرض کرتی ہین کہ خداوندا عطا کر تو جو کچھ اُسنے سوال کیا اور دوزخ عرض کرتی ہی کہ خداوندا پناہ دے اس بندہ کو آتش سے۔

(۳۷) حدیث۔ فرمایا جناب رسالت مآبؐ نے کہ یا علی جو شخص صلوات بھیجے مجھپر ہر روز یا ہر شب کو واجب ہوتی ہی اُسپر میری شفاعت اگرچہ وہ اہل کبائر سے ہو۔

(۳۸) حدیث۔ فرمایا جناب رسالت مآب صلعم نے کہ صلوات مجھپر باآواز بلند بھیجو کہ نفاق کو دور کرتی ہی۔

(۳۹)۔ روضۃ الائمہ مین روایت کی ہی کہ حق تعالیٰ نے جناب موسیٰؑ پر وحی بھیجی کہ اے موسیٰ آیا چاہتے تم کہ مین تمسے نزدیک ہون تمھاری زبان سے بمقابلہ تمھارے کلام کے اور تمھاری آنکھ سے بمقابلہ تمھارے دیکھنے کے اور تمھارے کانون سے

(حاشیہ صفحہ ۷۸) تفصیل سے عاجز ہووے یا یہ کہ وقت تنگ ہووے یا یہ کہ فرصت نہ ہووے پس جسقدر ممکن ہوسکے بہ تفصیل ذکر کرے۔ جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ بہترین اس مقام مین وہ دعا ہی کہ جو جناب امام حسینؑ سے بروز عرفہ مروی ہو وہ یہ ہی پس دونون ہاتھ اُٹھاکر اسکو پڑھے اِلٰهِي وَمَوْلَايَ اَنْتَ الَّذِي مَنَنْتَ اَنْتَ الَّذِي اَنْعَمْتَ اَنْتَ الَّذِي اَحْسَنْتَ اَنْتَ الَّذِي اَجْمَلْتَ اَنْتَ الَّذِي اَفْضَلْتَ اَنْتَ الَّذِي اَكْمَلْتَ اَنْتَ الَّذِي رَزَقْتَ اَنْتَ الَّذِي وَفَّقْتَ اَنْتَ الَّذِي اَعْطَيْتَ اَنْتَ الَّذِي اَغْنَيْتَ اَنْتَ الَّذِي اَقْنَيْتَ اَنْتَ الَّذِي اٰوَيْتَ اَنْتَ الَّذِي كَفَيْتَ اَنْتَ الَّذِي هَدَيْتَ اَنْتَ الَّذِي عَصَمْتَ اَنْتَ الَّذِي سَتَرْتَ اَنْتَ الَّذِي غَفَرْتَ اَنْتَ الَّذِي اَقَلْتَ اَنْتَ الَّذِي مَكَّنْتَ اَنْتَ الَّذِي اَعْزَزْتَ اَنْتَ الَّذِي اَعَنْتَ اَنْتَ الَّذِي شَفَيْتَ اَنْتَ الَّذِي عَافَيْتَ اَنْتَ الَّذِي اَكْرَمْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ دَائِمًا

بمقابلہ تمھارے سینے کے اور تمھاری روح سے بمقابلہ تمھارے جسم کے اور تمھارے قلب سے
بمقابلہ تمھارے خیال کے (یعنے جس طرح روح کو جسم سے اور قلب کو خیال سے نزدیکی ہی
حضرت موسیٰ ؑ نے عرض کیا کہ مین اسکا ازحد طالب ہون اور کون ایسا ہو کہ جو ایسے
قرب کا طالب نہ ہوگا خطاب آلٰہی ہوچکا کہ اگر ایسے قرب و رسعادت کا طالب ہی تو
میرے حبیب محمد مصطفےٰ ؐ پر کثرت سے صلوات بھیج اسواسطے اُسپر رحمت اور نور ہدایت ہی
(۴۰) حدیث ۔ از مجمع المعارف ۔ فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ بروز قیامت ایک
شخص کو میری امت مین سے جہنم مین لیجانیکا حکم ہوگا اور جب ملائکہ کنارۂ دوزخ پر
لیکر پہونچین گے تو وہ ملائکہ سے بعجز و الحاح استغاثہ کریگا کہ تھوڑی دیر توقف کرو تاکہ مین
اپنے حال پر رُولون وہ کہین گے کہ کوئی عمل دنیا مین کیا ہوتا تو فائدہ دیتا وہ کہیگا کہ
مین امت محمدؐ سے ہون آتش جہنم کی تاب نہین رکھتا اور یہ گمان مجکو اپنے پروردگار سے
نہین تھا کہ مجکو کافرون کے ساتھ جمع کریگا ملائکہ کہین گے کہ جناب رسولخدا ؐ نزدیک

حاشیہ صفحہ ۸۱ ہو لَكَ الشُّكْرُ وَاصِبًا اَبَدًا ثُمَّ اَنَا يَا اِلٰهِي الْمُعْتَرِفُ بِذُنُوْبِي فَاغْفِرْهَا لِي اَنَا الَّذِي
غَفَلْتُ اَنَا الَّذِي اَسَاْتُ اَنَا الَّذِي اَخْطَاْتُ اَنَا الَّذِي هَمَمْتُ اَنَا الَّذِي
جَهِلْتُ اَنَا الَّذِي سَهَوْتُ اَنَا الَّذِي اِعْتَمَدْتُ اَنَا الَّذِي تَعَمَّدْتُ اَنَا الَّذِي
وَعَدْتُ وَاَنَا الَّذِي اَخْلَفْتُ اَنَا الَّذِي نَكَثْتُ اَنَا الَّذِي اَمَرْتَنِي فَعَصَيْتُكَ
وَنَهَيْتَنِي فَارْتَكَبْتُ نَهْيَكَ فَاَصْبَحْتُ لَاذَا بَرَاءَةٍ لِي فَاَعْتَذِرُ وَلَا اَنَا
ذَا قُوَّةٍ فَاَنْتَصِرُ وَاَفَبِاَيِّ شَيْءٍ اَسْتَقْبِلُكَ يَا مَوْلَايَ اَبِسَمْعِي اَمْ بِبَصَرِي
اَمْ بِلِسَانِي اَمْ بِيَدِي اَمْ بِرِجْلِي اَلَيْسَ كُلُّهَا نِعَمُكَ عِنْدِي وَبِكُلِّ
مَا عَصَيْتُكَ يَا مَوْلَايَ بَعْدَ اَنْ اِلٰهِي اَنَا اَكْثَرُ ذُنُوْبًا وَاَعْظَمُ عُيُوْبًا
وَاَقْبَحُ اَفْعَالًا وَاَشْنَعُ اٰثَارًا مِنْ اَنْ اَقْدِرُ عَلٰى اِحْصَاءِ عُيُوْبِي وَتَعْدَادِ ذُنُوْبِي
وَاِنَّمَا اُوَبِّخُ بِهٰذَا نَفْسِي وَمَغْفِرَتُكَ وَرَحْمَتُكَ يَا رَبِّ اَعْظَمُ وَاَوْسَعُ مِنْهَا

پروردگار کے ہین اُنسے استغاثہ کریں وہ باواز بلند مجھ سے فریاد کریگا کہ یا محمدؐ پس مین
اُسکے نزدیک آکر کہونگا اسکو میرے سپرد کرو تا کہ اسکے اعمال کو مکرر وزن کرون پس ایک
صحیفہ نور کا اُسکے پلۂ حسنات پر رکھدیا جاویگا کہ پلۂ سیئات پر راجح ہوگا حکم خدا ہوگا کہ اسکو
بہشت مین لیجاؤ پس وہ شخص کہیگا کہ اگر صلوات نہ ہوتی تو مین دروغ مین جاتا۔

(۱۴) حدیث۔ فرمایا ائمہؑ نے ایک مرد فقیر نے بخدمت جناب رسولخداؐ عرض کیا
کہ مین فقر و فاقہ سے نہایت تنگ آیا ہون حضرت نے فرمایا کہ اگر تو توانگری چاہتا ہی تو مجھپر
اور میری آل پر صلوٰۃ بھیج تا کہ حق تعالیٰ تجکو آسمان سے روزی پہونچاوے پس اُسنے
صلوٰۃ کو محمدؐ و آل محمدؐ پر شب و روز ورد زبان کیا بعد چند دنون کے وہ صحرا مین گیا اور
اُسنے ٹھوکر کھائی اُس ٹھوکر کے صدمہ سے اینٹ اُکھڑی اور ایک گھڑا اُسنے دیکھا جب گھڑہ
کا موہنہ کھولکر دیکھا تو وہ زر سرخ سے پُر تھا چاہا کہ اُٹھاوے پھر یاد ہوا کہ حضرت نے فرمایا
تھا کہ آسمان سے تجکو روزی پہونچیگی پس اُسکو اُسی جگہ چھوڑ دیا یہ قصہ اپنی عورت سے

(حاشیہ صفحہ ۱۹) اِلَّا اَنَّهَا وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُكَ يَا اِلٰهِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنْ
كُلِّ مَا خَالَفَ اِرَادَتَكَ وَاَزَالَ عَنْ مَحَبَّتِكَ تَوْبَةَ مَنْ لَا يُحَدِّثُ نَفْسَهٗ
بِمَعْصِيَتِهٖ وَلَا يُضْمِرُ اَنْ يَعُوْدَ فِيْ خَطِيْئَتِهٖ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَتُبْ عَلَيَّ
اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ فلان بن فلان
چالیس۴۰ مومنین کا معہ اُنکے باپ کے نام لیوے اور اگر اُنکے باپ کے نام معلوم نہ ہووین تو صرف
اُنھین کے نام پر اکتفا کرے بعد اسکے اُنکے حق مین حوائج دنیا و آخرت کے دعا کرے کہ خدا تعالیٰ
اُنکے جمیع حاجات دنیا و آخرت کو بر لاوے اور اگر عام مومنین مومنات کے لئے بھی دعا کرے
تو بہتر ہی پس بعد اسکے اس طرح کہے وَاغْفِرْ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ
وَالْاَمْوَاتِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بعد اس کے
اس طرح کہے کہ جمیع مومنین مومنات کے جمیع حوائج دنیا و آخرت کو بر لا) بعد اس کے دس۱۰ مرتبہ

اُسنے کہا ہمسایہ اُسکے ایک یہودی تھا اُسکی کنیزون نے سنکر یہودی سے کہا یہودی جنگل مین گیا گھڑہ کو دیکھا تو وہ گھڑہ بچھوؤن سے بھرا ہوا تھا یہودی نے کہا کہ وہ شخص محمدی ہی اس ذریعہ سے ہم پر جادو کیا پس اسکو اُسی کے گھر مین ڈالنا چاہے وہ یہودی اُس گھڑہ کو لایا اور چھت پر سے اُس فقیر کے گھر مین ڈالدیا اسمین سب زر سُرخ تھا پس وہ فقیر حمد خدا بجالایا اُس یہودی کو تعجب ہوا کہ یہ گھڑہ پُر از عقرب تھا اور اب زر سُرخ ہوگیا یہ حال فقیر سے پوچھا اُسنے کُل حال بیان کیا پس یہودی مسلمان ہوا اور زبان پر صلوٰۃ کو جاری کیا (۴۲)۔ سید نعمت اللہ جزایری علیہ الرحمہ سے منقول ہی کہ ایک اکابر دین نے کہا کہ ایک عورت اپنے فرزند پر عاشق ہوئی پس اُسکو ایک دن شراب کھانے مین ملا کر دی وہ لڑکا مست و بیہوش ہوا پس وہ عورت آئی اور اپنے فرزند سے مقاربت کی پس وہ عورت حاملہ ہوئی اور اُسکے فرزند نے ارادہ مکہ کا کیا اور روانہ ہوا اُسکے پیچھے اُس عورت سے لڑکی پیدا ہوئی اُسنے اُسکو ایک جگہ ڈالدیا ایک شخص اُٹھا کر لیگیا اور تربیت کی بعد

(بقیہ صفحہ ۲) یَا اَللّٰہُ دس مرتبہ یَا رَبُّ دس مرتبہ یَا سَیِّدَاہُ سات مرتبہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پس کہے صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ پس جو اپنی حاجت ہو طلب کرے بعد ازان کہے مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ پس سجدہ مین جا کر تین مرتبہ کہے یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّاہُ یَا سَیِّدَاہُ پس جو دعا چاہے اپنے لئے طلب کرے پھر صلوات محمد و آل محمد پر بھیجے پھر اس دعا کو پڑھے یَا اَللّٰہُ الْمَانِعُ قُدْرَتُہٗ خَلْقَہٗ وَالْمَالِكُ بِهَا تا آخر دعا یہ دعا نمبر (۵۴) باب اکتالیس تعقیبات نماز ظہر مین تحریر ہو چکی ہی حدیث مین آیا ہی کہ بعد دعا کرنے کے اس دعا کو جو کوئی پڑھے خدائے تعالیٰ دعا اوسکی مستجاب فرماتا ہی۔ اور دعا کے وقت آنکھون سے آنسو جاری کرے اور بعد دعا کے بھی الحاح وزاری کرے۔ پس بعد دعا کے دونون ہاتون کو اپنے سر پر اور چہرہ پر ملے اور بعض روایات مین آیا ہی کہ چہرہ اور سینہ پر ملے۔

اسکے وہ لڑکا مکہ سے واپس آیا اسکے والدہ کا انتقال ہوچکا تھا اسکو بہت رنج ہوا ایک دن
اسنے اپنے رفیقون سے کہا کہ مجکو اپنی مان کا نہایت رنج ہی ایک رفیق نے اُس سے
کہا کہ فاحشہ مان کے لئے اسقدر رنج کیون کرتا ہی اس جوان نے کہا کہ میری مان پر
کیون افترا کرتا ہی اُس شخص نے کہا کہ فلان وقت تیرے ساتھ تیری مان نے یہ عمل کیا
اور اُس سے اُسکے لڑکی پیدا ہوئی پس اس جوان نے قبر کو کھودا کہ اُس کی لاش
آگ مین جلاؤنگا پس قبر مین بوے عطر آئی اور جب پتھر سر کی طرف کا اُٹھایا دیکھا کہ
اُسکی مان ایک تخت پر بیٹھی ہوئی ہی اسنے اُس حال کو اپنی مان سے پوچھا اوسنے کہا صحیح ہی
اسنے کہا کہ پھر یہ جاہ جلال و سلطنت کیسے حاصل ہوئی اُسنے کہا کہ ببرکت صلوٰۃ محمدؐ
و آل محمدؐ کے اور بسبب لعنت کرنے کے اوپر اُنکے دشمنون کے مین ہر شب پنجشنبہ اور
ہر شب جمعہ مین بعد نماز کے ہزار مرتبہ کہا کرتی تھی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَاَفْضَلِ مَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی

(۱۳) تفصیل اُن لوگون کی جنکی دعا مستجاب ہوتی ہے

حوالہ صفحہ ۱۸۱

جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جنکی دعا مستجاب ہوتی ہے وہ یہ ہین۔

(الف)۔ دعا پدر و مادر کی اولاد کے حق مین۔

(ب)۔ دعا مادر کی فرزند بیمار کے حق مین۔

(ج ۳)۔ دعا مظلوم کی حق ظالم مین اگرچہ مظلوم صاحب معاصی ہو یا کسی مذہب کا ہو۔

(د ۴)۔ دعا مومن محتاج کی اپنے برادر مومن کے حق مین اُسوقت کہ جب اُس مومن محتاج کو
وہ برادر مومن کچھ دیوے اور وہ مومن محتاج اسوقت اُس دینے والے کے حق مین جو
دعائے خیر کرے خدائے تعالیٰ مستجاب فرماتا ہی۔

(ھ ۵)۔ دعا مومن قرضدار کی اُسوقت کہ جب اُسکے قرض کو دوسرا شخص ادا کرے پس ایسے وقت
مین وہ مومن قرضدار اُس شخص کے حق مین کہ جسنے قرض ادا کیا ہی جو دعا کرے قبول ہوتی ہے

اِبْرَاهِيمَ وَآلِ اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ وَلَعْنَةُ اللهِ عَلَىٰ اَعْدَاءِ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِس جوان نے یہ کیفیت خواب مین دیکھی جو تحریر کی گئی۔

(۳۴)۔ معارج سے منقول ہی کہ فرمایا جناب رسالتمآب نے کہ خدائے تعالیٰ نے قبل پیدایش عرش کے ایک عمود کو دو سو ہزار برس قبل خلق فرمایا پس جب عرش کو پیدا کیا تو اُس عمود کو زیر عرش قرار دیا اور اُس عمود کے سر پر سات سو ہزار شاخین اور ہر شاخ پر سات سو ہزار ملک ہین اور ہر ملک پر سات سو ہزار سر ہین اور ہر سر مین سات سو ہزار موںھ ہین اور ہر موںھ مین سات سو ہزار زبانین ہین اور ہر زبان سے استغفار کرتے ہین خدائے تعالیٰ کی سات سو ہزار مرتبہ اور حمد کرتے ہین سات سو ہزار مرتبہ اور تہلیل کرتے ہین سات سو ہزار مرتبہ اور تکبیر کرتے ہین سات سو ہزار مرتبہ اور تمجید کرتے ہین سات سو ہزار مرتبہ پس جسوقت بندہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ کہتا ہی ہر ملک اُسپر سات سو ہزار مرتبہ صلوۃ بھیجتا ہی پس وہ ملائکہ عرض کرتے ہین کہ

دعا بقیہ صفحہ ۱۲ (و ۶) دعا اُس شخص کی کہ جسکا اعتماد قضائے حاجات وغیرہ مین خاص خدا ہی پر ہو اور کسی پر بھروسہ یا اعتماد نہ ہو۔

(ز ۷) دعا اُس شخص کی کہ جو قبل نزول بلا کے بھی دعا کیا کرتا ہو۔

(ح ۸) دعا امام عادل کی۔

(ط ۹)۔ دعا اُس شخص کی کہ جو اکثر خدا سے دعا طلب کرتا رہتا ہو۔

(ی ۱۰) دعا اُس شخص کی کہ جسکو امید اجابت کی درگاہ باریتعالیٰ سے ہو۔

(یا ۱۱) دعا اُس شخص کی کہ جو اپنی امید مین جمیع خلائق سے منقطع ہو اور اسکا اعتماد خاص خدا ہی پر ہو کہ وہ ہی امید کا بر لانے والا ہی۔

(یب ۱۲) دعا اُس شخص کی کہ جو خدائے تعالیٰ کو قسم دیوے محمدؐ و آل محمدؐ کی (یا واسطہ) دیوے خون سید الشہداءؑ کا یا قسم دیوے اُسکو اُسکی رحمت اور فضل کی۔

اسنے ایک مرتبہ صلوٰة بھیجا ہی اور تو نے ہمکو حکم دیا ہی صلوٰة اور تہلیل اور تمجید اور تکبیر اور تحمید اور استغفار کا بدرستیکہ ہم بجا لاتے ہین پس خدائے تعالیٰ حکم دیتا ہی کہ حمد کرو اور نماز کرو اور تہلیل و تکبیر و تمجید و استغفار کرو واسطے اُس بندہ کے اور اُسکے والدین کے لئے تا روز قیامت اُسوقت تک کہ وہ بیحساب داخل بہشت ہووے۔

(۴۴)۔ حدیث۔ از جامع الاخبار کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو شخص ایک مرتبہ مجھپر صلوٰة نہ بھیجے اور اُسکو اُن دونون فرشتون کو جو حافظ اُسکے ہین سُنائے پس وہ فرشتہ تین دن تک کوئی گناہ اُسپر نہین لکھتے ہین۔

(۴۵) حدیث۔ از مفتاح القلوب فرمایا ائمہ ع نے کہ جناب رسولخدا نے شب معراج مین ایک فرشتہ کو دیکھا کہ اُسکے ہزارون ہاتھ تھے اور ہر ہاتھ مین ہزارون اُنگلیان تھین اُنگلیون پر حساب کرتا تھا آنحضرت نے جبرئیل ع سے پوچھا کہ یہ کون فرشتہ ہی جواب دیا کہ یہ فرشتہ مؤکل ہی قطرات باران پر کہ اُسکا حساب لگا کر رکھتا ہی حضرت نے

(حاشیہ صفحہ ۲۳) (۱۴) دعا اُس شخص کی کہ جو اول و آخر دعا کے محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات نہ بھیجے (حدیث مین ہی کہ جس دعا کے اول و آخر صلوات نہین ہوتا ہی وہ دعا آسمان پر نہین جاتی اور جس دعا کے اول و آخر صلوات محمد و آل محمد پر ہو وہ دعا محجوب نہین رہتی باریتعالیٰ اُسکو مستجاب فرماتا ہی۔

(۱۴) دعا اُس شخص کی کہ جو کسب حلال کرتا ہو اور رزق حلال کھاتا ہو۔

حدیث۔ از تفسیر منہج فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو شخص چاہے کہ اُسکی دعا مستجاب ہوا کرے اُسکو چاہیئے کہ وہ حلال کی کمائی کرے اور حلال و پاک کھایا کرے اور آیات قرآنی و احادیث اسبارہ مین نمبر (۳۹) باب سولہ مین تحریر ہو چکی ہین۔

(۱۵) ۔ دعا اُس شخص کی کہ جو صاحب تقوی ہو۔

منہ مؤلف۔ تقوی کے بھی درجہ ہین پس جسقدر تقوی زیادہ ہوگا اُسیقدر اُسکا مرتبہ نزدیک خدا کے زیادہ ہوگا اور جسقدر رُتبہ پیش خدا زیادہ ہوگا اُسیقدر اُسکی دعا جلد قبول ہوگی

اُس فرشتہ سے پوچھا کہ حساب قطرات باران کو جانتا ہی اُسنے عرض کی ہان فرمایا کیسا جانتا ہی
عرض کی کہ جسدن سے حق تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا ہی اُسوقت سے جسقدر ابر سے باران برسا ہی
اُسکا حساب مجھے معلوم ہی کہ کتنے قطرے صحراؤن مین اور کتنے دریاؤن مین گرے اور
کتنے قطرون سے گیاہ روئیدہ ہوئی اور کتنے قطرہ شورہ زار زمین پر ضایع ہوئے اور
کسقدر قطرہ ابر سے جلد تر جدا ہوئے اور کسقدر قطرہ جلد تر زمین پر پہونچے اور کسقدر قطرہ
ہوا مین ایک دوسرے سے متصل ہوئے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ کوئی ایسا حساب ہے
کہ جو تیرے امکان سے باہر ہی عرض کیا ہان پس جب بندہ مؤمن از روے اخلاص آپ کی
جناب مین صلوات بھیجتا ہی جب ثواب اُسکو ایک سے دس تک کرامت ہوتا ہی مین اُسکا
حساب کر سکتا ہون لیکن جب پندرہ عدد پر پہونچتا ہی مین اور تمام محاسبان آسمان و زمین
اُسکے ثواب کے حساب سے عاجز ہین اور سوائے حضرت سریع الحساب کے کوئی حساب اُسکا نہین جانتا
(۶۴) **حدیث** - فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو مؤمن صلوات جناب

(حاشیہ صفحہ ۲۴) (یو) دعا اُس شخص کی کہ جو گناہان کبیرہ سے قطعاً اجتناب رکھتا ہو اور صغیرہ پر
اصرار نہ کرتا ہو (ملاحظہ ہو باب معاصی و تفصیل کبائر)
(یز) - دعا اُس شخص کی کہ جسنے گناہون سے توبہ کی ہو -
من مؤلف - اس سبب سے کہ بعد توبہ کے گناہ باقی نہین رہتا اور انسان گناہون سے
پاک ہو جاتا ہی مگر توبہ صدق دل سے ہو اور اعتقاد خالص اُنپر عود نکرینکا ہو بشرطیکہ وہ گناہ جنسے
توبہ کی ہی حق الناس مین سے نہ ہون اس سبب سے کہ جو گناہ حق الناس سے ہین اُنکی توبہ
مشروط ہی اسپر کہ اول حقوق ناس ادا کرے یا اُنسے معاف کرالے تا وقتیکہ وہ لوگ معاف نہ کرین
کہ جنکے گناہ کیے گئے ہین توبہ سے معاف نہین ہو سکتے جیسے قتل و ظلم وغیرہ وغیرہ کیونکہ یہ گناہ
متعلق بہ حق الناس ہین پس بغیر ادائے حق الناس کے توبہ قبول نہین ہی اور اسیطرح توبہ اُس شخص کی
کہ جسکا گوشت اور پوست رزق و اشیائے حرام سے پیدا ہوا ہو مشروط ہی اسکے ساتھ کہ اول اُس

رسولخدا ص پر وقت موت اور حالت احتضار مین بھیجے وہ وقت ایسا ہی کہ کوئی اُسکا یار و مددگار نہین ہوتا اور نہ کسی امر پر اُسکا قابو پہونچ سکتا ہی پس اُس درود شریف کی برکت سے نور پاک جناب رسالت مآب ص اُسکے سرہانے آکر لب ہائے مبارک اُسکے لب پر رکھیگا اور چومیگا اُسوقت اُس شخص کو ایسا مزا حاصل ہوگا کہ جیسے کوئی بیابان مین حالت سخت گرمی و تشنگی مین ایک جام پُر از آب کسیکو دے کہ شہد سے شیرین اور برف سے سرد تر ہو اور جبوقت قبر مین اُسکے نکیرین داخل ہون تو خوشبو اُسکی قبر سے اُنکے دماغ مین پہونچے اُسوقت وہ ایک دوسرے سے کہینگے کہ یہ خوشبو بوے رسالتمآب ص کی ہی پس قبر سے وہ دونون فرشتہ واپس ہوجاوینگے۔

(۴۶) حدیث۔ از مجمع المعارف فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو شخص ایک مرتبہ صلوات مجھپر بھیجے ملک مؤکل آسمان و زمین و عدد نام اُسپر سو مرتبہ صلوات بھیجتے ہین اور ملائکہ آسمان دویم دو سو مرتبہ اور ملائکہ آسمان سویم تین سو مرتبہ اور ملائکہ آسمان چہارم چار ہزار مرتبہ اور ملائکہ آسمان پنجم پانچہزار مرتبہ اور ملائکہ آسمان ششم چھ ہزار مرتبہ

(حاشیہ صفحہ ۲۵) گوشت اور پوست کو بانده گھولا دے اسکے بعد توبہ کرے چنانچہ ملاحظہ ہو باب معاصی و شرائط توبہ مندرجہ باب معاصی پس باشرائط توبہ کرے تاکہ توبہ قبول ہووے

(یح ۱۸) دعا اُس شخص کی کہ جو اول مؤمن غائب کے لئے دعا کرکے بعد ازان اپنے لئے دعا کرے (حدیث مین آیا ہی کہ جو شخص برادران مؤمن کے لئے دعا کرے اور بعد ازان اپنے لئے دعا کرے تو خدائے تعالی اُسکی دعا کو جلد قبول فرماتا ہی)۔

(یط ۱۹) دعا روزہ دار کی (اور مخصوص بوقت افطار صوم جو دعا کرے مستجاب ہوتی ہی)۔

(ک ۲۰)۔ دعا بیمار کی بحالت بیماری (بشرطیکہ برجوع قلب ہو)۔

(کا ۲۱)۔ دعا مریض کی اپنے عیادت کرنے والون کے لئے۔

(کب ۲۲)۔ دعا جہاد کنندہ کی بوقت جہاد کے۔

(کج ۲۳)۔ دعا حج کنندہ کی بوقت اداے حج کے۔

اور ملائکہ آسمان ہفتم سات ہزار مرتبہ اُسوقت خدائے تعالیٰ فرماتا ہی کہ ای ملائکہ مجھپر چھوڑ دو
کہ اُسنے میرے رسول صلعم کی تعظیم کی ثواب اُسکا مجھپر ہی اور دوسری روایت مین ہی کہ کوئی شخص
آنحضرت صلعم پر صلوات نہین بھیجتا مگر یہ کہ ستر ہزار ملک اُسپر صلوات بھیجتے ہین۔

(۴۷) حدیث۔ از ثواب الاعمال فرمایا جناب امیر ع نے کہ صلوات بھیجنا جناب
رسولخدا صلعم پر محو کرنے مین گناہون کے شدید تر ہی کہ جیسے پانی آگ پر اور سلام کرنا آنحضرت پر
افضل ہی راہ خدا مین بندہ آزاد کرنے سے اور دوستی آنحضرت کی بہتر ہی راہ خدا مین شہید ہونے سے

(۴۸)۔ صاحب لمعات الانوار تحریر فرماتے ہین کہ معتبر روایت ہی کہ ایک مرد نے اکابر
بلخ سے وفات کی اُسکے دو فرزند تھے اور جملہ میراث سے تین بال موئے اقدس جناب رسولخدا
سے تھے جب اُن دونون بھائیون نے تقسیم کیا تو ایک ایک موے مبارک حصہ مین آکر ایک
باقی رہا بڑے بھائی نے کہا اسکے دو ٹکڑہ کرو چھوٹے بھائی نے کہا کہ اُسکو قطع کرنا بی ادبی ہی
بڑے بھائی نے کہا کہ تم لے لو اور نصف موے مبارک کے عیوض مین کسیقدر مال مجکو دیدو

(حاشیہ صفحہ ۳۶ (کد[۲۴]) دعا حاجی کی اپنے ملاقات کرنے والون کے لئے یعنے جو لوگ اُسکی ملاقات کو آئین
اُنکے لئے وہ جو کچھ دعا کرے مستجاب ہوتی ہی۔

(کہ[۲۵])۔ دعا عمرہ بجالانے والے کی بحالت ادائے عمرہ۔

(کو[۲۶])۔ دعا سائل کی بحق معطی (حدیث مین آیا ہی کہ جو شخص سائل کو کچھ دیوے اور اُسوقت
وہ سائل اُس دینے والے کے حق مین جو دعا کرے باریتعالیٰ قبول فرماتا ہی۔

(کز[۲۷])۔ دعا اُس شخص کی کہ جو برجوع قلب کرے یعنے وقت دعا کرنے کے قلب دوسری طرف متوجہ ہو
(اس سبب سے کہ دعا قبول ہونا رجوع قلب پر منحصر ہی اور وقت دعا کرنے کے قلب رقیق ہووے
یعنے آنکھون سے آنسو جاری ہووین۔ حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ
جسوقت آنکھون مین آنسو بھر آوین اُسوقت دعا کرے کہ وقت اجابت دعا کا ہی (یعنے وقت
رقت قلب کے جو دعا کرے مستجاب ہوتی ہی۔

چھوٹے بھائی نے کہا کہ ہرسہ موے اقدس مبارک لئے لیتا ہون اور اُسکے عیوض مین تمام میراث تمکو دیتا ہون بڑے بھائی نے راضی ہوکر تمام ترکہ لیا اور موے اقدس چھوٹے بھائی کو دیدیے اُسنے موہاے اقدس کو ایک ڈبہ پاکیزہ مین رکھا اور ہمیشہ اُنکو باہر لاتا تھا اور چومتا تھا اور جناب رسالت مآب ص پر صلوات بھیجتا تھا ایک مدت نہ گذری کہ بڑا بھائی تہیدست ہوگیا اور یہ چھوٹا بھائی دولتمند ہوا جب یہ مرگیا ایک اولیائے بلخ نے جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھا کہ اُس سے فرماتے ہین کہ آدمیون سے کہو کہ جس کسی کو کوئی حاجت ہو فلان شخص کی قبر پر جاکر دعا کرے حاجتین اُسکی بر آئینگی اُسنے عرض کی یارسول اللہ اس کرامت کا کیا سبب ہی فرمایا کہ میرے مُو کی تعظیم مین مبالغہ کرتا تھا اور بہت صلوات بھیجتا تھا لہذا زمانہ حیات مین آرام سے بسر کیا اور بعد مرنے کے قبر اُسکی محل اجابت دعوات کی گئی لکھا ہی کہ بعد کو اسقدر شہرت ہوئی کہ کوئی سوار ارادہ جانیکا نہین رکھتا تھا مگر یہ کہ پیادہ ہوکر اُسکی قبر پر جاتا تھا اور حاجتین اُسکی بر آتی تھین بامراد مراجعت کرتا تھا بسبب برکت صلوات محمدؐ و آل محمدؐ کے۔

(حاشیہ صفحہ ۲۷) (کح ۲۸)۔ دعا اُس شخص کی کہ جسکا لباس وجہ حلال سے ہووے اور غصبی و کسب حرام سے نہ ہووے (اور اسیطرح لباس طاہر ہووے نجس نہ ہووے)۔

(کط ۲۹)۔ دعا اُس شخص کی کہ بوقت نماز جسکے قلب مین کوئی امور دنیا سے نہ گذرتا ہو پس ایسا شخص سوال نہین کرتا خدا سے کسی چیز کا مگر یہ کہ خدائے تعالیٰ عطا فرماتا ہی۔

(ل ۳۰)۔ دعا اُس شخص کی کہ جسکا جسم خوف خدا سے کانپتا ہو اور بسبب خوف خدا کے آنکھون سے آنسو جاری رہتے ہون) جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے یہ ہی تیس ۳۰ شخص تحریر فرمائے ہین۔

(لا ۳۱) دعا اُس شخص کی کہ جو پابند اوقات فضیلت نماز واجبہ کا ہو یعنی ہر نماز کو اُسکے وقت فضیلت پر ادا کرتا ہو۔

حدیث۔ از بحار الانوار فرمایا امام محمد باقر ؑ نے کہ جناب موسیٰؑ نے باری تعالیٰ سے عرض کیا کہ اُس شخص کو کیا جزا و ثواب ہی کہ جو خاص اوقات فضیلت پر نماز کو پڑھے فرمایا باری تعالیٰ نے کہ اُسکے سوال کو پورا کرونگا اور بہشت اُسکے لئے مباح کرونگا۔

(۴۹) حدیث - از مجمع المعارف فرمایا جناب رسالت مآب صلعم نے کہ جو شخص بعد نماز صبح ونماز ظہر کے سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَھُمْ نہ مرے جبتک قایم آل محمد علیہم السلام کی زیارت سے مشرف نہ ہو۔

(۵۰) حدیث - از محاسن جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ کل شب کو مین نے عجائب دیکھا مین نے عرض کیا کہ کیا چیز ہی فرمایا کہ مین نے اپنی اُمت مین سے ایک شخص کہ بالاے صراط دیکھا کہ کبھی بیٹھ جاتا ہی اور لرزتا ہی اور کبھی اٹھتا ہی اور کبھی معلق ہوجاتا ہی بس اُسکو صلوات یاد آئی اُسنے صلوات مجھپر بھیجی بس وہ صراط پر قایم ہوا اور گذر گیا۔

(۵۱) حدیث - از ریاض الحدیث فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ بہشت مین ایک درخت ہی کہ اُسکو محبوبہ کہتے مین اور میوہ اُسکا انار سے چھوٹا اور سیب سے بڑا اور دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شیرین اور مسکہ سے زیادہ نرم تر ہے

(حاشیہ صفحہ ۲۸) (لب ۳۲) - دعا اُس شخص کی کہ نوافل نماز پنجگانہ کی ادا کرتا ہو۔
حدیث - از وسائل الشیعہ فرمایا جناب امام محمد باقر ؑ نے کہ خدائے تعالی فرماتا ہی کہ کوئی بندہ میرے بندون مین سے کسی واجبات سے تقرب (میرا) حاصل نہین کرتا مگر تقرب حاصل کرتا ہی بذریعۂ نوافل کے (اس حدیث مین آیندہ فضائل نوافل کے ہین اور اخیر حدیث کا یہ ہی) کہ جو شخص نوافل کو ادا کرتا ہو وہ) جو کچھ دعا مجھ سے کریگا مین اوسکی دعا کو قبول کرونگا اور جو کچھ سوال کریگا اُس کے سوال کو عطا کرونگا۔

(لب ۳۳) - دعا اُس شخص کی جو شخص ہمیشہ سچ بولتا ہو جھوٹ نہ بولتا ہو کیونکہ صدق مقال ورزق حلال شرائط استجابت دعا سے ہین۔

(۱۴) تفصیل اُن لوگون کی جنکی دعا مستجاب نہین ہوتی

جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جن لوگون کی دعا مستجاب نہین ہوتی وہ یہ ہین

اور اُس درخت سے میوہ کوئی نہین کھائیگا مگر وہ شخص کہ جو ہر روز مداومت کرے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ کے کہنے پر۔

(۵۲)۔ حدیث۔ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جس شخص کو چھینک آوے وہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِبَیْتِہٖ اور دوسری حدیث مین ہی کہ اگر کسی کو چھینک آوے اُسکی صدا سنے پس حمد الٰہی بجالائے اور صلوات محمد وآل محمدؐ پر بھیجے ہرگز درد دندان ودرد چشم مین مبتلا نہ ہووے۔

(۵۳)۔ حدیث۔ از کافی فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص چھینکے ہاتھ اپنی ناک پر رکھے اور کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ پس اُسکی ناک کے سوراخ چپ سے ایک جانور پرندہ کو چکتر باہر آتا ہی اور زیر عرش کھڑا ہوتا ہی اور استغفار کرتا ہی تا روز قیامت

(۵۴) حدیث۔ فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ حق تعالیٰ نے ایک فرشتہ پیدا کیا ہی

(حاشیہ صفحہ ۲۹) (الف) دعا اُس شخص کی کہ جو گھر مین بیٹھا رہے اور کسب معاش نہ کرے اور دعا کرے کہ خدا مجکو روزی دے (اس سبب سے کہ خدا اور رسولؐ نے حکم کسب معاش کا دیا ہی۔

(ب)۔ دعا اُس شخص کی کہ جسکو خدا نے روزی دی ہو اور وہ اُسکو اسراف کرکے ضایع کردے اور پھر دعا کرے کہ خدائے تعالیٰ مجکو روزی دے (اور اسراف کرنا گناہ کبیرہ ہی ملاحظہ ہو باب معاصی)۔

(ج)۔ دعائے بد کرنا واسطے زوجہ کے اس سبب سے کہ خدا تعالیٰ نے شوہر کو اختیار طلاق دینے کا دیا ہے۔

(د)۔ دعا ایسے شخص کی کہ جو اپنے حق پر کسی کو گواہ نہ کرے اور پھر وہ مدعی کے لئے نفرین کرے تو ایسے شخص کی بھی دعا مستجاب نہین ہوتی۔

(ہ)۔ دعائے بد نسبت ہمسایہ کے۔

(و)۔ دعا اُس شخص کی کہ جو مصیبت ہی کے وقت دعا کرے اور اچھی حالت مین دعا نہ کرے اور خدا کو یاد نہ کرے ایسے لوگون کی نسبت باریتعالیٰ اپنے کلام پاک مین خوب فرماتا ہے چنانچہ

دعائے عطسہ یعنی چھینک

کہ اُسکا ایک بازو مشرق مین اور ایک مغرب مین ہی اور سر اُسکا زیر عرش ہی اور بعدد ہمہ خلائق
جن وانس وحیوانات وصحرا ودریا کے اور بعدد اُنکے نفسون اور قطرات باران وبرگہاے
درختان وستارہ ہاے آسمان وریگ ہاے بیابان کے اُس فرشتہ کے پر ہین۔جب کوئی
شخص میری امت سے مجہپر صلواۃ بہیجتا ہی حق تعالیٰ اُس فرشتہ کو حکم دیتا ہی کہ جو زیر عرش
نہر نور کی ہی اُسمین جاکر باہر آوے اور اپنے پرون کو جھاڑے پس اُسکے ہر ایک پر سے
قطرہ گرتے ہین خداوند عالم ہر قطرہ سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہی اور اُن سبکو حکم دیتا ہی کہ
روز قیامت تک اُس بندہ کے لئے استغفار کرین اور بعض مین یہ ہی کہ وہ ملک جب
صلوۃ بھیجنے سے عاجز ہوتا ہی تو عرض کرتا ہی کہ خداوندا صلواۃ بھیج تو اُس بندہ پر
جب تک تیرے حبیب پر صلواۃ بھیجتا ہی۔

(۵۵)۔حدیث۔فرمایا جناب امام رضاؑ نے کہ جو شخص قدرت اپنے گناہونکی کفارہ دینے
کی نہ رکھتا ہو پس چاہیئے زیادہ صلوۃ محمدؐ وآل محمدؐ پر بھیجے بدرستیکہ صلوات گناہون کو

(حاشیہ صفحہ ۳۰) سورۂ یونس مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ تا ضُرٍّ مَسَّہٗ
یعنے جب انسان کو مصیبت پہونچتی ہی تو ہمین پکارتا ہی اپنے پہلو پر (لیٹ کر) اور بیٹھ کر اور کھڑے
ہوکر (غرض ہر حالت مین ہم سے مناجات کرتا ہی) پس جب ہم اُس سے اُسکی مصیبت دور کردیتے
ہین تو اس بے پرواہی کے ساتھ چلا جاتا ہی کہ گویا اس مصیبت کے لئے جو اسکو پہونچی تھی ہمین پکارا ہی نہ تھا
سورۂ زمر مین مابین رکوع اول کے خدائے تعالیٰ فرماتا ہی وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ
تا مِنْ قَبْلُ یعنے اور جسوقت انسان کو کوئی مصیبت پہونچتی ہی وہ اپنے پروردگار سے اُسی کی
طرف رجوع کرکے (بڑی عاجزی سے) دعا کرتا ہی پھر جب اللہ اپنی طرف سے اُسکو کوئی نعمت
دیتا ہی تو وہ جسکے لئے (اللہ سے) پہلے دعا کرتا تھا اسکو بھول جاتا ہی۔
سورۂ حم سجدہ مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے باری تعالیٰ فرماتا ہی وَاِذَا اَنْعَمْنَا عَلَی
الْاِنْسَانِ تا عَرِیْضٍ ۵ اور جب ہم انسان پر بخشش کرتے ہین تو وہ روگردانی کرتا ہی اور اپنا

چاک اور خراب کر دیتی ہی۔

(۵۶)۔علل الشرایع مین ہی کہ اُن تمام مسائل مین سے کہ جنکو جناب خضر علیہ السلام نے جناب امام حسن ع سے دریافت کیا تھا ایک سوال یہ بھی تھا کہ کیا سبب ہی کہ انسان کسی چیز کو کبھی بھول جاتا ہی اور کبھی یاد آجاتی ہی حضرت نے فرمایا کہ قلب انسان کا ایک ڈبہ مین ہی اور اُس ڈبہ پر ایک طبق ہی جب انسان صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجتا ہی وہ ڈبہ کھولجاتا ہی اگر صلوات نہ بھیجے تو بند رہتا ہی اور دل تاریک رہتا ہی لہذا وہ شخص اُسکو فراموش کرتا ہی۔

(۵۷) حدیث۔ابو بصیر نے جناب رسولخدا ص سے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب رسالتمآب ص نے کہ جو شخص کہے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ خدائے تعالیٰ اجر اُسکو بہتّر شہیدون کا عطا فرماتا ہی اور گناہونسے اسطرح پاک ہوتا ہی کہ جیسے شکم مادر سے پیدا ہوا

(۵۸) حدیث۔فرمایا ائمہ ع نے کہ ایک دن جبرئیل ع بخدمت جناب رسالتمآب ص حاضر ہوئے اور کہا کہ آج مین نے ایک امر عجیب دیکھا وہ یہ ہی کہ وقت نزول آسمان سے

(حاشیہ صفحہ ۳۱) پہلو پھیر لیتا ہی اور جب اُسے مصیبت پہونچتی ہی تو بڑی لمبی چوڑی دعا کرتا ہے)

(ز)۔دعا اُس شخص کی کہ جو گناہان کبیرہ یا صغیرہ پر اصرار کرتا ہو داس سببسے کہ ارتکاب معاصی مانع اجابت دعا اور باعث نزول قہر خدا کا ہی ملاحظہ ہو باب معاصی و تفصیل کبائر)

(ح)۔دعا اُس شخص کی کہ جسکے ذمہ حق الناس ہون (مثل اسکے کہ کسی کا مال بظلم لیا ہو یا کسیکا حق ندیا ہو یا کسیکا حق ضایع کیا ہو یا کسی طرح کے اور حقوق خلائق اوس کے ذمہ ہون ملاحظہ ہو باب معاصی)

(ط)۔دعا اُس شخص کی کہ جو مال حرام کھاتا ہو۔

حدیث قدسی از تفسیر منہج۔حدیث قدسی مین باریتعالیٰ فرماتا ہی کہ اے بندہ تیرا کام دعا کرنیکا ہی اور میرا کام قبول کرنیکا مگر جو شخص مال حرام کھائے سوائے اُس شخص کے اور کسی کی دعا کو رد نہین کرتا۔

(مال حرام دو قسم پر ہی اول بالذات حرام ہو جیسے گوشت میتہ اور جانوران حرام

اگذر میرا کوہ قاف پر ہوا آواز صدائے نالہ و فریاد کی سنکر گیا تو مین نے ایک فرشتہ کو دیکھا کہ بادل خستہ و بال شکستہ زمین پر پڑا ہی اور اس سے قبل مین نے اُسکو آسمان پر اس عظمت سے دیکھا تھا کہ ایک تخت نور پر تھا اور ستر ہزار فرشتہ اُسکی خدمت مین صف بستہ کھڑے تھے اور نفس کھینچتا تھا اُس سے فرشتہ پیدا ہوتے تھے مین نے اس سے حال دریافت کیا تو اُسنے کہا کہ شب معراج مین اپنے تخت پر بیٹھا تھا کہ جناب رسالت مآب ہ میری طرف سے گذرے مین انکی تعظیم و تکریم لائق و شایستہ بجا نہ لایا لہذا اُس عقوبت مین گرفتار ہوا تم میرے شفیع ہو اور حضرت ذوالجلال سے میری شفاعت کرو پس مین نے درگاہ احدیت مین بہت تضرع کی اور عفو مغفرت چاہی خطاب رب الارباب سے ہوا کہ اگر اپنی خطا کی مغفرت چاہتا ہی تو میرے حبیب پر صلوات بھیجے پس مین نے یہ کیفیت اُس فرشتہ سے بیان کی اُسنے آپ پر از روے اخلاص صلوات بھیجی فوراً وہ فرشتہ اپنی اصلی حالت پر ہوکر اپنے اُس مقام پر پہونچا۔

(حاشیہ صفحہ ۳۲) دشراب وغیرہ وغیرہ دوم بالذات حرام نہ ہو جیسے گوشت جانوران حلال و اشیاء دیگر خوردنی مثل دودھ دہی وغیرہ وغیرہ کے مگر کافر نے اُسکو مس کیا ہو کہ جسکی وجہ سے وہ حرام ہو گیا ہی اس سبب سے کہ جس شئے پاک کو کافر مس برطوبت کرے وہ بھی حرام ہی ملاحظہ ہو تفصیل غذاے حرام و نجس مندرجہ نمبر ۳۲ باب سولہ اسرار نماز و اسباب وجوب نماز احادیث مین آیا ہو کہ جو کوئی رزق حرام کھائے خدائے تعالیٰ اُسکی عبادت کو اور دعا کو قبول نہین فرماتا ملاحظہ ہون آیات قرآنی و احادیث در بارۂ غذاے حرام مندرجہ نمبر ۳۴ باب سولہ اسرار نماز۔

(ی۱) ۔ دعا اُس شخص کی کہ جو مال ظلم سے لیکر کھاتا ہو۔

(یا۱۱) دعا اُس شخص کی کہ جسکا قلب سخت ہو اور قسی القلب ہو (یہ دونون نقص رزق حرام و نجس کے کھانے سے قلب مین پیدا ہوتے ہین اور علاوہ اسکے رزق حلال سے بھی پیدا ہوتے ہین ایسی حالت مین کہ جب رزق حلال شکم پُر ہوکر کھائے کیونکہ غذا کا اگرچہ حلال ہو شکم پُر ہوکر کھانا

(۵۹)- از جلد ثالث بحار الانوار- خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ شب معراج مین
مین نے بہت سے قصر بہشت مین دیکھے کہ بعض اُن مین سے طلا و نقرہ کے تھے اور
شرف عالیہ رکھتے تھے اور بعض ایسے نہ تھے مین نے جبرئیل ع سے پوچھا کہ یہ قصر جو باغ وغیرہ
نہین رکھتے ہین کیسے ہین جبرئیل ع نے کہا کہ یہ اُن نماز گذارون کے ہین کہ جنھون نے بعد
نماز کے صلوات بھیجنے مین سستی کی بنا ان قصور کی صلوات سے ہی پس اگر صلوات بھیجے تو باغ
وغیرہ سے تیار ہو کر درجۂ شرف کو پہونچتے ہین اور اگر نہ بھیجے تو بغیر شرف کے رہتے ہین تا کہ
معلوم ہو کہ یہ قصر اُس نماز گذار کا ہی کہ جسنے سستی کی صلوات بھیجنے مین بعد نماز کے۔
(۶۰) حدیث- فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ جو شخص مجھپر ایک مرتبہ صلوات نہ بھیجے
خدائے تعالی بروز قیامت اُسکے سر پر ایک نور اور جانب راست و چپ ایک ایک نور اور جانب
فوق و تحت ایک ایک نور اور تمام اعضا پر نور پیدا کریگا۔
(۶۱)- شفاء الاسقام مین کہ یہ کتاب معتبرہ اہل سنت کی ہی روایت کی ہی کہ جناب اقدس

(حاشیہ صفحہ ۳۲۲) قسی القلبی پیدا کرتا ہی ملاحظہ ہون احادیث مندرجۂ نمبر ۹۲ تا ۱۰۲ باب چہارم آداب کیفیت طعام)-
(یب ۱۲)- دعا اُس شخص کی کہ جو دعا کرے اور گمان اجابت کا نہ رکھتا ہو۔
من مؤلف- جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے ان بارہ اشخاص کو کہ جنکی یہانتک صراحت کی گئی ہے
تحریر فرمایا ہی کہ دعا ان کی قبول نہین ہوتی۔
(یج ۱۳)- دعا اُس شخص کی کہ جسکا لباس لباس حرام سے ہو۔
(ید ۱۴)- دعا اُس شخص کی کہ جسکا لباس غصبی ہو یا بذریعۂ ظلم یا رشوت یا چوری یا بذریعۂ
دیگر کسب حرام حاصل کیا گیا ہو یا زر غصبی و ظلم یا زر رشوت یا دیگر زر حرام سے خریدا گیا ہو۔
(یہ ۱۵)- دعا اُس شخص کی کہ جو نماز کے اوقات فضیلت کو عمداً ضایع کرتا ہو۔
حدیث- از دار السلام بحوالۂ معانی الاخبار فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ وہ گناہ جن سے دعا
رد کر دیجاتی ہی یہ ہین- بد نیتی- خبث باطن- برادران ایمانی کے ساتھ نفاق- سچی بات کی تصدیق نکرنا

متعال نے حضرت موسیٰ ع کو وحی فرمائی کہ اے موسیٰ کہ مین تمھارے دس ہزار کان پیدا کرون تا کہ تم میرا کلام جلد سنو اور دس ہزار زبانین تمکو دون تا کہ جواب دو ان تمام مراتب سے کہ مین تمکو عطا کرون یہ بہتر ہی کہ صلوات محمد و آل محمد پر بھیجو تا کہ میرے نزدیک محبوب تر اور نزدیک تر ہو۔

(۶۲) حدیث - از وسائل فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص خدا سے کوئی حاجت رکھتا ہو پس چاہیے کہ ابتدا کرے صلوات محمدؐ و آل محمدؐ سے پس حاجت طلب کرے پھر ختم کرے صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر بدرستیکہ خدائے تعالیٰ گرامی تر ہی اس سے کہ دو طرف کو قبول کرے اور وسط کو ترک کرے جسوقت صلوات محمدؐ و آل محمدؐ پر نہ بھیجے اُس سے محجوب نہ ہوگا۔

(۶۳) حدیث - فرمایا جناب رسالت مآب ص نے کہ شب معراج مین آسمان چہارم پر ایک فرشتہ کو دیکھا کہ وہ ایک لوح کو دیکھ رہا تھا اس سبب سے نہ میری تعظیم کو نہین اُٹھا پس جبرئیل نے اپنا بازو اُسپر مارا فوراً اُس فرشتہ نے آکر میری رکاب پر بوسہ دیا اور کہا کہ بسبب اس نور کے کہ جو اس سے ساطع ہی مین آپ کی طرف متوجہ نہ ہوسکا مین نے کہا کہ اس مین

(حاشیہ صفحہ ۴۳) نماز واجبہ کو اتنی تاخیر کرنا کہ اُسکا وقت فضیلت جاتا رہے۔ اور صدقہ دینے اور احسان کرنے کو ترک کرنا۔ معمولی باتون مین فحش زیادہ کہنا۔

اور ایک حدیث - بحار الانوار مین بھی جناب فاطمہ صلوات اللہ علیہا سے ہی اور اُنھون نے جناب رسولخدا ص سے روایت کی ہی کہ فرمایا آنحضرت ص نے کہ جو شخص سستی کرے ادائے نماز مین (وقت فضیلت سے) تو وہ شخص چھ چیزون مین دنیا مین مبتلا ہوگا۔ اوّل یہ کہ اُسکی عمر سے برکت جاتی رہیگی۔ دوئم یہ کہ اُسکے رزق سے برکت جاتی رہیگی۔ (سوئم و چہارم کو بخیال طول ہونے کے قلم انداز کیا گیا) پانچوین دعا اُسکی آسمان پر نہ جائیگی مفصل حدیث نمبر (۴۰) باب ۲۲ بائیس کتاب ہذا مین تحریر ہے۔

(یو ۱۶) - دعا اُس شخص کی کہ جس کے والدین ناخوش ہون کیونکہ حدیث مین آیا ہی کہ جس سے والدین ناخوش ہون اُسکی کوئی عبادت یعنی نماز و روزہ قبول نہین ہوتا لہذا دعا بھی قبول نہین ہوتی۔

(یز ۱۷) - دعا اُس عورت کی کہ جو اپنے شوہر کو ناخوش رکھے حدیث مین آیا ہی کہ جو زوجہ اپنے

کیا ہی اُسنے کہا کہ اسمین لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ لکھا ہوا ہی
پس اُس فرشتہ نے کہا کہ مین نے دو رکعت نماز بیس ہزار برس مین ادا کی ہی کہ اُسکے ہر ایک
قیام ورکوع وسجود وتشہد کو پانچ پانچ ہزار برس مین ادا کیا ہی اسکا ثواب مین آپ کو
دیتا ہون کہ میری خطا معاف فرمائیے مین نے کہا کہ تیری عبادت کی مجکو ضرورت نہین ہی
اُسنے کہا کہ مین نے آپ کی امت کو دیا مین نے کہا کہ مجھے گمان ہی کہ میری امت کو بھی اسکی ضرورت
نہ ہوگی اسلیئے کہ اُنکا ایک مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کا کہنا تیری تیس ہزار
برس کی عبادت سے زیادہ ہی۔

(۶۴) تفسیر ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ مین کعب بن عجرہ سے روایت کی ہے کہ بعد
نزول آیہ کے مین نے دریافت کیا کہ کس طرح آپ پر صلوات بھیجین فرمایا کہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

(حاشیہ صفحہ ۳۵) شوہر کو ناخوش رکھے کوئی عبادت اُسکی باریتعالیٰ قبول نہین فرماتا۔
(یحؔ ۱) دعا اُس شخص کے کہ جسکا پورا بھروسہ اللہ پر نہ ہو اور اُسکے مخلوق سے امیدر کھے۔
(یط۱۹) دعا اُس شخص کی کہ جو بر جوع قلب دعا نکرے یعنی وقت دعا کے قلب کو خدا کی جانب رجوع نکرے

(۱۵) **اوقات استجابت دعا** ۔ جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ اوقات استجابت
دعا کی یہ ہین۔ اوّل بوقت زوال شمس۔ دوئم۔ پانی برسنے کے وقت تیسرے۔ وقت چلنے
آندھی کے چوتھے اُسوقت جبکہ اول قطرہ خون شہید سے گرے۔

حدیث ۔ از کافی جناب شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ
نے کہ تم دعا کرو چار وقتون مین بہ تحقیق کہ اِن اوقات مین درہائے آسمان کھولجاتے ہین۔ وقت چلنے
آندھی کے دوئم بوقت زوال۔ سوئم پانی برسنے کے وقت۔ چہارم وقت شہید ہونے مومن کے کہ
جسوقت اوّل قطرہٗ خون مومن کا گرے۔ پانچوین بعد زوال شمس کے یعنی اُسوقت کہ جب آفتاب دائرہٗ

بعد اسکے فرمایا کہ خدا نے دو فرشتہ مقرر فرمائے ہین کہ جو شخص صلوات بھیجے مجھ تک پہونچاتے ہین اور اس شخص سے کہتے ہین غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ اور فرشتہ آمین کہتے ہین اور اگر صلوات نہ بھیجے تو وہ کہتے ہین لَا غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ اور فرشتہ آمین کہتے ہین۔

(۶۵) - حدیث - فرمایا جناب رسالتمآب ص نے لَا تُصَلُّوا عَلَيَّ صَلَوَاتِ الْبَتْرَاءِ یعنے صلوٰۃ ناقص مجھپر نہ بھیجو عرض کیا کہ صلوات ناقص کیا ہی فرمایا کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کہے اور آلِ مُحَمَّدٍ کو شامل نہ کرے یہ صلوات ناقص ہی۔

(۶۶) حدیث - از کتاب روضۃ العلما فرمایا ائمہ ع نے کہ جو شخص ایک مرتبہ آنحضرت پر صلوات بھیجتا ہی حق تعالیٰ ایک فرشتہ کو مقرر کرتا ہی کہ فوراً وہ صلوات روضۂ مطہرہ مین آنحضرت کے پہونچادے وہ فرشتہ عرض کرتا ہی کہ یارسول اللہ فلان بن فلان یا فلانت بنت فلانت نے آپ پر صلوات بھیجی ہی حضرت فرماتے ہین کہ میری طرف سے اُس کو دس درود پہونچاؤ بعد اسکے فرشتہ خدائے تعالیٰ سے عرض کرتا ہی تو خدائے تعالیٰ فرماتا ہی کہ میری جانب سے بھی

(حاشیہ صفحہ ۳۶) نصف النہار سے مغرب کی جانب پھر جائے یعنے سایہ جسم کا غرب سے شرق کی جانب آئے۔

حدیث - از کافی - فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ میرے پدر بزرگوار جبکہ سایہ آفتاب کا جانب مشرق پھرتا تھا دعا طلب فرماتے تھے۔

حدیث - فرمایا جناب امام ع نے کہ جناب امام جعفر صادق ع کے حسن عادات سے یہ بات تھی کہ جو کچھ میسر ہوتا تھا اول قبل دعا کے تصدق کرتے تھے اور بوئے خوش لگاتے تھے اور مسجد مین جاکر اُسوقت دعا طلب فرماتے تھے کہ جسوقت سایہ آفتاب کا جانب شرق پھر جاتا تھا۔ (یعنے بوقت زوال)۔

چھٹے - وقت تلاوت قرآن کے۔

حدیث - از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ بعد تلاوت قرآن کے جو دعا طلب کرے خدائے تعالیٰ قبول فرماتا ہی

ساتوین - بوقت اذان (بشرطیکہ اذان وقت فضیلت پر کہی جائے)۔

حدیث - از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ مابین اذان واقامت کے جو دعا کرے خدائے تعالیٰ مستجاب فرماتا ہی

دس درود اُسکو پہونچاؤ اور ذخیرہ کرو اس صلوات کو واسطے اُسکے علیین مین۔
(۶۷) - حدیث - فرمایا ائمہ ع نے کہ جب آنحضرت معراج کو تشریف لے گئے ایک فرشتہ کو دیکھا کہ ہزارون ہاتھ تھے اور ہر ہاتھ مین ہزارون اُنگلیان ہین اور ہر اُنگلی مین ہزارون ناخن ہین اور ہزارون پاؤن ہین اور ہر پاؤن مین ہزارون اُنگلیان ہین اور ہر اُنگلی مین ہزارون ناخن ہین اور اُسکے ہزارہا سر ہین اور ہر سر مین ہزارہا آنکھین اور ہزارہا کان ہین آنحضرت ص نے اُس سے دریافت کیا کہ تو کس کام مین مشغول ہی اُسنے عرض کیا کہ تمام اشجار و امطار اور تمام موجودات عالم کا میرے پاس حساب ہی فرمایا کہ عالم مین کوئی چیز ایسی بھی ہی کہ جسکا حساب تو نہ جانتا ہو عرض کیا کہ آپ پر صلوات بھیجنے کا ثواب اسقدر عطا فرماتا ہی کہ کوئی مخلوق اُسکا حساب نہین کر سکتے۔
(۶۸) - جلد ثانی حیات القلوب مین روایت ہی عمار یاسر سے کہ اُسنے عرض کیا بخدمت جناب رسالت مآب ص کہ یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ ہمارے درمیان مین آپ مثل

(حاشیہ صفحہ ۳۷) آٹھوین - جبکہ دو لشکر صف آرا ہون واسطے جہاد کے۔
حدیث - از کافی خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب امیر ع نے کہ غنیمت سمجھے دعا کو وقت تلاوت قرآن کے اور بوقت اذان کے اور بوقت پانی برسنے اور اُسوقت کہ جب دو لشکر صف آرا ہون واسطے جہاد کے۔
نوین - نماز وتر مین (بشرطیکہ ادا ہو قضا نہ ہو) دسوین - بعد فجر یعنے وقت طلوع صبح صادق۔
گیارھوین - بعد غروب آفتاب یعنی بوقت ہوجانے غروب آفتاب کے۔
حدیث - از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ دعا چار وقت قبول ہوتی ہے۔ اوّل نماز وتر مین دوئم بعد فجر یعنے بوقت طلوع صبح صادق - سوئم بعد زوال شمس کے (یعنے بعد زوال شمس کے فوراً) چہارم بعد غروب آفتاب بارھوین - ثلث شب آخر مین یعنی بوقت سحر۔
حدیث - از کافی فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ بہترین اوقات استجابت دعا سے وقت سحر کا ہے۔
حدیث - خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جسوقت آخر شب ہوتی ہی خدائے تعالیٰ

عمر نوح کے زندہ رہین حضرت نے فرمایا کہ اے عمار میری زندگی تمھارے لیے خیر ہی اور وفات
بھی بد نہین ہی حیات مین جسوقت تم کوئی گناہ کرتے ہو طلب آمرزش کرتا ہون لیکن بعد
وفات میرے خدا سے خوف کرو اور بہترین صلوات بھیجو مجھپر اور میری آل پر بدرستیکہ
اعمال تمھارے مجھپر عرض ہونگے اگر عمل خیر کیا ہی تو حمد خدا کرونگا اور اگر عمل بد ہے
تو تمھارے لیئے استغفار کرونگا۔

(۶۹)-جناب سید نعمت اللہ جزائری علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جب حضرت آدمؑ کی
نظر حضرت حوا پر پڑی عرض کی کہ اے پروردگار حوّا کو مجھ سے تزویج کر حکم ہوا کہ مہر ادا کرو
حضرت آدمؑ نے عرض کیا کہ کیا مہر دون حکم ہوا کہ دس مرتبہ صلوات بھیجو محمدؐ و آل محمدؐ پر
آدمؑ نے صلوات بھیجی پس خدائے تعالیٰ نے حوّا کو تزویج فرمایا پس اس مقام پر سید علیہ الرحمہ
تحریر فرماتے ہین کہ جب صلوات بھیجنا حوا کا مہر ہوا تو کیونکر مہر حور العین صلوات نہ ہوگا۔

(۷۰) حدیث-فرمایا ائمہؑ نے کہ فردوس مین خدائے تعالیٰ نے ایک مرغ پیدا کیا ہی

(حاشیہ صفحہ ۳۸) فرماتا ہی کہ آیا کوئی بندہ میرا سوال کرنے والا ہی تاکہ اُسکو عطا کرون مین آیا کوئی
استغفار کرنے والا ہی تاکہ اُسکو بخشون مین آیا کوئی توبہ کرنیوالا ہے تاکہ اُسکی توبہ کو قبول کرون مین
تیرھوین-آخر شب سے تا طلوع آفتاب۔

حدیث-از کافی-فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ خدائے تعالیٰ دوست رکھتا ہی اُس بندہ کو
کہ جو دعا کرے اور فرمایا کہ دعا کرو تم آخر شب مین کہ نزدیک صبح صادق کے ہو پس آخر شب سے
تا طلوع آفتاب درہائے آسمان برائے استجابت دعا کھو لجاتے ہین اور خدائے تعالیٰ رزق تقسیم
فرماتا ہے اور حاجتہائے بزرگ برلاتا ہی چودھوین-ہر شب مین بساعت ہفتم۔

حدیث-از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ شب مین ایک ساعت ہی کہ اُس
ساعت مین نماز پڑھکر جو دعا کرے خدائے تعالیٰ مستجاب فرماتا ہی راوی نے عرض کیا کہ وہ کونسی
ساعت ہی ارشاد فرمایا کہ بعد گذرنے نصف شب کے کہ جو باقی نصف شب رہے اُس بقیہ نصف

کہ اُسکو مرغ صلوات کہتے ہین اور وہ ایک درخت پر ہی کہ اُسکو درخت تہیات کہتے ہین
اور شاخین اُسکی بہشت کے ہر گھر مین ہین اور اُس درخت کے نیچے ایک حوض ہی پس
جو شخص صلوات بھیجتا ہی محمد و آل محمد پر وہ مرغ اُس حوض مین غوطہ لگاتا ہی پھر باہر آکر
اپنے پر و بال جھاڑتا ہی اور اُس سے جسقدر قطرات ٹپکتے ہین ہر قطرے سے خداوند عالم
ایک فرشتہ پیدا کرتا ہی کہ وہ سب فرشتہ اس شخص کے لئے قیامت تک طلب آمرزش کرتے ہین

(۷۱) حدیث۔ از اسرار الابرار۔ فرمایا جناب رسالت مآب صلعم نے کہ جو شخص مجھپر
ایک مرتبہ صلوات بھیجے ملائکہ ہفت آسمان و عرش و کرسی اُسپر صلوات بھیجتے ہین قیامت تک
اور جو شخص تین بار صلوات بھیجے مین ضامن ہون کہ روز قیامت کسی قلیل یا کثیر کا اُس کے
حساب نہ کرینگے اور صراط پر مثل برق لامع کے گذر جاویگا اور بہشت مین میرے ساتھ رہیگا۔

(۷۲) حدیث۔ عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ فرمایا جناب سرورکائنات صلعم نے کہ افضل ترین
آدمیون سے میرے نزدیک روز قیامت کو وہ شخص ہی کہ جسکی صلوات زیادہ ہو۔

(حاشیہ صفحہ ۳۹) شب کا اول حصہ یعنے اول ساعت اُس بقیہ نصف شب کے۔

من مؤلف۔ بعد گذرنے نصف شب کے ایک ساعت تک مخصوص وقت استجابت دعا کا ہی
مثلاً جس موسم مین چھ۶ بجے طلوع اور چھ۶ بجے غروب شمس ہو یعنے روز و شب برابر ہون تو اُسوقت
مین بارہ۱۲ بجے کے بعد سے ایک بجے تک ساعت استجابت دعا کی ہی اسی طرح ہر موسم مین
نصف شب کا حساب ہو سکتا ہی۔ پندرھوین۱۵ بعد نماز صبح کے بشرطیکہ ادا ہو اس سبب سے
کہ آخر شب سے تا طلوع آفتاب درہاے آسمان کھولے جاتے ہین ملاحظہ ہو حدیث مندرجہ نمبر ۳ فصل ہذا
سولھوین۱۶۔ بعد نماز ظہر کے (بشرطیکہ وقت فضیلت پر ادا ہو) سترھوین۔ بعد نماز مغرب کے
(بشرطیکہ وقت فضیلت پر ادا ہو)

من مؤلف۔ اور بعد نماز عصر و عشا کے بھی دعا مستجاب ہوتی ہی بشرطیکہ وقت فضیلت پر
ادا ہو اس سبب سے کہ خداے تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہی کہ جو شخص نماز واجبہ کو اُسکی اوقات فضیلت پر

(۷۳)-حدیث-انس سے روایت ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ قریب تر مجھسے تم مین سے بروز قیامت ہر مقام پر وہ شخص ہی کہ جس نے دنیا مین کثرت سے مجھپر صلوات بھیجی ہو-

(۷۴)حدیث-فرمایا جناب رسالت مآب نے کہ یا علی جو شخص مجھپر صلوات بھیجے ہر شب اور ہر روز پس واجب ہوگی میری شفاعت اسکے لئے اگرچہ وہ اہل کبائر سے ہو-

(۷۵)حدیث-فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ صلوات مجھپر اور میری آل پر بھیجنا نفاق کو برطرف کرتا ہی-

(۷۶)-حدیث-از بیت الاحزان فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ فرمایا جناب رسالت مآب ص نے کہ اول وہ شخص کہ جسکو روز قیامت حلہ پہنایا جائیگا میرے پدر بزرگوار حضرت ابراہیم ہین اور کرسی سیدھی جانب عرش کے رکھین گے اور مجکو اوس کرسی پر بٹھلائینگے اور میرا برادر علی ابن ابی طالب میرے سامنے کھڑا ہوگا اور میری

(حاشیہ صفحہ ۵۳) ادا کرے اسکے حاجات کو بر لاؤنگا ملاحظہ ہون احادیث مندرجہ باب فضیلت اوقات نماز واجبہ-

حدیث-از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ بعد ہر نماز فریضہ کے (بشرطیکہ اوقات فضیلت پر ادا ہون) دعا قبول ہوتی ہی خصوصاً بعد نماز صبح و ظہر و مغرب کے-

اٹھارھوین[۱۸]-تمام روز جمعہ مین-

اونتیسوین[۲۹]-بروز جمعہ اوسوقت کہ جب امام خطبہ کو تمام کرے تا درستی صفوف جماعت جو دعا کرے مستجاب ہوتی ہے-

بیسوین[۲۰]-بروز جمعہ اوسوقت کہ جب نصف قرص آفتاب غروب ہوا ہو اور نصف باقی ہو-

من مؤلف-ہر روز یہ وقت استجابت دعا کا ہی مگر بروز جمعہ زیادہ تاکید ہی-

اکیسوین[۲۱]-تمام شب جمعہ مین مخصوص بساعت ہفتم از شب در ثلث آخر شب مین-

تمام امت حسب مدارج خود میری پشت سر کے جانب کھڑی ہوگی اور جن بندون نے بعد نماز فریضہ دس مرتبہ صلوات مجھپر اور میری آل پر بھیجی ہوگی اُسکو میرے پاس جگہ دینگے کہ وہ مجکو دیکھے اور مین اُسکو دیکھون اور مونہہ اُسکا مثل شب چہاردہ کے روشن ہوگا۔

(۷۷)- حدیث- از جامع الاخبار- فرمایا ائمہ ؑ نے کہ فرمایا جناب رسالتمآب ؐ نے جناب امیر ؑ سے کہ کہا مجھ سے جبرئیل ؑ نے کہ جو شخص میری امت سے مجھپر اور میرے اہلبیت پر صلوات بھیجے دروازے آسمان اُسکے لئے کھولجاتے ہین اور ملائکہ اُسپر ستر مرتبہ صلوات بھیجتے ہین اور گناہ اُسکے اس طرح گرتے ہین کہ جس طرح درخت کے پتہ اور خداے تعالیٰ فرماتا ہی لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ اے ملائکہ تمنے اُسپر ستر مرتبہ صلوات بھیجی ہین اُسپر سات سو مرتبہ صلوات بھیجتا ہون اور جو شخص مجھپر صلوات نبھیجے اور میرے اہلبیت پر نہ بھیجے بس درمیان اُسکے اور آسمان کے ستر حجاب ہوجاتے ہین خداے تعالیٰ فرماتا ہی لَا لَبَّیْکَ وَلَا سَعْدَیْکَ اے ملائکہ رد کرو اسکی صلوات کو۔

(حاشیہ صفحہ ۴۱) بائیسوین ۲۲- ثلث آخر شب جمعہ مین اُسوقت کہ جب پندرہ مرتبہ سورۂ قدر پڑھے بعد اسکے جو دعا کرے مستجاب ہوتی ہی۔

تیئیسوین ۲۳- شبہاے احیاء اربعہ یعنے شب غرّہ رجب یعنی شب اول ماہ رجب و شب نصف شعبان یعنی پندرھوین شب شعبان اور شب عید الفطر اور شب عید الضحیٰ۔

چوبیسوین ۲۴- روز عید الفطر و روز عید الضحیٰ و روز عید غدیر۔

پچیسوین ۲۵- تمام روز و شب ماہ رجب و روز نصف رجب یعنی روز پندرھوین رجب۔

چھبیسوین ۲۶- تمام ماہ ہاے حرام یعنی ماہ رجب و ذی قعد و ذی الحجہ و محرم اور سزاوارتر ان مین سے اجابت دعا کے لئے رجب و ذیقعدہ ہین۔

ستائیسوین ۲۷- تمام روز و شب ماہ رمضان المبارک مین اور مخصوص شبہاے قدر اور شب جہنی یعنی شب بست و نہم۔

(۷۸)-حدیث- انس ابن مالک نے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص میری امت سے مجکو یاد کرے اور مجپر صلوات نبھیجے تو خدا تعالیٰ اُسکے گناہونکو بخشدیتا ہی اگرچہ زیادہ ریگ بیابان سے ہون۔

(۷۹)-حدیث- فرمایا جناب رسالت مآبؐ نے کہ جو شخص مجپر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہی خدائے تعالیٰ اُسپر ہزار مرتبہ صلوات بھیجتا ہی اور جسپر خدائے تعالیٰ صلوات بھیجے اُسکو ہرگز آتش جہنم مین عذاب نہ کریگا۔

(۸۰)-حدیث- فرمایا جناب رسالت مآبؐ نے کہ جو شخص مجپر ایک مرتبہ صلوات بھیجتا ہے خداوند عالم ایک در عافیت کا اسپر کشادہ فرماتا ہی اور تمام ملائکہ اُسپر صلوات بھیجتے ہین اور جسپر ملائکہ صلوات بھیجتے ہین اُسپر خدا تعالیٰ صلوات بھیجتا ہی اور جسپر خدا تعالےٰ صلوات بھیجتا ہی آسمان و زمین مین سے کوئی چیز باقی نہین رہتی کہ جو اُسپر صلوات نہ بھیجے۔

(۸۱)-حدیث- فرمایا جناب رسالت مآبؐ نے کہ جو شخص دن مین سو مرتبہ کہے

(حاشیہ صفحہ ۴۲) من مؤلف- علاوہ ماہ ہائے مذکور کے ماہ شعبان بھی ہے کہ اس مہینہ مین بھی دعا مستجاب ہوتی ہی۔

اٹھائیسوین- دوازدہ ساعات ہر روز مین اُسوقت کہ جب اُس ساعت کی دعا کہ جسکا تعلق اُس ساعت سے ہی پڑھکر دعا کرے اور دعائین ہر ساعت کی از نمبر ۱ باب انتالیس تا نمبر اٹھائیس باب چھیاسٹھ کتاب ہذا مین تحریر ہو چکی ہین۔

انتیسوین- زیارت ایام ہفتہ کو پڑھکر یعنے جو زیارت ائمہ علیہم السّلام کی جس دن سے متعلق ہے اُسی دن پڑھکر بعد اُسکے جو دعا طلب کرے مستجاب ہوتی ہی ملاحظہ ہو باب ستر زیارات چہاردہ معصومین علیہم السّلام جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے بہی اوقات استجابت دعا کے تحریر فرمائے ہین کہ جنکی صراحت یہانتک کی گئی۔

تیسوین- بعد نماز ہدیہ چہاردہ معصومین علیہم السّلام کے جو دعا طلب کرے خدائے تعالیٰ

یَا رَبِّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَهْلِبَیْتِہٖ خداوند تعالیٰ سو حاجتین اُسکی بر لاتا ہی تیس حاجتین دنیا کی اور ستر حاجتین آخرت کی۔

(۸۲)۔ علل الشرایع مین حضرت علی ابن محمد ابن الحسن العسکری ع سے روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت ع نے کہ حق تعالیٰ نے ابراہیم ع کو اپنا خلیل کیا بسبب اسکے کہ وہ کثرت سے صلوات بھیجتے تھے محمدؐ و آل محمد پر۔

(۸۳) حدیث۔ ازعین الحیوٰۃ فرمایا جناب رسالت مآب ص نے کہ بخیل ترین و بدترین بخیلون سے وہ شخص ہی کہ میرا نام اُسکے سامنے لیا جاوے اور وہ مجھپر اور میری آل پر صلوات نہ بھیجے۔

(۸۴)۔ روضۃ الاحباب مین شیخ ابوالحسن ترکی رح نے روایت کی ہی کہ جو شخص دس مرتبہ صلوات بھیجے محمدؐ و آل محمد پر خدائے تعالیٰ ایک فرشتہ کو حکم فرماتا ہی کہ کم تر طرفۃ العین سے اس صلوات کو روضۂ مقدسہ مین پہونچا دے پس وہ فرشتہ قبر مطہر پر جا کر عرض کرتا ہے کہ

(حاشیہ صفحہ ۴۳) مستجاب فرماتا ہی ملاحظہ ہو باب ۴۹ اختر در نماز ہر یہ چہاردہ معصومین علیہم السلام۔
اکتیسوین۔ عمل زیارت عاشورہ کو زیارت ششم جناب امیر ع کے ساتھ معہ دعاے صفوان کے بجا لایا جاے اور بعد اسکے جو دعا کی جائے مستجاب ہوتی ہے چنانچہ جو حدیث زیارت ششم کی ہی اُسمین یہ مضمون ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ مین ضامن ہون خدا کے نزدیک ۳ شخص کا کہ جو اس زیارت کو اور دعا کو پڑھے خواہ نزدیک سے خواہ دور سے زیارت اُسکی مقبول ہوگی اور اُسکی مزدوری دیجائیگی اور حاجتین اُسکی برآوردہ ہونگی ہر چند بڑی حاجتین ہون اور دوسری حدیث مین ہی کہ فرمایا جناب جعفر صادق ع نے کہ اے صفوان جب تمکو کوئی حاجت ہو تو زیارت عاشورہ کو بجا لاکر دعاے صفوان کو پڑھو اور خدائے تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کر البتہ روا ہوگی ملاحظہ ہو عمل زیارت عاشورہ مندرجہ نمبر ۴ باب ۵۸ فضیلت و اوراد و ادعیہ روز جمعہ۔
(۱۶) جاے اجابت دعا۔ جناب کفعمی علیہ الرحمہ مصباح مین تفصیل جائے استجابت

فلان بن فلان نے آپ پر صلوات بھیجی پس آنحضرت نہایت خوشی کے ساتھ فرماتے ہین کہ بالعوض ایک صلوات کے اُس شخص پر دس صلوات ہووے اور کہو اُس شخص سے کہ تو نے دس مرتبہ صلوات مجھپر بھیجی ہی قسم اُس خدا کی کہ جسنے مجکو پیدا کیا ہی داخل بہشت نہ ہونگا جب تک ستر آدمیون کو تیرے قبیلہ سے داخل بہشت نہ کرلونگا پس وہ فرشتہ مصلی کی جانب روضہ اقدس سے جاتا ہی خدائے تعالی کی جانب سے ندا پہونچتی ہو کہ بندہ سے کہو کہ ایک مرتبہ صلوات کے بھیجنے مین مینے تجکو آتش جہنم سے آزاد کیا اب دس مرتبہ تو نے صلوات بھیجی ہی بروز قیامت تو دیکھنا کہ تیرا کیا مرتبہ ہوگا اور بعد ہر حرف صلوات کے خدائے تعالی ایک فرشتہ پیدا کرتا ہی کہ اُسکے تین سو ساٹھ سر ہونگے اور ہر سر مین تین سو ساٹھ مونہہ اور ہر مونہہ مین تین سو ساٹھ زبانین اور ہر زبان مین تین سو ساٹھ لغت اور ہر لغت مین ثنائے خدائے تعالی کی کریگا قیامت تک اور ثواب اُسکا اُس شخص کے واسطے ہوگا۔

(۸۵)۔ واحد ابن یزید سے نقل ہی کہ ایک مرتبہ مین نے مکہ معظمہ کا عزم کیا ایک شخص

(حاشیہ صفحہ ۴۴) دعا کی یہ تحریر فرماتے ہین۔

(الف) مسجد حرم کعبہ مین۔

(ب۲)۔ مقام عرفات مین کہ جہان حاجی نہم ذی الحجہ کو حج کے لئے ٹھہرتے ہین۔

(ج۳)۔ نزدیک قبور حضرات ائمہ علیہم السّلام کے۔

(د۴)۔ حائر جناب امام حسین ع مین۔

من مؤلف۔ علاوہ انکے یہ بھی مقامات استجابت دعا کے ہین۔

(ھ)۔ نزدیک قبور والدین کے بعد فاتحہ قبور کے جو دعا کرے مستجاب ہوتی ہی۔

(و)۔ تمام مساجد مین بسبب اسکے کہ یہ افضل ہی اور جگہ سے۔

(ز)۔ اُس زمین پر کہ جو معصیت سے پاک ہو اسی سبب سے احادیث مین بعض اعمال کی نسبت تخصیص کردی گئی ہی کہ جنگل مین جاکر بجالاوے جہان آمد و رفت انسان کی کم ہوتی ہی

میرا صاحب تھا اور وہ ہروقت اُٹھتے بیٹھتے صلوات بھیجتا تھا مین نے کہا کہ تم ہروقت صلوات بھیجتے ہو اُس سے تمنے کیا دیکھا اُسنے کہا کہ مین نے اس سے بہت کچھ دیکھا اور مین نے یہ نذر کرلیا ہی کہ بعد فریضہ کے کسی ورد مین مشغول نہ ہونگا سوائے صلوات کے مین نے کیفیت دریافت کی اُسنے کہا کہ ایکمرتبہ اپنے باپ کے ساتھ سفر حجاز مین تھا مین نے خواب مین دیکھا کہ ایک شخص مجھ سے کہہ رہا ہی کہ تیرا باپ مرگیا اور موُنہہ اُسکا سیاہ ہوگیا مین اُٹھا اور چراغ روشن کرکے دیکھا تو جو سُنا تھا ویسا ہی دیکھا پس مین بہت رُویا اور دل مین مین نے خیال کیا کہ کلہ آدمی جمع ہونگے میری فضیحت ہوگی بالآخر روتے روتے نیند آگئی خواب مین دیکھا کہ چار شکلین عجیب و غریب آئین اور میرے باپ کے سرہانے کھڑی ہوگئین وہ چاہتے تھے کہ گرزہاے آتشین مارین کہ ناگاہ ایک شخص خوشرو سبز پوش پیدا ہوا اُسنے بالاے سر میرے باپ کے بیٹھ کر پردہ اُسکے موُنہہ سے اُٹھاکر ہاتھ اپنا اُسکے مُونہہ پر ملا پس وہ سیاہی میرے باپ کی دور ہوگئی اور مجھ سے فرمایا کہ تو غم نہ کر ہم اپنے دوستون کو ضایع نہین ہونے دیتے پس

(حاشیہ صفحہ ۴۵) وہان ایسی زمین کا ملنا دشوار ہو سوائے جنگل کے۔

(۷) جاے عدم اجابت دعا

(الف)۔ جاے مغصوب۔

(ب)۔ وہ زمین کہ جسکو بذریعہ کسب حرام کے حاصل کیا ہو یا زر حرام سے خریدا گیا ہو۔

(ج)۔ وہ زمین کہ جو نجس ہو۔

(د)۔ وہ مکان کہ جسمین اشیاء حرام مثل شراب وغیرہ کے رکھی ہو۔

(ھ)۔ وہ زمین کہ جسپر معصیت خدا ہوتی ہی پس ایسی زمین قریب تر ہوتی ہی شیاطین سے اور باعث نزول قہر باریتعالیٰ کے ہوتی ہے۔ ایسی زمین پر فرشتہ ہاے رحمت نہین آتے اور رحمت خدا ایسی زمین پر نازل نہین ہوتی جیسا کہ باب طہارت باطنیہ مین تحریر ہو چکا ہی۔

اُنھون نے قصد جانیکا کیا مین اُنکے قدمون پر گر پڑا اور عرض کیا کہ آپ کون ہین کہا مین پیغمبر آخرالزمان ہون مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے باپ کی کیا حالت ہی فرمایا کہ وہ علما وفقہا سے رُوگردانی کرتا تھا اور جب وہ حق بات کہتے تھے تو یہ اپنا مونہہ پھیر لیتا تھا اور دشمنی دل مین رکھتا تھا نتیجہ نزاع کا علما وصلحا سے دنیا وآخرت مین روسیاہی ہی مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اس لطف وعنایت کا کیا سبب ہی فرمایا کہ ہر شب کو مجھپر صلوات بھیجتا تھا جب یہ واقعہ مجھپر ظاہر ہوا تو مین نے آکر اُسکو نجات دی اور فردائے قیامت مین اسکی شفاعت کرونگا

(۸۶)- لمعات الانوار مین حکایت ہی کہ ایک عورت حسن بصری کے پاس آئی اور روکر کہا کہ میری ایک لڑکی مرگئی ہی مین نے اُسکو خواب مین نہین دیکھا حسن نے کہا کہ آج شب کو چار رکعت نماز پڑھو اور ہر رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور آیۃ الکرسی پڑھو اور بعد نماز عشا کے جناب رسالتمآب پر صلوات بھیجتی رہ جب تک سو نہ جاوے اُس عورت نے ایسا ہی کیا پس اُسنے اپنی لڑکی کو خواب مین دیکھا کہ بدترین عذاب مین معذب ہی اور غل وزنجیر مین جکڑی ہوئی ہی یہ روتی ہوئی حسن کے پاس آئی اور یہ قصہ بیان کیا حسن نے کہا کہ جناب رسالتمآب پر صلوات بھیج اور اُس میت کی جانب سے صدقہ دے خدائے تعالیٰ گناہ اُسکے عفو کردیگا وہ عورت گئی پس حسن نے خواب مین دیکھا کہ وہ لڑکی روضۂ رضوان مین تخت پر بیٹھی ہوئی ہی تاج سر پر ہی اُسنے حسن سے کہا کہ تونے مجکو نہین پہچانا حسن نے کہا نہین اُسنے کہا کہ مین اُسی عورت کی لڑکی ہون کہ جسکو صلوات وصدقہ کی ہدایت کی تھی حسن نے کہا کہ تیری مان نے برخلاف اسکے بیان کیا دختر نے کہا کہ میری مان نے سچ کہا تھا لیکن کلہ ایک مسلمان اس مقبرہ مین گذرا اُسنے ایک مرتبہ صلوات بھیجی اور ہم کئی ہزار آدمی تھے پس خدائے تعالیٰ نے ہم سب کو ببرکت صلوات محمدؐ وآل محمدؐ کے آزاد کیا اور ہم سب آسودہ ہوے۔

(۸۷)- انوار النعمانیہ مین روایت ہی کہ روز قیامت ایک مرد کے ثواب وگناہ کا

اندازہ کرینگے گناہ اُسکے زیادہ ہونگے ملائکہ آگ کی جانب اُسکو لیجانا چاہین گے حکم خدا ہوگا
کہ اسکو چھوڑ دو اسکا ایک عمل ہمارے نزدیک ہی تم نہین جانتے اور وہ یہ ہی کہ اسنے وقت
پانی پینے کے صلوات امام حسین ع پر بھیجی اور لعنت اُنکے ظالمون پر کی پس یہ عمل رکھا جاویگا
پلہ حسنات پر پس یہ پلہ غالب ہوگا پلہ سیئات پر حکم دیگا خدا تعالیٰ کہ اُسکو بہشت مین لیجاؤ۔
(۸۸)۔ حدیث۔ از مجمع البحرین فرمایا ائمہ ع نے کہ جناب رسالت مآب ص مسجد مین تشریف
فرماتے تھے فرمایا کہ اے قوم جب تم انبیاء اولین کو یاد کرو پس درود بھیجو مجھپر اور بعد اُس کے
اُنپر درود بھیجو اور جسوقت یاد کرو میرے باپ ابراہیم کو پس درود بھیجو اُنپر اُسکے بعد مجھپر
درود بھیجو عرض کیا کہ جناب ابراہیم کو کس سبب سے یہ مرتبہ حاصل ہوا فرمایا کہ جب شب معراج
کو آسمان سویم پر مین پہونچا مین ایک ممبر نور پر بیٹھا اور ابراہیم ایک درجہ مجھ سے نیچے
بیٹھے اور تمام انبیا اطراف ممبر کے بیٹھے ناگاہ جناب امیر ع ناقۂ نور پر سوار تشریف لائے
اور مُنھہ اُنکا مثل چاند کے روشن تھا اور اصحاب اُنکے گرد مثل ستارون کے تھے پس
ابراہیم نے پوچھا کہ اے محمد ص یہ کوئی نبی بزرگ ہین یا فرشتۂ مقرب مین نے کہا کہ نہین یہ میرا
بھائی چچازاد اور میرا داماد میرے علم کا وارث علی ابن ابی طالب ع ہی ابراہیم نے کہا کہ
یہ لوگ جو انکے گرد ہین کون ہین مین نے کہا کہ اُسکے شیعہ ہین ابراہیم نے کہا کہ مین بھی
قرار دیا جاؤن شیعیان علی ابن ابی طالب ع ہین پس جبرئیل ع اُسیوقت یہ آیہ لائے
وَاِنَّ مِنْ شِیْعَتِہٖ لَاِبْرَاھِیْمَ۔
(۸۹)۔ بعضون کے نزدیک معنی صلوات کے یہ ہین کہ خداوندا تعظیم کر محمد ص و آل محمد کی
دنیا مین باعلائے دین واظہار دعوت والقائے شریعت کے اور آخرت مین زیادہ کر مرتبہ
اُنکا جمیع اولین وآخرین پر اور زیادہ دے ثواب اُنکو بمقابلۂ جمیع اولین وآخرین کے اور
شفاعت اُنکی قبول کر۔ اور تحریر کیا ہی کہ یہ شرف زیادہ ہی اُس شرف سے کہ جو شرف
جناب آدم ع کو سجود ملائکہ سے حاصل ہوا اس سبب سے کہ یہ تشہد مین واجب ہی اور

جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے اسکو ارکان نماز سے شمار کیا ہی اور حدیث ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق عؑ نے کہ جو شخص نماز پڑھے اور عمداً صلوات کو ترک کرے نماز اُسکی صحیح نہین ہے لیکن غیر نماز مین اختلاف ہی بعضے علما کا قول ہی کہ ہر مجلس مین ایک مرتبہ واجب ہی اور بعض کے نزدیک یہ ہی کہ مدت عمر مین ایک مرتبہ صلوات آنحضرت پر واجب ہی اور جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ کے نزدیک یہ ہی کہ جسوقت اسم مبارک جناب رسالت مآب صؐ کا لیا جاوے صلوات اُس جناب پر واجب ہی اور یہ ظاہر ہی کہ صلوات کا بھیجنا دلالت کرتا ہی رفعت و منزلت شان آنحضرت پر اس سبب سے کہ ہم مامور ہین اسپر حسب آیہ لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا یعنے نہ پکارو تم رسول کو کہ جس طرح تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔ یعنی جس طرح آپس مین ایک دوسرے کا نام لیتے ہو نہ لو بس نام لو تو صلوات بھیجو اور خود باریتعالی و ملائکہ صلوات بھیجتے ہین اور ہم کو حکم دیا باری تعالی نے صلوات بھیجنے کا چنانچہ باریتعالی فرماتا ہی اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

باب پچاسوان ادعیہ شب شنبہ مین

(۱) مصباح کفعمی مین ہی کہ شب شنبہ کو یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْاَوَّلُ الْكَائِنُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ مِنْ خَلْقِكَ اَوْ يُعَايِنُ شَيْءٌ مِنْ مُلْكِكَ اَوْ يَتَدَبَّرُ فِيْ شَيْءٍ مِنْ اَمْرِكَ اَوْ يَتَفَكَّرُ فِيْ شَيْءٍ مِنْ قَضَائِكَ قَائِمٌ بِقِسْطِكَ مُدَبِّرٌ لِاَمْرِكَ قَدْ جَرٰى فِيْمَا هُوَ كَائِنٌ قَدَرُكَ وَمَضٰى فِيْمَا اَنْتَ خَالِقٌ عِلْمُكَ خَلَقْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِرَاشًا وَبِنَاءً فَسَوَّيْتَ السَّمَاءَ مَنْزِلًا رَضِيْتَهٗ لِجَلَالِكَ وَوَقَارِكَ وَعِزَّتِكَ وَسُلْطَانِكَ ثُمَّ جَعَلْتَ فِيْهَا كُرْسِيَّكَ وَعَرْشَكَ ثُمَّ سَكَنْتَهَا لَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ غَيْرُكَ مُتَكَبِّرًا فِيْ عَظَمَتِكَ مُتَعَظِّمًا فِيْ كِبْرِيَائِكَ مُتَوَحِّدًا

فِي عُلُوِّكَ مُتَمَكِّنًا فِي مُلْكِكَ مُتَعَالِيًا فِي سُلْطَانِكَ مُحْتَجِبًا فِي عِلْمِكَ مُسْتَوِيًا عَلَى عَرْشِكَ وَقُدْسِكَ وَامْرِكَ وَمَقَامِكَ وَتَمْكِينِكَ الْمَكِينُ وَكِبْرِكَ الْكَبِيرُ وَعَظَمَتِكَ الْعَظِيمَةُ وَانْتَ اللهُ الْحَيُّ قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ وَالْقَدِيمُ قَبْلَ كُلِّ قَدِيمٍ وَالْمَلِكُ بِالْمُلْكِ الْعَظِيمِ وَالْمُمْتَدَحُ الْمُمَدَّحُ اِسْمُكَ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَخَالِقُهُنَّ وَنُورُهُنَّ وَرَبُّهُنَّ وَاِلٰهُهُنَّ وَمَا فِيهِنَّ فَسُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبَّنَا وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَنَبِيِّكَ وَاجْزِهِ بِكُلِّ خَيْرٍ اَبْلَاهُ وَشَرٍّ خَلَّاهُ وَلِيُسْرٍ اٰتَاهُ وَضَعِيفٍ قَوَّاهُ وَيَتِيمٍ اٰوَاهُ وَمِسْكِينٍ رَحِمَهُ وَجَاهِلٍ عَلَّمَهُ وَدِينٍ نَصَرَهُ وَحَقٍّ نَصَرَهُ اَلْجَزَاءَ الْاَوْفٰى وَالتَّوْفِيقَ الْاَعْلٰى وَالشَّفَاعَةَ الْجَائِزَةَ وَالْمَنْزِلَ الرَّفِيعَ فِي الْجَنَّةِ عِنْدَكَ عِنْدَكَ اٰمِينَ رَبَّ الْعَالَمِينَ اجْعَلْ لَهُ مَنْزِلًا مَغْبُوطًا وَمَجْلِسًا رَفِيعًا وَظِلًّا ظَلِيلًا وَمُرْتَفَعًا جَسِيمًا جَمِيلًا وَنَظَرًا اِلٰى وَجْهِكَ يَوْمَ تَحْجُبُهُ عَنِ الْمُجْرِمِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَاجْعَلْ حَوْضَهُ لَنَا مَوْرِدًا وَلِقَاؤُهُ لَنَا مَوْعِدًا يَسْتَبْشِرُ بِهِ اَوَّلُنَا وَاٰخِرُنَا وَاَنْتَ عَنَّا رَاضٍ فِي دَارِكَ السَّلَامِ مِنْ جَنَّاتِكَ جَنَّاتِ النَّعِيمِ اٰمِينَ اِلٰهَ الْحَقِّ رَبَّ الْعَالَمِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي هُوَ نُورٌ مِنْ نُورٍ وَنُورٌ فَوْقَ كُلِّ نُورٍ وَنُورٌ يُضِيءُ بِهِ كُلُّ ظُلْمَةٍ وَتَكْسِرُ بِهِ قُوَّةَ كُلِّ شَيْطَانٍ مَرِيدٍ وَجَبَّارٍ عَنِيدٍ وَجِنِّيٍّ عَتِيدٍ وَتُؤْمِنُ بِهِ خَوْفَ كُلِّ خَائِفٍ وَتُبْطِلُ بِهِ سِحْرَ كُلِّ سَاحِرٍ وَحَسَدَ كُلِّ حَاسِدٍ وَيَتَضَعْضَعُ لِعَظَمَتِهِ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ وَبِاسْمِكَ الْاَكْبَرِ الَّذِي سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ وَاسْتَوَيْتَ بِهِ عَلٰى عَرْشِكَ وَاسْتَقْرَرْتَ بِهِ عَلٰى كُرْسِيِّكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ

مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَفْتَحَ لِيَ اللَّيْلَةَ يَارَبِّ بَابَ كُلِّ خَيْرٍ فَتَحْتَهُ لِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ
وَاَوْلِيَائِكَ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ ثُمَّ لَاتَسُدَّهُ عَنِّي اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ
وَاَنْتَ عَنِّي رَاضٍ اَسْئَلُكَ ذٰلِكَ بِرَحْمَتِكَ وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيهِ
بِقُدْرَتِكَ فَشَفِّعِ اللَّيْلَةَ يَارَبِّ رَغْبَتِي وَاَكْرِمْ طَلِبَتِي وَنَفِّسْ كُرْبَتِي
وَارْحَمْ عَبْرَتِي وَصِلْ وَحْدَتِي وَاٰنِسْ وَحْشَتِي وَاسْتُرْ عَوْرَتِي وَاٰمِنْ
رَوْعَتِي وَاجْبُرْ فَاقَتِي وَلَقِّنِّي حُجَّتِي وَاَقِلْنِي عَثْرَتِي وَاسْتَجِبِ اللَّيْلَةَ
دُعَائِي وَاَعْطِنِي مَسْئَلَتِي وَاَعْظَمَ مِنْ مَسْأَلَتِي وَكُنْ بِدُعَائِي حَفِيًّا
وَكُنْ بِي رَحِيمًا وَلَا تُقَنِّطْنِي مِنْ رَحْمَتِكَ وَلَا تُؤْيِسْنِي مِنْ رَوْحِكَ
وَلَا تَخْذُلْنِي وَاَنَا اَدْعُوكَ وَلَا تَحْرِمْنِي وَاَنَا اَسْئَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِي وَاَنَا
اَسْتَغْفِرُكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ٥ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِبَيْتِهِ اَجْمَعِينَ

باب اکاون ادعیہ شب یکشنبہ میں

(۱) مصباح کفعمی میں ہو کہ شب یکشنبہ کو یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الْمُلْكُ وَبِيَدِكَ الْخَيْرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ
سُبْحَانَكَ لَكَ التَّسْبِيحُ وَالتَّقْدِيسُ وَالتَّهْلِيلُ وَالتَّكْبِيرُ وَالتَّمْجِيدُ وَالتَّحْمِيدُ
وَالْكِبْرِيَاءُ وَالْجَبَرُوتُ وَالْمَلَكُوتُ وَالْعَظَمَةُ وَالْعُلُوُّ وَالْوَقَارُ وَالْجَمَالُ
وَالْعِزَّةُ وَالْجَلَالُ وَالْغَايَةُ وَالسُّلْطَانُ وَالْمَنَعَةُ وَالْحَوْلُ وَالْقُوَّةُ وَالدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةُ وَالْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكْتَ رَبَّ الْعَالَمِينَ وَتَعَالَيْتَ سُبْحَانَكَ
لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الْبَهْجَةُ وَالْجَمَالُ وَالْبَهَاءُ وَالنُّورُ وَالْوَقَارُ وَالْكَمَالُ
وَالْعِزَّةُ وَالْجَلَالُ وَالْفَضْلُ وَالْاِحْسَانُ وَالْكِبْرِيَاءُ وَالْجَبَرُوتُ وَبَسَطْتَ
الرَّحْمَةَ وَالْعَافِيَةَ وَلِيتَ الْحَمْدَ لَا شَرِيكَ لَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا شَيْءَ مِثْلُكَ
فَسُبْحَانَكَ مَا اَعْظَمَ شَانَكَ وَاَعَزَّ سُلْطَانَكَ وَاَشَدَّ جَبَرُوتَكَ وَاَحْصَى

(۵۰)۔ اپنے عزیز واقارب مردہ مین سے کسی کو خواب مین دیکھنا چاہے تو اس عمل کو بجالاوے جناب شیخ ابراہیم کفعمی مصباح مین تحریر فرماتے ہین کہ جو شخص کسی میت کو خواب مین دیکھنا چاہے لباس پاک وپاکیزہ مین سووے اور وقت سونے کے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا یُوْصَفُ وَالْاِیْمَانُ یُعْرَفُ مِنْہُ مِنْکَ بَدَأَتِ الْاَشْیَاءُ وَاِلَیْکَ تَعُوْدُ مَا اَقْبَلَ مِنْھَا کُنْتَ مَلْجَاَہٗ وَمَنْجَاہُ وَمَا اَدْبَرَ مِنْھَا لَمْ یَکُنْ لَہٗ مَلْجَأٌ وَلَا مَنْجًا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ فَاَسْئَلُکَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَاَسْئَلُکَ بِبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِحَقِّ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ سَیِّدِ النَّبِیِّیْنَ وَبِحَقِّ عَلِیٍّ خَیْرِ الْوَصِیِّیْنَ وَبِحَقِّ فَاطِمَۃَ سَیِّدَۃِ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ جَعَلْتَھُمَا سَیِّدَیْ شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ اَلسَّلَامُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُرِیَنِیْ اس جگہ نام اس میت کا لے مَیِّتِیْ ھُوَ فِیْھَا۔ پس بدرستیکہ دیکھے گا میت کو انشاءاللہ تعالیٰ اور اس عمل کو جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے مصباح متہجد مین بھی تحریر فرمایا ہی۔

عمل

عمل والدین کو یا کسی انبیا یا معصومین علیہم السّلام کو خواب مین دیکھنے کے لئے

(۵۱)۔جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ بعض کتب اصحاب مین مین نے دیکھا کہ جو کوئی انبیا یا معصومین علیہم السلام کو یا والدین کو خواب مین دیکھنا چاہے پس وقت خواب کے سورۂ والشمس اور سورۂ واللیل اور سورۂ قدر اور سورۂ قل یاایہا الکافرون اور سورۂ اخلاص اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھے بعدازان پھر سورۂ اخلاص کو ایک سو مرتبہ پڑھے اور درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اور سیدھی کروٹ سے باوضو سورہے انشاء اللہ خواب مین دیکھیگا اور جو سوال کریگا اُسکا جواب پائیگا۔اور جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مین نے دوسرے نسخہ مین اس طرح دیکھا کہ اس عمل کو سات شب پے درپے بجالاوے اور بعد سو مرتبہ درود شریف کے ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا یُوْصَفُ وَالْاِیْمَانِ تا آخر دعا یہ دعا نمبر(۵۰) باب ہذا مین تحریر ہوچکی ہے پس بوقت خواب لباس پاک وپاکیزہ پہنے اور فرش خواب بھی پاک وپاکیزہ ہو یہ دونون یعنے لباس اور فرش خواب ایسے ہون کہ جسمین جماع حلال بھی نہ کیا گیا ہو جیسا کہ نمبر(۳) باب ہذا مین تحریر ہوچکا ہے یہ عمل مجربات صحیحہ سے ہے اور جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ نجم ثاقب مین تحریر فرماتے ہین کہ کتاب تسہیل الدوا مین بعض مشایخ رضوان اللہ علیہم سے ہے کہ جو کوئی ارادہ کرے کہ کسی انبیا یا ایمۂ ہدیٰ علیہم السلام کو خواب مین دیکھے پس اول دعاے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ (جو نمبر ۵۰ باب ہذا مین تحریر ہوچکی ہے) اَنْ تُصَلِّیْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ تک پڑھکر کہے اَنْ تُرِیَنِیْ فلاناً اس جگہ اُنکا نام لے کہ جنکو خواب مین دیکھنا منظور ہو بعدازان سورۂ والشمس وسورۂ واللیل وسورۂ قدر وسورۂ جحد وسورۂ اخلاص ومعوذتین کو ایک ایک مرتبہ پڑھکر ایک سو مرتبہ سورۂ

اخلاص پڑھے پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھے پس جسکا ارادہ کریگا خواب مین دیکھیگا اور جو کچھ سوال کریگا جواب پائیگا یہ عمل مجرب ہی مگر شرط لباس اور خوراک حلال و پاک کی ہی

(۵۲) - جس کسی کو کوئی امر دشوار یا مہم درپیش ہو اور چاہے کہ اُس امر یا مہم کی نسبت عالم رُویا مین بشارت حاصل ہو پس اس عمل کو بجالاوے یہ عمل مجرب ہی جناب کفعمی علیہ الرحمہ مصباح مین تحریر فرماتے ہین کہ مین نے بخط شہید رحمۃ اللہ علیہ لکھا ہوا دیکھا کہ شہید رحمہ نے تحریر فرمایا کہ مین نے کتاب فرج مین دیکھا کہ جو قاضی نوخی کی ہی اور اکثر کتابہائے مستند وغیر مستند مین بھی باختلاف الفاظ و معنی مین نے دیکھا ہی مگر جو میرے نزدیک صحیح تر ہے وہ مین تحریر کرتا ہون وہ یہ ہی کہ مین نے کتاب محمد جریر تبری مین کہ جسکا نام کتاب حمید ہی لکھا ہوا دیکھا محمد جریر تبری نے تحریر کیا ہی کہ حارث روح نے اپنے باپ سے اور اُسکے باپ نے اپنے دادا سے کہ کہا میرے دادا نے کہ ای فرزند جسوقت تجھکو کوئی امر دشوار ہو اور تجکو غم ہو پس پاک و پاکیزہ کپڑہ پہنکر لباس پاک و پاکیزہ مین سووے پس سورۂ والشمس اور سورۂ واللیل سات سات مرتبہ پڑھے بعد ازان ایک مرتبہ ف۱ کہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ پس اپنا مطلب کہے پھر کہے فَرَجًا وَّمَخْرَجًا پس کوئی شخص خواب اول شب مین یا تیسری شب مین یا پانچوین شب مین یا ساتوین شب مین آئیگا اور وہ شخص سبیل نجات کی اُس امر دشوار سے اُسکو بتلائیگا - اور اگر بیماری کے لئے اس عمل کو کرے تو وہ شخص خواب مین دوا بیماری کی ظاہر کریگا - انس کہتا ہی کہ میرے سر مین درد ہوا اور مجکو علم نہ تھا کہ کیسے ہوا مین نے اس عمل کو کیا پس اول شب مین دو آدمی خواب مین آئے ایک شخص میرے سرہانے بیٹھا اور دوسرا پائنتی بیٹھا اور ایک نے دوسرے سے کہا کہ اِسکا سر سہلاؤ پس جب وہ سر کے پاس آیا اور کہا کہ اِس جگہ حجامت بناؤ مگر بالونکو مونڈو نہین اور سریشن ف۲ ا...

ف۱ - دوسرے نسخہ مین بجائے ایک مرتبہ کے تین مرتبہ یہ دعا وارد ہی -

ف۲ - سریش چپکتی ہوئی چیز ہوتی ہی -

سر پر ملو بعد اسکے اس شخص نے اُن دونون شخصون مین سے ایک سے کہا کہ کیسا حال میرا ہو گا پس اُن مین سے ایک شخص نے کہا کہ اگر انجیر اور روغن زیتون کو بھی اس مین شامل کرے تو بہتر ہی پس انس کہتا ہو کہ مین نے ایسا ہی کیا اور اچھا ہو گیا اور جب کسیکو بتلایا شفا حاصل ہوئی۔

(۵۳)۔ کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مین نے کتاب لفظ الفوائد مین دیکھا کہ جو شخص دو امور مین متردد ہو اور یہ نہ جانے کہ ان مین سے نیک کونسا ہی اور بد کونسا ہی پس بوقت خواب یہ پڑھے أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِنْ دُونِي تا آخر سورہ کہف بعد ازان یہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَرِنِيْ بَيَاضًا وَحُمْرَةً اِنْ كَانَ لِيْ فِيْ اس جگہ اُس مطلب کا نام لیوے خَيْرَةً وَاِنْ كَانَ لِيْ فِيْ پھر اس جگہ نام اُس مطلب کا لیوے شَرًّا فَاَرِنِيْ سَوَادًا وَحُمْرَةً بعد اسکے سو رہے انشاء اللہ خواب مین کیفیت اُسپر ظاہر ہو جائیگی۔

(۵۴)۔ جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مین نے خواص القرآن مین دیکھا کہ جو شخص کسی مرض مین مبتلا ہو اور اُس مرض سے اُسکی صحت دشوار ہو پس چاہیے کہ باطہارت لباس پاک و پاکیزہ پہنے اور پاک و پاکیزہ کپڑہ پر عورت سے علٰحدہ سووے پس سورۂ الم نشرح پندرہ مرتبہ اور سورۂ والضحٰی پندرہ مرتبہ پڑھے اور خدا تعالیٰ سے سوال کرے کہ اس مرض کی ایسی دوا معلوم ہو کہ جو باعث شفا ہو بعد اس دعا کے سو رہے بس انشاء اللہ اسکو خواب مین معلوم ہو جائیگا۔

(۵۵)۔ جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ کتاب متہجد مین تحریر فرماتے ہین کہ مین نے بخط شہید رحمۃ اللہ علیہ لکھا ہوا دیکھا کہ جو شخص ارادہ کرے کہ خواب مین کسی مطلب کو دیکھے کہ وہ مطلب ہو گا یا نہین پس فرش پاک و پاکیزہ پر سیدھی کروٹ سے لیٹ کر سورۂ والشمس سورۂ واللیل سورۂ کافرون۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ فلق۔ سورۂ ناس پڑھے پھر یہ کہے

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ اس جگہ اُس مطلب کا نام لیوے وَاجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا اگر شب اول مین مطلب کا نتیجہ معلوم ہوجائے بہتر ہی ورنہ تین شب پے درپے اس عمل کو بجالائے اور اگر اتفاقاً تین شب مین بھی مطلب حاصل نہ ہو تو اِس عمل کو سات دن بجالاوے انشاءاللہ جو کچھ وہ چاہے خواب مین دیکھیگا۔

(۵۶)۔ جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ نجم ثاقب مین تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی نصف شب جمعہ مین سورہ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ پڑھے جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھے۔

(۵۷) ایضاً جو کوئی سات روزہ پے درپے رکھکر دعاے مجیر کو بوقت خواب سات مرتبہ پڑھے جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھے۔

(۵۸)۔ ایضاً جو کوئی شب جمعہ مین بعد اداے نماز شب کے سورۂ کوثر کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے بعد ازان ایک ہزار مرتبہ صلوات محمد مصطفےٰؐ پر بھیجے پس جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھے۔

(۵۹)۔ ایضاً جو کوئی ارادہ کرے کہ جناب رسولخدا کو خواب مین دیکھے پس بعد نماز عشا کے دو رکعت نماز جس سورہ سے چاہے پڑھے بعد ازان ایک سٌو مرتبہ اس دعا کو پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ بَلِّغْ مِنِّيْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ وَّاَرْوَاحَ اٰلِ مُحَمَّدٍ تَحِيَّةً وَّسَلَامًا۔

(۶۰)۔ حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو کوئی سورۂ قدر کو بعد نوافل ظہر کے اکیس مرتبہ ہر روز پڑھے نہ مرے وہ شخص جب تک کہ جناب رسولخدا کو خواب مین نہ دیکھے یہ عمل مجربات صحیحہ سے ہی ملاحظہ ہو حدیث نمبر ۴ مندرجہ باب ۳۹ کتاب ہذا۔

(۶۱)۔ فلاح السائل مین ہی کہ خواب مین جناب امیرؑ کے دیکھنے کے لئے بوقت خواب اس دعا کو پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا مَنْ لُطْفُهٗ خَفِيٌّ وَّاَيَادِيْهِ بَاسِطَةٌ لَا تَنْقَضِيْ اَسْئَلُكَ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ الَّذِيْ مَا لَطَفْتَ بِهٖ لِعَبْدٍ اِلَّا كَفٰى اَنْ تُرِيَنِيْ مَوْلَايَ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فِيْ مَنَامِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

(٦٢) حدیث۔ از فلاح السائل فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو کوئی خواب مین جناب رسولخدا ص کی زیارت چاہے اُسکو لازم ہی کہ نماز عشا کو قریب آخر وقت فضیلت کے پڑھے اسکے بعد غسل کرے بعد ازان چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت مین بعد الحمد کے ایک سَو مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور بعد نماز کے ایک ہزار مرتبہ درود محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجے پھر ایسے پاک کپڑہ پر لیٹے کہ جسپر حلال و حرام کوئی فعل نہ کیا ہو اور ایسا ہی لباس پہنے اور اپنے سیدھے رخسارہ کے نیچے سیدھا ہاتھ رکھ لے پھر ایک سَو مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پھر ایک سَو مرتبہ مَاشَاءَ اللّٰهُ کہے پھر سو جائے انشاء اللہ خواب مین آنحضرت ص کی زیارت کریگا۔

(٦٣) حدیث۔ از دار السلام بحوالۂ مجمع فرمایا جناب امیر ع نے کہ مجکو جسدن اشتیاق جناب رسولخدا ص کا ہوتا ہی اُسدن مین نماز عبھر پڑھتا ہون پس مین اُس دن مکان سے نہین ہٹنے پاتا کہ جناب رسولخدا ص کو خواب مین دیکھ لیتا ہون (اور علی ابن منہال علیہ الرحمہ کہتے ہین کہ مین نے اسپر سات مرتبہ تجربہ کیا ہی) وہ نماز چار رکعت ہے ہر رکعت مین بعد ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ کے دس۱۰ مرتبہ سورۂ انا انزلناہ اور پندرہ مرتبہ تسبیحات اربعہ اسکے بعد رکوع مین جائے اور رکوع مین تین مرتبہ ذکر رکوع اور دس۱۰ مرتبہ تسبیحات اربعہ پھر سر اُٹھائے اور تین مرتبہ تسبیحات اربعہ کہے پھر سجدہ مین جائے اور بعد ذکر سجدہ کے پندرہ مرتبہ تسبیحات اربعہ کہے پھر سر اُٹھائے اور ما بین سجدتین کے کچھ نہ کہے پھر دوسرا سجدہ مثل پہلے سجدہ کے کرے اسی طرح چار رکعتین بہ یک سلام ادا کرے بعد فراغ نماز کے کسی سے بات نہ کرے جب تک کہ دس۱۰ مرتبہ سورۂ فاتحہ نہ پڑھ لے اور دس۱۰ مرتبہ سورۂ انا انزلناہ اور تینتیس۳۳ مرتبہ تسبیحات اربعہ اور تینتیس۳۳ مرتبہ یہ کہے صَلَّی اللّٰهُ

عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ جَزَاللّٰہُ مُحَمَّدًا عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ جو شخص ایسا کریگا ملک الموت جسوقت اُسکے پاس آئیگا تو یہ سیراب ہوگا اور قبر مین بھی سیراب ہوگا اور پھول گلاب وچنبیلی کے اُسکی قبر مین بچھائے جائینگے اور عبہر (ایک قسم کا خوشبودار پھول ہوتا ہی) اُسکے سرہانے اور پائنتی اور دائین بائین اُگیگا اور جسوقت یہ قبر سے اُٹھیگا تو گویا عبہر کے پھولون مین ہوگا اور تاج کرامت پہنایا جائیگا اور حلہ جنت کے پہنائے جائینگے اور بارہ ہزار فرشتہ اسکے استقبال کو آئینگے ہر ایک کے ہاتھ مین ایک سند ہوگی جسمین یہ لکھا ہوگا کہ فلان بن فلان کا خدائے تعالیٰ نے اکرام کیا یہانتک کہ وہ صف انبیا و مرسلین سے گذر جائیگا یہانتک کہ عرش کے نیچے پہونچیگا حکم باریتعالیٰ کا ہوگا کہ مانگ کیا مانگتا ہی تو وہ اپنے والدین اور کل ددھیالی اور ننھیالی اور سسرالی رشتہ دار اور دوست وشناسا اور رفیق اور جو نماز کی جماعتون مین اُسکے ساتھ رہے ہون اور جنھون نے اُس سے مصافحہ کیا ہو اور جسقدر اُسکے ہمسایہ ہون اور جسقدر اُسکی اولاد کے شناسا ہون سب کی شفاعت کریگا اور سب کا اختیار باریتعالیٰ اُسکو دیگا حکم ہوگا کہ اور کچھ مانگ تو آخر مین یہ اپنے دشمنون کی سفارش کریگا وہ بھی باریتعالیٰ منظور کریگا اب یہ خاموش ہوگا اسکے بعد جنت مین داخل کیا جائیگا اور جنت مین اُسکو اعلیٰ سے اعلیٰ درجہ ملین گے۔

منہ مؤلف۔ اس جگہ حدیث کو مختصر کردیا گیا تفصیل مکانات جنت کی حدیث مین تحریر ہی اس حدیث کو تمام وکمال جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ نے دار السلام مین تحریر فرمایا ہی۔

(۴۶) - نہج الدعوات مین ہی کہ جبرئیل ؑ نے جناب رسولخدا ؐ کو یہ خبر پہونچائی کہ جو شخص اس دعا کو پانچ مرتبہ بوقت سونے کے پڑھے اور با طہارت ہو وہ آپکو خواب مین دیکھیگا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ اِلٰہٍ مَا اَقْدَرَہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ قَدِیْرٍ مَا اَعْظَمَہٗ تا وَھُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔

یہ دعا رسالہ تحفۃ الحاجت مین تحریر ہو چکی ہی لہذا بخیال طول ہونے باب ہذا کے قلم انداز کیا گیا۔

(۶۵) مجموع الدعوات جناب ابو محمد ہارون ابن موسی التلعکبری علیہ الرحمہ مین ہے کہ جو شخص جناب رسولخداؐ کو خواب مین دیکھنا چاہے اُسکو لازم ہو کہ شب جمعہ بیداری کرے اس طرح پر کہ بعد نماز مغرب کے نافلۂ مغرب وغیرہ کو پڑھکر نماز عشا کو قریب آخر فضیلت پر پڑھے (مگر وقت فضیلت قضا نہ ہوجائے) پھر کسی سے بات نہ کرے پھر درود وسلام بھیجے پھر دو رکعت پڑھے پھر ہر رکعت مین سورۂ الحمد ایک مرتبہ اور سورہ توحید تین مرتبہ بعد فراغ نماز کے پھر دو رکعت نماز پڑھے اس طرح پر کہ ہر رکعت مین سورۂ الحمد ایک مرتبہ اور سورۂ توحید سات مرتبہ بعد سلام کے سجدہ مین جائے اور جناب رسولخداؐ پر سات مرتبہ درود بھیجے اور سات مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پھر سجدہ سے سر اُٹھاکر سیدھا بیٹھے اور دونون ہاتھ اُٹھاکر یہ کہے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَيَا رَحِيْمَهُمَا يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ پھر تین مرتبہ يَا عَظِيْمَ الْجَلَالِ پھر ایک مرتبہ يَا بَدِيْعَ الْكَمَالِ يَا كَرِيْمَ الْفِعَالِ يَا كَثِيْرَ النَّوَالِ يَا دَائِمَ الْاَفْضَالِ يَا كَرِيْمُ يَا مُتَعَالُ يَا اَوَّلُ بِلَا مِثَالٍ يَا قَيُّوْمُ بِغَيْرِ زَوَالٍ يَا وَاحِدُ بِلَا انْتِقَالٍ يَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ يَا رَازِقَ الْخَلَائِقِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ اَرِنِيْ وَجْهَ حَبِيْبِيْ وَحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ فِيْ مَنَامِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پھر اپنے بستر پر سیدھی کروٹ سے قبلہ رو ہوکر سو رہے اور جناب رسولخداؐ پر درود بھیجتا چلا جائے یہانتک کہ نیند آجائے انشاء اللہ خواب مین آنحضرتؐ کو دیکھیگا۔

(۶۶) حدیث۔ از بحار واختصاص۔ بحار مین جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ سے اور اختصاص مین سہل ابن زیاد سے ہو کہ فرمایا جناب امام موسی کاظم علیہ السّلام نے کہ جس شخص کی خدا سے کوئی حاجت ہو یا اُسکو یہ منظور ہو کہ ہمکو خواب مین دیکھے یا اپنے مقام کو جنت مین دیکھے بس اُسکو چاہیے کہ تین شب پے درپے غسل کرے اور ہمارا واسطہ دیکر مناجات کرے

تو وہ ہمکو خواب مین دیکھ لیگا اور ہمارے وسیلہ سے اُسکے گناہ بھی بخشدیے جائینگے۔ راوی کہتا ہے کہ مین نے عرض کی کہ اے مولا کوئی شخص شراب پیتا ہو وہ بھی آپ کو خواب مین دیکھ لیگا فرمایا کہ شراب کا پینا دین کو خراب نہین کرتا (یعنی دین اسلام سے باہر نہین ہوتا) لیکن ہمارا چھوڑ دینا اور ہم سے علحدہ ہو جانا دین کو باقی ہی نہین رکھتا۔

(۶۷) صاحب کرامات جناب سید علی ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے کتاب المجتبیٰ مین تحریر فرمایا ہے کہ یہ دعا ہمکو باسناد متصل ایک کتاب معتبر سے ملی ہے اُس کتاب مین ہے کہ مین نے ایک شب نماز بیت المقدس کی مسجد مین پڑھی بعد اسکے مسجد کے ستون سے کمر لگا کر غافل ہو گیا مسجد کے خادمون نے مجکو نہین جگایا دروازہ بند کردیا فرشتون کے پرون کے پھڑپھڑانے سے میری آنکھ کھلی تو مین نے دیکھا کہ تمام مسجد فرشتون سے بھری ہوئی ہے کوئی آدمی نہین ہے مین نے اُنسے عذر کیا اُنھون نے کہا کہ تمھارے ہونے سے کچھ ہرج نہین ہے پھر مین نے اپنے سیدھے جانب سے ایک شخص کو یہ دعا پڑھتے سنا سُبْحَانَ الدَّائِمِ الْقَائِمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی پس بائین طرف سے بھی ایسے ہی کہتے سنا جو اُنمین سے مجھ سے متصل تھا اُس سے مین نے کہا کہ مین اُسی کی قسم تمکو دیتا ہون کہ جسکے تم بندہ ہو یہ سیدھی طرف سے کون بولا تھا اُنھون نے کہا کہ جبرئیل امین پھر مین نے کہا کہ تمکو اُسی کی قسم جس کے تم بندہ ہو جو اس دعا کو پڑھے اُسکے لئے کیا اجر ہے اُنھون نے کہا کہ سال بھر تک ہر روز ایک مرتبہ اسکو کہے وہ نہین مریگا جب تک کہ اپنی جگہ جنت مین نہ دیکھ لے ابوالزاہر یہ کہتے ہین کہ جب صبح ہوئی تو مین نے سوچا کہ خبر نہین کہ مین ایک سال زندہ رہون یا نہ رہون اس سبب سے (ایک جلسہ مین) بیٹھ کر مین نے تین سو ساٹھ مرتبہ اس دعا کو پڑھ لیا پس مین نے اپنا مقام جنت مین دیکھ لیا جو نبی علیہ الرحمہ یہ کہتے ہین کہ مین حج مین گیا اور ربیع ابن صبیح سے ملاقات ہوئی اُنسے بھی مین نے یہ قصہ بیان کیا آیندہ سال اُنسے میری پھر مکّہ مین ملاقات

ہوئی تو اُنھون نے مجھسے کہا کہ ابو الصّلت خدا تمکو جزاے خیر دے تمنے جو کچھ بتلایا تھا وہ
ہمنے پڑھا اور اپنا مقام جنت مین دیکھ لیا ابو الصلت کہتے ہین کہ مین نے علاوہ اسکے
اس دعا مین اور بھی بہت کچھ خیر و برکت دیکھی۔

(۶۸)- تفسیر برہان مین کتاب خواص القرآن سے ہی کہ جو کوئی سورۂ مزمّل کو پڑھیگا اُسکو
ایک بندہ آزاد کرنیکا ثواب ملیگا اور دنیا و آخرت کی عسرت کو دفع کر دیگا اور جو شخص اسکے
پڑھنے کی مداومت کریگا جناب رسولخدا صلعم کو خواب مین دیکھیگا۔

(۶۹)- بلد الامین مین ہی کہ جسکو کوئی سخت مہم درپیش ہو جس سے بچاؤ کی صورت نہو
تو وہ شخص فرش طاہر پر با طہارت سوئے اور عورت اُسکے پاس نہ ہو اور سورۂ واللیل اور
والشمس کو سات سات مرتبہ پڑھے پھر ایک مرتبہ یہ کہے يَا مَلَآئِكَتَ رَبِّي بِحَقِّ هٰذِهِ
السُّوْرَةِ وَمَنْ اَنْزَلَهَا وَبِحَقِّ مَنْ اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ وَبِحَقِّ اِسْمِ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
وَاٰيَاتِهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا اِلَّا اَخْبَرْتَنِي كَذَا وَكَذَا بجاے کذا وکذا کے اپنی حاجت کا
نام لے پس وہ اپنی حاجت کا علاج خواب مین دیکھ لیگا اور اگر کوئی بیمار ہو اور اُسکے لئے
دوا دریافت کرنی ہو تو بجاے اُن دونون سورون کے صرف سورۂ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ
سات مرتبہ پڑھے۔

(۷۰) مجموع الدعوات ابو محمد ہارون ابن موسیٰ سے التلعکبری مین ہی کہ اہل البیت علیہم السلام
سے جو روایت ہی اُسکا خلاصہ یہ ہی کہ جب تمکو یہ منظور ہو کہ اپنے خواب مین وہ تم دیکھ لو کہ جسکی
تمکو احتیاج ہی اور اُسکی تشریح بھی معلوم ہو جائے تو اپنے سیدھے ہاتھ کی ہتیلی پر سورۂ الحمد
و معوذتین اور سورۂ توحید اور سورۂ قدر اور آیۃ الکرسی پانچ پانچ مرتبہ (اُنگلی سے خالی)
بحالت طہارت لکھے اور یہ کہے اَهِيًّا شَرَاهِيًّا اَرِنِي فِي مَنَامِي پس اپنی حاجت کا نام
لے پھر یہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ سَادَتِي وَمَوَالِيَّ وَاَرِنِي ذٰلِكَ بِقُدْرَتِكَ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر پاک و پاکیزہ کپڑہ پر سو رہے اور سورۂ والشمس واللیل

والتین سات سات مرتبہ پڑھے پھر اسکے بعد یہ کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا پس جو کچھ ہونا ہی خواب مین معلوم ہو جائیگا پے درپے سات شب اسی طرح کرے پس کوئی شخص پہلی شب مین آئیگا یا دوسری مین یا پانچوین مین یا ساتوین مین اور تمکو اُس سے نکلنے کی صورت بتلاویگا۔

(۷۱)۔ مکارم الاخلاق مین ہی کہ جو شخص خواب مین ڈرتا ہو اس معوذہ کو لکھکر اپنے پاس رکھے پس ڈرنا موقوف ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْعَرَبِیِّ الْهَاشِمِیِّ الْمَدَنِیِّ الْاَبْطَحِیِّ التِّهَامِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اِلٰی مَنْ حَضَرَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ یَّكُنْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ دَاعِیْ حَقًّا مُبْطِلًا اَوْ مَنْ یُّؤْذِی الْوِلْدَانَ وَیُفْزِعُ الصِّبْیَانَ بِبُكَآئِهِمْ وَیُبَوِّلُهُمْ عَلَی الْفِرَاشِ فَلْتَمْضُوْا اِلٰی اَصْحَابِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰی عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَلْتَخْلُوْا عَنْ اَصْحَابِ الْقُرْاٰنِ فِیْ جِوَارِ الرَّحْمٰنِ وَمَخَازِی الشَّیْطَانِ وَعَنْ اِیْمَانِهِمُ الْقُرْاٰنِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ وَاٰلِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامِ۔

(۷۲)۔ حدیث۔ انوار السلام جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ جناب امام رضاؑ نے بروایت اپنے آباء اطہار جناب امام حسینؑ سے روایت کی ہی کہ وہ فرماتے ہین کہ مین جناب امیرؑ کی خدمت مین بیٹھا تھا کہ ایک اعرابی نے آکر عرض کی کہ میری اہل وعیال زیادہ ہین اور مین مفلس ہون حضرت نے فرمایا کہ تو استغفار کیون نہین پڑھتا کہ جو تیری حالت درست ہو جائے اُسنے کہا کہ مین نے استغفار تو بہت پڑھا مگر میری حالت مین کچھ تغیر نہین ہوتا حضرت نے فرمایا کہ باریتعالیٰ فرماتا ہی اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا تا آخر آیہ (یعنی کلام خدا لغو نہین ہوتا) پھر حضرت نے یہ استغفار تحریر کرکے اُسکو دیا اور فرمایا کہ سوتے وقت اسکو پڑھو دوسرے سال وہ شخص آیا تو اُسنے کہا کہ مجکو باریتعالیٰ نے اسقدر نعمت دی ہی کہ میرے مکان مین نہین سماتی اور حضرت نے فرمایا کہ قسم خدا کی جو شخص اس استغفار

کے ساتھ دعا کریگا خداے تعالیٰ نہ فقط اُسکے گناہ بخشیگا بلکہ اُسکی حاجت مشروعہ بھی برلائیگا
اور اُسکے مال و اولاد میں بہت برکت دیگا۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ
اَسۡتَغۡفِرُكَ مِنۡ كُلِّ ذَنۡبٍ قَوِيَ عَلَيۡهِ بَدَنِيۡ بِعَافِيَتِكَ اَوۡ نَالَتۡهُ قُدۡرَتِيۡ بِفَضۡلِ
نِعۡمَتِكَ اَوۡ بَسَطۡتُ اِلَيۡهِ يَدِيۡ بِسَابِغِ رِزۡقِكَ اَوِ احۡتَجَبۡتُ فِيۡهِ مِنَ النَّاسِ
بِسِتۡرِكَ اَوِ اتَّكَلۡتُ فِيۡهِ عِنۡدَ خَوۡفِيۡ مِنۡهُ عَلٰى اَنَاتِكَ اَوۡ وَثِقۡتُ مِنۡ سَطۡوَتِكَ
عَلَيَّ فِيۡهِ بِحِلۡمِكَ اَوۡ عَوَّلۡتُ فِيۡهِ عَلٰى كَرَمِ عَفۡوِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡتَغۡفِرُكَ مِنۡ
كُلِّ ذَنۡبٍ خُنۡتُ فِيۡهِ اَمَانَتِيۡ اَوۡ بَخَسۡتُ بِفِعۡلِهٖ نَفۡسِيۡ اَوِ احۡتَطَبۡتُ بِهٖ عَلٰى
بَدَنِيۡ اَوۡ قَدَّمۡتُ فِيۡهِ يَدِيۡ اَوۡ اٰثَرۡتُ فِيۡهِ شَهۡوَتِيۡ اَوۡ سَعَيۡتُ فِيۡهِ لِغَيۡرِيۡ
اَوِ اسۡتَغۡوَيۡتُ اِلَيۡهِ مَنۡ تَبِعَنِيۡ اَوۡ كَابَرۡتُ فِيۡهِ مَنۡ مَنَعَنِيۡ اَوۡ قَهَرۡتُ عَلَيۡهِ
مَنۡ عَادَانِيۡ اَوۡ غَلَبۡتُ عَلَيۡهِ بِفَضۡلِ حِيۡلَتِيۡ اَوۡ اَحَلۡتُ عَلَيۡكَ مَوۡلَايَ فَلَمۡ
تُغۡلِبۡنِيۡ عَلٰى فِعۡلِيۡ اِذۡ كُنۡتُ كَارِهًا لِمَعۡصِيَتِيۡ فَحَلُمۡتَ عَنِّيۡ لٰكِنۡ سَبَقَ
عِلۡمُكَ فِيَّ بِفِعۡلِيۡ ذٰلِكَ لَمۡ تُدۡخِلۡنِيۡ يَا رَبِّ فِيۡهِ جَبۡرًا وَلَمۡ تَحۡمِلۡنِيۡ عَلَيۡهِ
قَهۡرًا وَلَمۡ تَظۡلِمۡنِيۡ فِيۡهِ شَيۡئًا فَاَسۡتَغۡفِرُكَ لَهٗ وَلِجَمِيۡعِ ذُنُوۡبِيۡ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ
اَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ تُبۡتُ اِلَيۡكَ مِنۡهُ وَاَقۡدَمۡتُ عَلٰى فِعۡلِهٖ فَاسۡتَحۡيَيۡتُ
مِنۡكَ وَاَنَا عَلَيۡهِ وَرَهِبۡتُكَ وَاَنَا فِيۡهِ تَعَاطَيۡتُهٗ وَعُدۡتُ اِلَيۡهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ
اَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ كَتَبۡتَهٗ عَلَيَّ بِسَبَبِ خَيۡرٍ اَرَدۡتُ بِهٖ وَجۡهَكَ
فَخَالَطَنِيۡ فِيۡهِ سِوَاكَ وَشَارَكَ فِعۡلِيۡ مَا لَا يَخۡلُصُ لَكَ اَوۡ وَجَبَ عَلَيَّ مَا
اَرَدۡتُ بِهٖ سِوَاكَ وَكَثِيۡرٌ مِنۡ فِعۡلِيۡ مَا يَكُوۡنُ كَذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡتَغۡفِرُكَ
لِكُلِّ ذَنۡبٍ يُوۡرِدُ عَلَيَّ بِسَبَبِ عَهۡدٍ عَاهَدۡتُكَ عَلَيۡهِ اَوۡ عَقۡدٍ عَقَدۡتُهٗ
لَكَ اَوۡ ذِمَّةٍ وَاثَقۡتُ بِهَا مِنۡ اَجۡلِكَ لِاَحَدٍ مِّنۡ خَلۡقِكَ ثُمَّ نَقَضۡتُ
ذٰلِكَ مِنۡ غَيۡرِ ضَرُوۡرَةٍ لَزِمَتۡنِيۡ فِيۡهِ بَلِ اسۡتَزَلَّنِيۡ اِلَيۡهِ عَنِ الۡوَفَاءِ

بِهِ الْاَشَرُ وَمَنَعَنِي عَنْ رِعَايَتِهِ الْبَطَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ رَهِبْتُ
فِيْهِ مِنْ عِبَادِكَ وَخِفْتُ فِيْهِ غَيْرَكَ وَاسْتَحْيَيْتُ فِيْهِ مِنْ خَلْقِكَ ثُمَّ
اَفْضَيْتُ بِهٖ فِعْلِيْ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اَقْدَمْتُ عَلَيْهِ
وَاَنَا مُسْتَيْقِنٌ اَنَّكَ تُعَاقِبُ عَلٰى ارْتِكَابِهٖ فَارْتَكَبْتُهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ
لِكُلِّ ذَنْبٍ قَدَّمْتُ فِيْهِ شَهْوَتِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ وَاٰثَرْتُ مَحَبَّتِيْ عَلٰى اَمْرِكَ
وَاَرْضَيْتُ فِيْهِ نَفْسِيْ بِسَخَطِكَ وَقَدْ نَهَيْتَنِيْ عَنْهُ بِنَهْيِكَ وَتَقَدَّمْتَ
اِلَيَّ فِيْهِ بِاِعْذَارِكَ وَاحْتَجَجْتَ عَلَيَّ فِيْهِ بِوَعِيْدِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ
لِكُلِّ ذَنْبٍ عَلِمْتُهٗ مِنْ نَفْسِيْ اَوْ ذَهِلْتُهٗ اَوْ نَسِيْتُهٗ اَوْ تَعَمَّدْتُهٗ اَوْ اَخْطَأْتُهٗ
مِمَّا لَا اَشُكُّ اَنَّكَ سَائِلِيْ عَنْهُ وَاَنَّ نَفْسِيْ مُرْتَهَنَةٌ بِهٖ لَدَيْكَ وَاِنْ كُنْتُ
قَدْ نَسِيْتُهٗ اَوْ اَغْفَلَتْ نَفْسِيْ عَنْهُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ وَاجَهْتُكَ
بِهٖ وَقَدْ اَيْقَنْتُ اَنَّكَ تَرَانِيْ وَاَغْفَلْتُ اَنْ اَتُوْبَ اِلَيْكَ مِنْهُ اَوْ نَسِيْتُ
اَنْ اَسْتَغْفِرُكَ لَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ دَخَلْتُ فِيْهِ وَ
اَحْسَنْتُ ظَنِّيْ بِكَ لَا تُعَذِّبُنِيْ عَلَيْهِ اَوْ رَجُوْتُكَ لِمَغْفِرَتِهٖ اِلٰى
فَارْتَكَبْتُهٗ وَقَدْ عَوَّلْتُ عَلٰى حُسْنِ ظَنِّيْ بِكَ لَا تُعَذِّبُنِيْ عَلَيْهِ وَاَنَّكَ
تَكْفِيْنِيْ مِنْهُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اِسْتَوْجَبْتُ بِهٖ مِنْكَ
رَدَّ الدُّعَاءِ وَحِرْمَانَ الْاِجَابَةِ وَخَيْبَةَ الطَّمَعِ وَانْفِسَاخَ الرَّجَاءِ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ يُعَقِّبُ الْحَسْرَةَ وَيُوْرِثُ الْاَسْقَامَ وَيُعَقِّبُ
الضَّنَا وَيُوْجِبُ النِّقَمَ وَيَكُوْنُ اٰخِرُهٗ حَسْرَةً وَنَدَامَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ
لِكُلِّ ذَنْبٍ مَدَحْتُهٗ بِلِسَانِيْ اَوْ هَشَّتْ اِلَيْهِ نَفْسِيْ اَوِ اكْتَسَبْتُهٗ بِيَدِيْ
وَهُوَ عِنْدَكَ قَبِيْحٌ تُعَاقِبُ عَلٰى مِثْلِهٖ وَتَمْقُتُ مَنْ عَمِلَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ خَلَوْتُ بِهٖ فِيْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ حَيْثُ لَا يَرَانِيْ اَحَدٌ

مِنْ خَلْقِكَ فَمَثَلْتُ فِيهِ بَيْنَ تَرْكِهِ لِخَوْفِكَ أَوِ ارْتِكَابِهِ لِحُسْنِ الظَّنِّ بِكَ
فَسَوَّلَتْ لِي نَفْسِي الْإِقْدَامَ عَلَيْهِ فَوَاقَعْتُهُ وَأَنَا صَارِفٌ بِمَعْصِيَتِي لَكَ
فِيهِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اسْتَقْلَلْتُهُ أَوِ اسْتَصْغَرْتُهُ
أَوِ اسْتَعْظَمْتُهُ وَتَوَرَّطْتُ فِيهِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ مَايَلْتُ
فِيهِ عَلَى أَحَدٍ مِنْ بَرِيَّتِكَ أَوْ زَيَّنْتُهُ لِنَفْسِي أَوْ أَوْمَأْتُ بِهِ إِلَى غَيْرِي
وَدَلَلْتُ عَلَيْهِ سِوَايَ وَأَصْرَرْتُ عَلَيْهِ بِعَمْدِي أَوْ أَقَمْتُ عَلَيْهِ بِحِيلَتِي
اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اسْتَعَنْتُ عَلَيْهِ بِحِيلَتِي لِشَيْءٍ مِمَّا يُرَادُ بِهِ
وَجْهُكَ أَوْ يُسْتَظْهَرُ بِمِثْلِهِ عَلَى طَاعَتِكَ أَوْ يُتَقَرَّبُ بِمِثْلِهِ إِلَيْكَ وَوَارَيْتُ
عَنِ النَّاسِ وَلَبَّسْتُ فِيهِ كَأَنِّي أُرِيدُكَ بِحِيلَتِي وَالْمُرَادُ بِهِ مَعْصِيَتُكَ
وَالْهَوَى فِيهِ مُتَصَرِّفٌ عَلَى غَيْرِ طَاعَتِكَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ
ذَنْبٍ كَتَبْتَهُ عَلَيَّ بِسَبَبِ عُجْبٍ كَانَ بِنَفْسِي أَوْ رِيَاءٍ أَوْ سُمْعَةٍ أَوْ خُيَلَاءَ
أَوْ فَرَحٍ أَوْ مَرَحٍ أَوْ أَشَرٍ أَوْ بَطَرٍ أَوْ حِقْدٍ أَوْ حَمِيَّةٍ أَوْ غَضَبٍ أَوْ رِضًى أَوْ شُحٍّ
أَوْ بُخْلٍ أَوْ ظُلْمٍ أَوْ خِيَانَةٍ أَوْ سَرِقَةٍ أَوْ كِذْبٍ أَوْ لَهْوٍ أَوْ لَعِبٍ أَوْ نَوْعٍ مِنْ
أَنْوَاعِ مَا يُكْتَسَبُ بِمِثْلِهِ الذُّنُوبُ وَيَكُونُ بِاجْتِرَاحِهِ الْعَطَبُ اللّٰهُمَّ
إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ سَبَقَ فِي عِلْمِكَ أَنِّي فَاعِلُهُ فَدَخَلْتُ فِيهِ
بِشَهْوَتِي وَاجْتَرَحْتُ فِيهِ بِإِرَادَتِي وَقَارَفْتُهُ بِمَحَبَّتِي وَلَذَّتِي وَمَشِيَّتِي وَشِئْتُهُ
إِذْ شِئْتَ أَنْ أَشَاءَهُ وَأَرَدْتُهُ إِذْ أَرَدْتَ أَنْ أُرِيدَهُ فَعَمِلْتُهُ إِذْ كَانَ فِي
قَدِيمِ تَقْدِيرِكَ وَنَافِذِ عِلْمِكَ أَنِّي فَاعِلُهُ لَمْ تُدْخِلْنِي فِيهِ جَبْرًا وَلَمْ تَحْمِلْنِي
عَلَيْهِ قَهْرًا وَلَمْ تَظْلِمْنِي فِيهِ شَيْئًا فَأَسْتَغْفِرُكَ لَهُ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ جَرَى بِهِ عِلْمُكَ
عَلَيَّ وَفِيَّ إِلَى آخِرِ عُمُرِي اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ مَالَ بِسَخَطِي فِيهِ
عَنْ رِضَاكَ وَمَالَتْ نَفْسِي إِلَى رِضَاهَا فَسَخِطْتُهُ أَوْ رَهِبْتُ فِيهِ سِوَاكَ

اَوْ عَادَيْتُ فِيْهِ اَوْلِيَآئَكَ اَوْ وَالَيْتُ فِيْهِ اَعْدَآئَكَ اَوِ اخْتَرْتُهُمْ عَلٰى اَصْفِيَآئِكَ
اَوْ خَذَلْتُ فِيْهِ اَحِبَّآئَكَ اَوْ قَصَّرْتُ فِيْهِ عَنْ رِضَاكَ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ثُمَّ عُدْتُ فِيْهِ وَعُدْتُ فِيْهِ
وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا اَعْطَيْتُكَ مِنْ نَفْسِيْ ثُمَّ لَمْ اَفِ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِيْ
اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ فَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعَاصِيْكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُ
بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِيْ مَا لَيْسَ لَكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا دَعَانِيْ اِلَيْهِ التَّرَخُّصُ
فِيْمَا اشْتَبَهَ عَلَيَّ مِمَّا هُوَ عِنْدَكَ حَرَامٌ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلذُّنُوْبِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُهَا
غَيْرُكَ وَلَا يَطَّلِعُ عَلَيْهَا سِوَاكَ وَلَا يَحْتَمِلُهَا اِلَّا حِلْمُكَ وَلَا يَسَعُهَا اِلَّا عَفْوُكَ
وَاَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنْ مَظَالِمَ كَثِيْرَةٍ لِعِبَادِكَ قِبَلِيْ يَا رَبِّ فَلَمْ
اَسْتَطِعْ رَدَّهَا عَلَيْهِمْ وَتَحْلِيْلَهَا مِنْهُمْ اَوْ شَهِدُوْا فَاسْتَحْيَيْتُ مِنِ اسْتِحْلَالِهِمْ
وَالطَّلَبِ اِلَيْهِمْ وَاِعْلَامِهِمْ ذٰلِكَ وَاَنْتَ الْقَادِرُ اَنْ تَسْتَوْهِبَنِيْ مِنْهُمْ
وَتُرْضِيَهُمْ عَنِّيْ كَيْفَ شِئْتَ وَبِمَا شِئْتَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَاَحْكَمَ
الْحَاكِمِيْنَ وَخَيْرَ الْغَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اسْتِغْفَارِيْ اِيَّاكَ مَعَ الْاِصْرَارِ
لُؤْمٌ وَتَرْكِيَ الْاِسْتِغْفَارَ مَعَ مَعْرِفَتِيْ بِسَعَةِ جُوْدِكَ وَرَحْمَتِكَ عَجْزٌ فَكَمْ
تَتَحَبَّبُ اِلَيَّ يَا رَبِّ وَاَنْتَ الْغَنِيُّ عَنِّيْ وَكَمْ اَتَبَغَّضُ اِلَيْكَ وَاَنَا الْفَقِيْرُ
اِلَيْكَ وَاِلٰى رَحْمَتِكَ فَيَا مَنْ وَعَدَ وَوَفٰى وَاَوْعَدَ فَعَفَا اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ
وَاعْفُ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ٥۔

باب ستاونؔ فضیلت عبادت شب و اعمال شب و نماز شب مین

فضیلت عبادت شب (ا) احادیث ائمہ سے فضیلت عبادت شب مین بکثرت

مدح القایمین فی اللیل (الف) حدیث از بحار بحوالہ کتاب اعلام الدین۔ فرمایا جناب امام حسن عسکری ع نے
کہ خدا کے حضور مین پہونچنا ایک ایسا سفر ہے کہ شب کو جاگے بغیر وہ طے نہین ہو سکتا مؤلف یعنی عبادت خدا مین تمام شب جاگے بغیر

وارد ہین شب مین عبادت کرنا بمقابلہ دن کے فضیلت زیادہ رکھتا ہی وجہ اُسکی بظاہر یہ معلوم ہوتی ہی کہ شب محض واسطے آسایش و آرام و سونے کے لئے ہی اور جو شخص اپنا آسایش و آرام اور سونا محض برضاے خدا و خوشنودی خدا کے ترک کر کے ایک ساعت خدا کی عبادت مین صرف کرے تو یہ ایک ساعت اُس سے افضل ہی کہ جو تمام دیگر ساعات مین عبادت کرے عبادت وہی عبادت ہی کہ جو اپنی آسایش و آرام پر مقدم کر کے محض برضاے خدا کی جاوے۔

(۲) حدیث ۔ از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ جو کوئی شب کے دس حصہ مین سے ایک حصہ مین یعنی دسوین حصہ شب مین عبادت کرے واسطے خوشنودی خدا اور امید ثواب کے تو خداے تعالیٰ ملائکہ سے فرماتا ہی کہ اے ملائکہ حسنات لکھو واسطے اس بندۂ مومن کے بعدد ہر دانہ و بعدد درختان اور بعدد برگہاے درختان اور بعدد ہر گھاس کے اور بعدد ہر چیز کے جو زمین سے جمی ہو اور جو کوئی رات کے نو حصہ مین سے ایک حصہ مین عبادت کرے تو خداے تعالیٰ روز قیامت مین موںہہ اُسکا مثل ماہ کے روشن کرے اور ہمراہ اُن

(حاشیہ صفحہ ۹۳) (ب۲) حدیث از ربیع الابرار۔ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ میری اُمت مین سب سے زیادہ اشراف حاملین قرآن اور شب بیدار لوگ ہین۔

(ج۳) حدیث ۔ از غرر فرمایا جناب امیر ع نے کہ جسوقت باریتعالیٰ کو اپنے بندہ کی بہتری منظور ہوتی ہی تو اُسکے دل مین یہ تین باتین ڈالدیتا ہی۔ کم گوئی[۱]۔ کم خواری[۲]۔ کم خوابی[۳]۔

(د۴) حدیث ۔ از نہج البلاغہ جناب امیر ع نے جو فرمان عثمان بن حنیف کے نام لکھا ہی اُسکا ایک جزیہ ہی کہ خوشا حال اُس نفس کا جسنے اپنے پروردگار کے فرائض کو ادا کر دیا اور خوف نے اُسکے پہلوؤن کو کب کیا دیا اور رات کو آنکھین بند کرنا ہی موقوف ہو گیا یہانتک کہ کبھی نیند غالب بھی آگئی تو زمین کو بچھونا بنایا اور ہتھیلیون سے سہارا لیا (یعنے سجدہ کیا) ایسا نفس اُس گروہ مین داخل ہی جنکی آنکھین خوف قیامت سے بیدار رہتی ہین اور جنکی کروٹین بستر سے آشنا نہین ہوتین اور جنکے ہونٹ ذکر خدا مین متحرک ہوتے رہتے ہین اور

مومنون کے کہ جو اہوال یعنے دہشت روز قیامت سے ایمن ہین صراط سے گذرے اور جو کوئی
رات کے چھٹے حصہ مین سے ایک حصہ مین عبادت کرے خدائے تعالیٰ گناہان گذشتہ اُسکے
بخشدیوے اور بعدو ریگ بیابان کے حسنات اُسکو عطا فرماوے کہ کوچک ترین وہ حسنات
کوہ احد سے دس حصہ زیادہ ہون اور جو کوئی رات کے پانچ حصہ مین سے عبادت کرے تو
خدائے تعالیٰ اُسکو برابر حضرت ابراہیم ؑ کے بہشت مین رکھے اور جو کوئی رات کے چار حصون
مین سے ایک حصہ مین عبادت خدا کرے مثل تیز ہوا کے صراط سے گذرے اور بے حساب
داخل بہشت ہووے اور جو کوئی رات کے تین حصون مین سے ایک حصہ مین یعنے ثلث شب
مین عبادت خدا کرے پس خدائے تعالیٰ کے نزدیک ایسی منزلت ہو کہ سب فرشتہ اُسکی منزلت
دیکھکر رشک کرین اور جس دروازہ سے چاہے داخل بہشت ہو اور اگر شب کے دو حصہ مین سے
ایک حصہ مین یعنی نصف شب مین عبادت کرے تو خدائے تعالیٰ زیادہ ستر بندہ اولاد اسمٰعیل سے
آزاد کرنیکا ثواب عطا فرماوے اور جو کوئی تمام شب عبادت کرے تو خدائے تعالیٰ اسقدر ثواب

(حاشیہ صفحہ ۹۴) جنکے گناہ زیادہ استغفار پڑھنے سے دور ہو جاتے ہین اللہ کا گروہ یہی ہین اور آگاہ رہو
کہ اللہ کا گروہ ضرور فلاح پانے والے ہین۔

(۵) حدیث۔ ایضاً حدیث ہمام مین ہی کہ فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ (متقی لوگ) رات کو اپنے پانون
برابر جما کر کھڑے ہوتے ہین اور قرآن مجید کے بہت سے سورہ ترتیب کے ساتھ پڑھتے چلے جاتے ہین
جس سے اُنکے قلوب اُس سے کبھی محزون ہوتے ہین اور کبھی خوش وہ اُنکی بیماریون کی دوا ہی جب اُنکا
گذر کسی ایسی آیت پر ہوتا ہی جسمین شوق دلایا گیا ہی تو خواہش کرکے اُسکی طرف مائل ہوتے ہین اور
اُنکے نفوس پورے شوق سے اُسکی طرف متوجہ ہو جاتے ہین اور وہ خیال کر لیتے ہین کہ جن چیزون کا شوق
دلایا گیا ہی اُسکا سما اُنکی آنکھون مین پھر رہا ہی اور جب کسی ایسی آیت پر سے گذر ہوتا ہی جسمین خوف دلایا گیا ہی
تو اُنکے دل کے کان اُدھر لگ جاتے ہین اور وہ خیال کرتے ہین کہ جہنم کی آواز اُسکے چیخ پکار اُن کے
کانون مین گونج رہی ہی پس وہ ڈر جاتے ہین۔

اُسکو عطا فرماوے کہ کمتر اُنمین سے یہ ہی کہ گناہون سے پاک ہو مثل اسکے کہ جیسے شکم مادر سے پیدا ہوا اور بعد وہر چیز کے کہ خدا نے پیدا کی ہی حسنات واسطے اسکے عطا فرماوے اور درجہ بلند کرے اور گناہ و حسد اُسکے دل سے دُور کرے اور قبر اُسکی نورانی کرے اور عذاب قبر سے امن کرے اور آتش دوزخ سے رہائی دیوے اور خدا تعالیٰ ملائکہ سے فرماوے کہ اے ملائکہ اس میرے بندۂ مؤمن کو دیکھو کہ اسنے تمام شب واسطے میری رضا کے عبادت کی ہی اسکو جنت فردوس مین ایسی جگہ دو کہ اسکو خوش آوے اور سوائے کرامت اور زیادتی ثواب کے اسکو مجھسے ایک قربت ہی کہ واسطے اسکے مین نے عطا فرمائی۔

(۳) حدیث۔ از کتاب شریف عدۃ الداعی جناب ابن فہد علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ ہر شب جمعہ مین بلکہ ہر شب مین اوّل شب سے تا آخر شب ایک فرشتہ پائے عرش سے ندا کرتا ہی کہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہی کہ آیا کوئی بندہ مؤمن ہی کہ کوئی حاجت دین و دنیا کی طلب کرے قبل صبح سے تاکہ بر لاؤن مین اور آیا کوئی بندہ مؤمن ہی کہ زیادتی رزق اور روزی

(حاشیہ صفحہ ۹۵) **من مؤلف**۔ جناب ہمام جناب امیرؑ کے بزرگ اصحاب مین سے تھے ایکدن اُنھون نے عرض کی کہ یا امیر المؤمنین صفات متقی مجکو سنا دیجئے جناب امیرؑ نے ٹالنا چاہا مگر اُنھون نے اصرار کیا انکے اصرار پر حضرت نے سنائے جسکے ختم ہونے کے پہلے ہی سے انکے چہرہ کا رنگ فق ہوگیا ہاتھ پانوؤن مین لرزہ پڑ گیا بالآخر گر پڑے اور رُوح اُنکی پرواز کر گئی جناب امیرؑ نے حاضرین سے کہا کہ مین اسی وجہ سے ٹالتا تھا حدیث مذکور اسی حدیث کا جُز ہی۔

(۴) حدیث۔ از بحار فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ خدائے تعالیٰ نے خود دنیا کی طرف وحی فرمائی کہ جو لوگ تیرے خادم بنین اُنکو تو خوب تھکا اور جو تجکو چھوڑ دین تو تو خود اُنکی خدمت کر اور اندھیری رات مین جسوقت بندہ اپنے آقا کے ساتھ تنہا ہو اور مناجات کرے تو خدائے تعالیٰ اُسکے دل مین نور کو قائم کر دیتا ہی اور جسوقت وہ یہ عرض کرتا ہی یا ربّ یا ربّ اُسوقت ارشاد ہوتا ہی کہ اے میرے بندہ مین موجود ہون تو سوال کر مین عطا کرونگا تو مجھپر توکل کر مین تیرے لئے

حلال مجھ سے طلب کرے قبل صبح سے تاکہ روزی حلال اُسکو دون اور آیا کوئی بندہ مومن ہی کہ زیادتی رزق حلال کا مجھ سے سوال کرے قبل صبح سے تاکہ رزق حلال زیادہ دون اور روزی فراخ عطا کرون اور آیا کوئی بندہ مؤمن بیمار ہی کہ مجھ سے شفا طلب کرے قبل صبح سے تاکہ صحت اُسکو عطا کرون۔ اور آیا کوئی بندہ مؤمن قید مین ہی کہ رہائی قید کا مجھ سے سوال کرے تاکہ رہا کرون اور غم وہم اُسکا دور کرون اور آیا کوئی بندہ مؤمن دست ظالم مین گرفتار ہے کہ مجھ سے سوال کرے تاکہ اُسکو دست ظالم سے رہا کرؤن پس اسیطرح آخر شب تک وہ فرشتہ ندا کرتا رہتا ہی۔

فضیلت نصف شب

(۴) وقت نصف شب کا یعنی بعد نصف شب کے ایک ساعت تک اوقات استجابت دعا مین سے ہی اور اس ساعت کا نام ساعت ہفتم ہی جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے اس ساعت کو اوقات استجابت دعا مین سے تحریر فرمایا ہی (ملاحظہ ہو تفصیل اوقات استجابت دعا مندرجہ نمبر (۱۵) فصل ۸۲ کتاب ہذا)۔

(حاشیہ صفحہ ۹۶) کفایت کرونگا پھر فرشتون سے ارشاد فرماتا ہی کہ اے میرے فرشتو میرے اس بندہ کی طرف دیکھو کہ اس اندھیری رات مین جبکہ سب سو رہے ہین یہ اکیلا میری طرف متوجہ ہے تم گواہ رہو کہ مین نے اسکے سب گناہ بخشدئے۔

(ش) حدیث۔ از ارشاد دیلمی فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جسوقت باریتعالی اولین و آخرین کو جمع کریگا اُسوقت منادی یہ ندا دیگا کہ وہ لوگ کھڑے ہوجائین جو شب مین اپنے بسترون سے پہلو نہ لگاتے تھے اور اپنے پروردگار سے امید و بیم کے ساتھ دعا کرتے رہتے تھے پس وہ کھڑے ہوجائینگے اور وہ بہت ہی تھوڑے ہونگے پھر اللہ تعالی اور لوگونکا حساب اُنکے بعد کریگا اور یہ بھی آنحضرت نے فرمایا کہ جسوقت بندہ اپنے بستر سے اس حال مین اُٹھتا ہی کہ نیند اُسکی آنکھون مین بھری ہوئی ہوتی ہی اور نماز شب سے اپنے پروردگار کو خوش کرتا ہی تو خداے تعالی اس بندہ کے سبب سے فرشتون پر فخر کرتا ہی اور یہ فرماتا ہی کہ اس میرے بندہ کو دیکھو کہ باوجود اسکے کہ یہ نماز مین اپنے اسپر واجب

حدیث - از کافی جناب شیخ محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ - فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ شب مین ایک ساعت ہو کہ اُس ساعت مین نماز پڑھکر جو دعا کرے خدا تعالیٰ مستجاب فرماتا ہو راوی نے عرض کیا کہ وہ کونسی ساعت ہی ارشاد فرمایا کہ بعد گذرنے نصف شب کے جو باقی نصف شب رہے اُس بقیہ نصف شب کا اول حصہ یعنے اول ساعت اُس بقیہ نصف شب کی - پس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ بعد گذرنے نصف شب کے ایک ساعت تک وقت استجابت دعا کا ہے -

اِسی سبب سے بعض علما نماز شب کو اسطرح بجا لاتے ہین کہ چار رکعت نماز شب بوقت نصف شب یعنے بساعت ہفتم اور باقی سات رکعت نماز شب آخر شب مین چنانچہ مجھ سے مولانا و مقتدانا جناب شیخ محمد صاحب قبلہ مدظلہ العالی ابن جناب شیخ زین العابدین مازندرانی اعلی اللہ مقامہ صاحب ذخیرۃ المعاد نے فرمایا کہ میرے والد ماجد اعلی اللہ مقامہ نماز شب کو اسیطرح بجا لاتے تھے کہ چار رکعت نماز شب بوقت نصف شب ادا کر کے سو رہتے تھے پھر باقی سات رکعت نماز آخر شب مین ادا کرتے تھے اور کبھی آٹھ رکعت نماز شب بوقت نصف شب اور باقی تین رکعت نماز شفع و وتر آخر شب مین ادا کرتے تھے فقط مین نے اسپر تجربہ کیا ہی کہ وقت نصف شب کا برائے استجابت دعا مثل کبریت احمر کے ہی اسی سبب سے اکثر عمل برائے کفایت مہمات

(حاشیہ صفحہ ۹۷) نہین کی تاہم میری رضاجوئی کے لئے اپنے بستر سے اُٹھا اور اپنے شیرین خواب کو چھوڑ دیا اب تم گواہ رہو کہ مین نے اسکے سب گناہ بخشدیے۔

(خ) حدیث - ارشاد و امالی وغیرہ مین منقول ہی کہ ایک شب جناب امیر ع مسجد سے نکلے وہ شب چاندنی رات تھی جناب امیر ع نے قبرستان کا ارادہ کیا ایک گروہ آپ کے نشان قدم پر پیچھے پیچھے آکر آ ملا حضرت اُنکی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ کیا بات ہی کہ مین شیعون کی کوئی علامت تم مین نہین دیکھتا اُنھون نے عرض کی کہ یا امیر المومنین شیعون کی علامت کیا ہی فرمایا شب بیداری سے چہرون کا زرد ہو جانا -

مخصوص بوقت نصف شب وارد ہین۔ منجملہ اُنکے ایک عمل دعاے سہم اللیل کا ہی۔

(۵) بوقت نصف شب دو رکعت نماز بہ نیت قربت بجالاوے پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھے بعد ازان گیارہ مرتبہ دعائے سہم اللیل پڑھے بعد اسکے پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھے واسطے حصول حاجت عظیمہ کے شب پنجشنبہ سے شروع کرکے شب شنبہ کو تمام کرے تین شب پے درپے اسکو بجالاوے وقت ناغہ نہ ہووے مجربات صحیحہ سے ہی۔ اور اگر گیارہ شب پے درپے بجالاوے ضرور حاجت برآوے۔ دعاے سہم اللیل جناب صاحب الامر سے منقول ہی اور اس دعا کو جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے مصباح مین تحریر فرمایا ہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِعَزِيْزِ تَعْزِيْزِ اعْتِزَازِ عِزَّتِكَ بِطَوْلِ حَوْلِ شَدِيْدِ قُوَّتِكَ بِقُدْرَةِ مِقْدَارِ اقْتِدَارِ قُدْرَتِكَ بِتَاكِيْدِ تَحْمِيْدِ تَمْجِيْدِ عَظَمَتِكَ بِسُمُوِّ نُمُوِّ عُلُوِّ رِفْعَتِكَ بِدَيْمُوْمِ قَيُّوْمِ دَوَامِ مُدَّتِكَ بِرِضْوَانِ غُفْرَانِ اَمَانِ رَحْمَتِكَ بِرَفِيْعِ مَنِيْعِ سَلْطَنَتِكَ بِسُعَةِ صَلَاةِ بِسَاطِ رَحْمَتِكَ بِحَقَائِقِ الْحَقِّ مِنْ حَقِّ حَقِّكَ بِمَكْنُوْنِ السِّرِّ مِنْ سِرِّ سِرِّكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عِزِّ عِزِّكَ بِحَنِيْنِ اَنِيْنِ تَسْكِيْنِ الْمُرِيْدِيْنَ بِحُرَقَاتِ خَضَعَاتِ زَفَرَاتِ الْخَائِفِيْنَ بِاٰمَالِ اَعْمَالِ اَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِيْنَ بِتَخَشُّعِ تَقَطُّعِ مَرَارَاتِ الصَّابِرِيْنَ بِتَعَبُّدِ

(حاشیہ صفحہ ۹۸) (ط) حدیث۔ از صفات الشیعہ جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جناب امام زین العابدین ع اپنی دولت سرا مین تشریف فرما تھے کہ کچھ لوگون نے آکر دروازہ کھٹکھٹایا لونڈی سے فرمایا کہ دیکھ دروازہ پر کون ہی اُن لوگون سے دریافت کیا تو اُن لوگون نے یہ کہا کہ ہم ایک گروہ آپ کے شیعون مین سے ہی حضرت اسقدر جلدی کرکے اُٹھے کہ قریب تھا گر پڑین دروازہ کھولکر اُن لوگون کی طرف دیکھا واپس آئے فرمایا کہ یہ جھوٹے ہین انکے چہرون پر نشان عبادت کا کہان ہی اور نشان سجدہ کا کہان ہی ہمارے شیعہ تو صرف وہ ہین جو اپنی عبادت اور پریشان حالی سے شناخت کئے جاتے ہین کثرت عبادت اُن کی

تَهَجُّدِ تَمَجُّدِ بِجَلَدِ الْعَابِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ ذَهَلَتِ الْعُقُوْلُ وَانْحَسَرَتِ الْاَبْصَارُ وَضَاعَتِ الْاَفْهَامُ وَحَارَتِ الْاَوْهَامُ وَقَصُرَتِ الْخَوَاطِرُ وَبَعُدَتِ الظُّنُوْنُ عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِ كَيْفِيَّةِ مَاظَهَرَ مِنْ بَوَادِيْ عَجَائِبِ اَصْنَافِ بَدَائِعِ قُدْرَتِكَ دُوْنَ الْبُلُوْغِ اِلٰى مَعْرِفَةِ تَلَالُؤِ لَمَعَاتِ لَمَعَانِ بُرُوْقِ سَمَائِكَ اَللّٰهُمَّ مُحَرِّكَ الْحَرَكَاتِ وَنِهَايَةَ الْغَايَاتِ وَمُخْرِجَ يَنَابِيْعِ تَفْرِيْعِ قُضْبَانِ النَّبَاتِ يَامَنْ شَقَّ صُمَّ جَلَامِيْدِ الصُّخُوْرِ الرَّاسِيَاتِ وَاَنْبَعَ مِنْهَا مَآءً مَعِيْنًا حَيٰوةً لِلْمَخْلُوْقَاتِ فَاَحْيٰى مِنْهَا الْحَيَوَانِ وَالنَّبَاتَ وَعَلِمَ مَا اخْتَلَجَ فِيْ سِرِّ اَفْكَارِهِمْ مِنْ نُطْقِ اِشَارَاتِ خَفِيَّاتِ لُغَاتِ النَّمْلِ السَّارِحَاتِ يَامَنْ سَبَّحَتْ وَهَلَّلَتْ وَقَدَّسَتْ وَكَبَّرَتْ وَسَجَدَتْ لِجَلَالِ جَمَالِ اَقْوَالِ عَظِيْمِ عِزَّةِ جَبَرُوْتِ مَلَكُوْتِ سَلْطَنَتِهٖ مَلَآئِكَةُ السَّبْعِ السَّمٰوٰتِ يَامَنْ دَارَتْ فَاَضَاءَتْ وَاَنَارَتْ بِدَوَامِ دَيْمُوْمِيَّتِهِ النُّجُوْمُ الزَّاهِرَاتُ وَاَحْصٰى عَدَدَ الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّاتِ وَافْعَلْ بِيْ پس فوراً سجدہ مین جاکر دعا کرے اور اگر ہر شب بعد نماز شب کے دعاے مذکور پر مداومت کرے بہتر ہی۔

(۶) - برائے قضائے حاجات عظیمہ کے بوقت نصف شب اُس عمل کا بجالانا بھی مجربات

(حاشیہ صفحہ ۹۹) ناک تک زخمی کردیتی ہے اور اُنکی پیشانیون اور سجدہ کے کل مقامات پر نشان ڈالدیتی ہے اُنکے پیٹ خالی اُنکے ہونٹ لٹکے ہوئے چہرہ اُنکی عبادت سے سوجے ہوئے اور زیادہ بیداری سے مرجھائے ہوئے جسم اُنکے دُبلے جسوقت اور لوگ خاموش ہون وہ تسبیح پڑھتے ہوتے ہین اور جب اور سوتے ہون وہ نماز پڑھتے ہوتے ہین زہد اُنکی شناخت ہی کلام اُنکا رحمت ہی اور مشغلہ جنت ہی۔

(۱۰) حدیث - ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ ہمارے شیعہ پرہیزگار عبادت خدا مین کوشش کرنے والے باوفا امانت گذار زاہد عابد رات اور دن مین اکاون رکعت

صحیحہ سے ہی کہ جسکو مین نے بنمبر (۲) باب پچیس مین تحریر کیا ہی۔

(۷) حدیث- فرمایا جناب امام زین العابدین ع نے کہ واسطے حاجت عظیمہ چار رکعت نماز بجالاوے دو دو رکعت کر کے رکعت اوّل مین بعد الحمد کے سورہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ اور رکعت دویم مین بعد سورہ الحمد کے سورہ اِذَا جَآءَ اور رکعت سویم مین بعد الحمد کے سورہ کافرون اور رکعت چہارم مین بعد الحمد کے سورہ توحید پڑھے بعد سلام کے دونون ہاتھ اُٹھا کر کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الَّتِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِہٖ عَلٰی اَبْوَابِ السَّمَآءِ لِلْفَتْحِ انْفَتَحَتْ وَاِذَا دُعِیْتَ بِھَا عَلٰی مَضَائِقِ اَبْوَابِ الْاَرْضِ لِلْفَرَجِ انْفَرَجَتْ وَاَسْاَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الَّتِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِھَا عَلٰی اَبْوَابِ الْعُسْرِ لِلْیُسْرِ تَیَسَّرَتْ وَاَسْاَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الَّتِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِھَا عَلَی الْقُبُوْرِ لِلنُّشُوْرِ انْتَشَرَتْ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاقْلِبْنِیْ بِقَضَآءِ حَاجَتِیْ پس حاجت طلب کرے قسم ہی خدا کی کہ جسنے پیدا کیا ہی جو کوئی اس عمل کو بجالاوے حاجت اُسکی برآوے۔

من مؤلف- اس عمل کو اسوقت مین اس سبب سے تحریر کیا گیا ہی کہ یہ وقت یعنے نصف شب کا استجابت دعا کا ہی ورنہ اختیار ہی جسوقت چاہے اس عمل کو بجالائے مگر اوقات استجابت دعا مین بجالائے تو افضل تر ہی۔

(حاشیہ صفحہ ۱۰۰) پڑھنے والے دن مین روزہ رکھنے والے اور رات کو عبادت کرنے والے ہوتے ہین

(یا) حدیث- از کافی- اصحاب کے ایک گروہ سے جناب امیرؑ کی ایک حدیث کافی مین منقول ہی کہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ مین نے جناب رسولخداؐ سے عرض کی کہ مجکو صفت مومن سے آگاہ کیجیے حضرت نے اپنا سر مبارک جھکا لیا اور یہ فرمایا کہ مومن مین بیس ۲۰ خصلتین ہوتی ہین اگر وہ نہ ہون تو اُسکا ایمان کامل نہین ہوتا ازان جملہ وہ یہ ہین کہ شب بیداری دن کا بہادر یعنی جہاد کرنا دن کے روزہ رکھنے والے رات کے نماز پڑھنے والے۔

(یب ۱۲) از بحار- بحار مین صفات مومن مین یہ ہی کہ وہ تنہائی مین چلے جاتے ہین خوف خدا سے

اعمال آخر شب قبل نماز شب

(۸) حدیث - از مکارم الاخلاق - فرمایا جناب امام رضا علیہ السلام نے کہ جس صاحب حاجت کے لئے ظلمت شب مین آخر شب دو رکعت نماز پڑھے رکعت اول مین بعد الحمد کے آیۃ الکرسی تا خالدون اور رکعت دویم مین بعد الحمد کے سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ پڑھے اور بروایت دیگر دوسری رکعت مین بعد الحمد کے آیہ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰن تا آخر سورہ حشر پڑھے اور بعد نماز کے قرآن شریف کو کھولکر سر پر رکھے اور کہے اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ بِهٖ وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَدَحْتَهٗ فِيْهِ وَبِحَقِّكَ عَلَيْهِمْ فَلَا اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ پس دس بار کہے بِكَ يَا اَللّٰهُ پھر دس بار يَا مُحَمَّدُ پھر دس بار يَا عَلِيُّ پھر دس بار يَا فَاطِمَةُ پھر دس بار يَا حَسَنُ پھر دس بار يَا حُسَيْنُ پھر دس بار يَا عَلِيَّ ابْنَ الْحُسَيْنِ پھر دس بار يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ پھر دس بار يَا جَعْفَرَ ابْنَ مُحَمَّدٍ پھر دس بار يَا مُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ پھر دس بار يَا عَلِيَّ ابْنَ مُوْسٰى پھر دس بار يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ پھر دس بار يَا عَلِيَّ ابْنَ مُحَمَّدٍ پھر دس بار يَا حَسَنَ ابْنَ عَلِيٍّ پھر دس بار يَا حُجَّةَ ابْنَ الْحَسَنِ بعد ازان حاجت طلب کرے اپنی جگہ سے نہ اُٹھنے پاوے کہ خدائے تعالیٰ حاجت برلاوے -

---

(حاشیہ صفحہ ۱۰۱) روتے ہین مثل راہبون کے عبادت اور جاگنے کی تکلیف اُٹھاتے ہین -

(یج) حدیث - از کتاب تمحیص خصلت مؤمن نمبر ۱۰۳ مین جناب رسولخدا ص نے فرمایا کہ مؤمن کی تکمیل اُسوقت تک نہین ہوتی جب تک کہ وہ سونا کم نہ کردے اور نماز زیادہ نہ پڑھے (یعنے نماز شب و نوافل شبانہ روزہ وغیرہ) -

(ید) حدیث - از معانی الاخبار فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جناب رسولخدا ص نے حارث ابن مالک سے فرمایا کہ اے حارث ابن مالک نعمانی تم کیسے ہو عرض کیا کہ یا رسول اللہ مؤمن برحق حضرت نے فرمایا کہ ہر شئے کی ایک حقیقت ہوتی ہی تمھارے اس قول کی حقیقت کیا ہی اُسنے

من مؤلف - یہ عمل میرا آزمودہ ہی اور واسطے جمیع قضاے حاجات کے مجربات سے ہی۔

(۹) - نماز سریع الاجابۃ - جناب سید محمد بن محمد تبریزی علیہ الرحمہ کہ علمائے جلیل القدر امامیہ سے ہین تحریر فرماتے ہین کہ واسطے جس حاجت کے اس نماز کو بجالاے مجرب ہی طریقہ اسکا یہ ہی کہ جس شب کو یہ عمل بجالائے اُس شب کو وقت خواب کے ایک ظرف پاکیزہ مین پانی بھر کر اُس ظرف کے مونہہ کو پاکیزہ کپڑہ سے باندہ دے بعد ازان اپنے سرہانے نزدیک سر کے اُسکو رکھکر سو رہے جسوقت واسطے نماز شب کے اُٹھے تو اول تین جرعہ آب ظرف مذکور مین سے پئے باقی ماندہ پانی سے وضو کرکے اول اذان کہے پھر اقامت کہے بعد اذان دو رکعت نماز جس سورہ سے چاہے پڑھے ہر دو رکعت کے رکوع مین اور رکوع سے سر اُٹھاکر کھڑے ہو کر اور پھر ہر ایک سجدہ مین اور ہر ایک سجدہ سے سر اُٹھا کر بیٹھنے کے بعد پچیس پچیس مرتبہ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ کہے تاکہ ہر دو رکعت مین تین تین سو مرتبہ ہو جاوے اور بعد سلام کے آسمان کی جانب نظر کرکے تیس مرتبہ کہے مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ بعد اسکے جو حاجت ہو طلب کرے براے سرعت اجابت یہ نماز مجربات صحیحہ سے ہی اور میری آزمودہ ہی علما نے اس نماز براے دعائے تجربہ کیا ہی جو دعا بذریعہ اس نماز کے کی جائے ہرگز ہرگز رد نہین ہوتی پس بعد اس نماز کے نماز شب کو بجالائے

(حاشیہ صفحہ ۱۰۲) عرض کی کہ یا رسول اللہ مین نے اپنے نفس کو دنیا سے علیحدہ کر دیا ہی شب بیداری کرتا ہون اور سخت گرمی کے دنون مین روزہ رکھتا ہون آخری نتیجہ اس حدیث کا یہ ہی کہ جناب رسولخدا نے فرمایا کہ تو نے ایسے بندہ کو دیکھا ہی کہ جسکے قلب کو خدا نے نورانی کیا پس ایسی حالت پر قایم رہنا۔

(پ ۱۵) نہج البلاغہ مین ہی کہ اے بندگان خدا تقوے کے یہ معنی ہین کہ دوستان خدا نے خدا کی حرام کی ہوئی چیزون کو چھوڑ دیا ہو اور خدا کا خوف انکے دلون پر ہر وقت طاری رہا ہو یہانتک کہ راتین اُنھون نے جاگتے جاگتے بسر کین اور دنون مین روزہ رکھے۔

(پ ۱۶) حدیث - از مشکوۃ الانوار جناب علامہ طبرسی علیہ الرحمہ جناب امام زین العابدینؑ سے

کم سے کم تین شب پے درپے اس نماز پر عمل کرے۔

(۱۰) - جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جناب امام زین العابدین ع قبل نماز شب کے دو رکعت نماز پڑھتے تھے رکعت اوّل مین بعد حمد کے سورۂ توحید اور رکعت ثانی مین بعد حمد کے سورۂ کافرون اور بعد سلام کے تکبیر کہکر دعا طلب کرتے تھے بعدازان نماز شب شروع کرتے تھے - برائے قضاے حاجت یہ نماز مجرب ہی-

(۱۱) - قبل نماز شب کے اس دو رکعت نماز کو ضرور بجالائے - حدیث - از بلد الامین فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ نہین ہی کوئی بندہ کھڑا ہو نماز شب کے لئے پس دو رکعت نماز پڑھے اور اُسکے سجود مین چالیس مؤمنین کے لئے اُنکا اور اُنکے باپ کا نام لیکر دعا کرے پس بعد نماز کے جو کچھ حق تعالیٰ سے دعا طلب کریگا مستجاب ہوگی - یہ نماز واسطے استجابت دعا کے مجرّب و آزمودہ ہی اگر اس دو رکعت نماز کے رکعت اول مین بعد حمد کے سورۂ توحید اور رکعت ثانی مین بعد حمد کے سورۂ کافرون پڑھے بہتر ہی اس سبب سے کہ نماز مندرجہ (نمبر ۱) باب ہذا پر بھی عمل ہو جائیگا پس نماز کے ہر سجدہ مین دس دس مؤمنین کے لئے یا آخر سجدہ مین چالیس مؤمنین کے لئے دعاے مغفرت کرے اس طرح کہ بعد تسبیحات سجدہ کے سجدہ مین کہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ فلان بن فلان پس

(حاشیہ صفحہ ۱۰۳) منقول ہی کہ فرمایا آنحضرت ع نے کہ جناب امیر ع نے ایک دن نماز شب پڑھی پھر اپنی جگہ پر رہے یہانتک کہ سورج ایک نیزہ بلند ہوا اور لوگ آئے فرمایا حضرت نے کہ واللہ ہمنے ایسے لوگون کو دیکھا ہے کہ وہ تمام شب اپنے پروردگار کے حضور مین کھڑے اور سجدے کرتے کرتے بسر کر دیتے تھے وہ اپنی پیشانیون اور گھٹنون کو راحت نہین لینے دیتے تھے جہنم کی آواز اُنکے کانون مین گونجتی رہتی تھی جب خدا کا ذکر کوئی اُنکے سامنے کرتا تھا تو (تعظیما) جس طرح درخت جھکتا ہی اس طرح جھک جاتے تھے۔

(۱۲) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ اصحاب جناب امیر ع اپنے

چالیس مومنین کا معہ ولدیت کے نام لے اور اپنے والدین اور اپنے عزیز و اقارب مردہ و زندہ کے لئے ضرور دعاے مغفرت کرے خصوصًا اموات کے لئے اور بعد سلام نماز کے جو خدا تعالیٰ سے دعا طلب کرے خدا تعالیٰ مستجاب فرماتا ہی۔

وقت نماز شب

(۱۲)۔ وقت نماز شب نصف شب سے تا طلوع صبح صادق ہی اور بعد طلوع صبح صادق کے قضا ہی اور اگر قبل طلوع صبح صادق کے اتنا وقت ہو کہ چار رکعت نماز ادا ہو جائے تو نماز شب اُسکی ادا ہی اگرچہ باقی رکعات بعد طلوع صبح صادق کے ادا ہون پس ایسی حالت مین کل رکعات کو بہ نیت ادا بجالاے اور اگر قبل طلوع صبح صادق کے تین رکعات کا وقت باقی ہی تو اول نماز شفع و وتر کو بجالائے اس سبب سے کہ ان ہر سہ رکعات کو اسوقت مین بجالانے کی زیادہ تاکید ہی بعد اسکے نماز شب کو قضا بجالائے۔

حدیث۔ جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ بسند صحیح تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب ائمہ ؑ نے کہ جو کوئی قبل صبح صادق کے اُٹھکر نماز شفع و وتر و نافلہ صبح کو بجالائے تو خداے تعالیٰ ثواب نماز شب کا اُسکے نامہ اعمال مین تحریر فرماتا ہی۔ اور اگر نماز شب کو اسطرح ادا کرے کہ آٹھ رکعت نماز شب کی بوقت نصف شب بجالائے اس سبب سے کہ بعد نصف شب کے

(حاشیہ صفحہ ۱۰۴) قبیلون مین معتمد الیہ ہوتے تھے تمام لوگ اُنکے پاس اپنی امانتین رکھتے تھے اور یہ سب شب بیدار اور دن کے چراغ ہوتے تھے۔

(یح۱۸) حدیث۔ از من لا یحضرہ الفقیہ عبد اللہ بن سنان نے جناب امام جعفر صادق ؑ سے قول باری تعالیٰ سِیمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ کا مطلب پوچھا فرمایا کہ اس علامت سے مراد شب بیداری ہی۔

(یط۱۹) حدیث۔ از زبد الزراد کتاب مذکور مین ایک طویل حدیث جناب امام جعفر صادق ؑ سے صفات مومنین مین وارد ہی کہ جنکی انتہا اسپر ہوتی ہی کہ وہ لوگ ایسے ہین جنکی زندگی خفیہ گذرتی ہے

ایک ساعت تک وقت استجابت دعا کا ہی جیسا کہ مین نے نمبر (۴) باب ہذا مین تحریر کیا ہی بعد اسکے سو رہے اور پھر آخر شب مین اٹھکر دو رکعت نماز شفع اور ایک رکعت نماز وتر کی بجا لائے ثلث آخر شب بھی اوقات استجابت دعا مین سے ہی۔

حدیث - از کافی فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ بہترین اوقات استجابت دعا سے وقت سحر کا ہی (یعنے ثلث آخر شب)۔

حدیث - خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ جسوقت آخر شب ہوتی ہے خدائے تعالیٰ فرماتا ہی کہ آیا کوئی بندہ میرا سوال کرنیوالا ہی تاکہ اُسکو عطا کرون مین آیا کوئی استغفار کرنے والا ہی تاکہ اُسکو بخشون مین آیا کوئی توبہ کرنے والا ہی تاکہ اُسکی توبہ کو قبول کرون **مین مؤلف** - اور نماز شفع و وتر کے لئے بہترین اوقات مین سے صبح کاذب ہی یعنے طلوع صبح کاذب سے تا طلوع صبح صادق + ور اگر بالکل وقت نہ ہے اور نماز شب قضا ہو جائے تو قضا بجائے سفر مین ہو یا حضر مین نماز شب کا بجا لانا ضرور ہی (ملاحظہ ہو حدیث نمبر ۱ باب ۱۹) اس سبب سے کہ نماز شب سنّت مؤکدہ ہی اور سنّت مؤکدہ بھی ایسی ہی کہ سفر مین بھی ساقط نہین ہی اور یہ وہ نماز ہی کہ جسکا قضا بجا لانا بھی مستحب ہی تاکید اسکی زیادہ ہی - اور اگر مغلوب النوم ہو کہ بسبب غلبۂ نوم کے بعد نصف شب کے آنکھ کھولنے کا یقین نہ ہو یا مسافر ہو

(حاشیہ صفحہ ۱۰۵) اُنکو ایک جگہ سے جانا مشکل ہی روزہ سے انکے پیٹ خالی ہین تسبیح سے اُنکے ہونٹ مرجھا گئے ہین روتے روتے اُنکے آنکھ نکا نور کم ہو گیا جاگتے جاگتے اُنکے چہرہ زرد پڑ گئے ہین اُنکی علامت یہ ہی کہ جنکی مثل باریتعالیٰ نے انجیل مین بیان کی اور توریت مین لور زبور مین اور فرقان مین بھی اور پہلے صحفون مین بھی اُنکی تعریف کی ہی چنانچہ فرماتا ہی کہ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ ؕ یعنی اُنکی علامت اُنکے چہرون پر سجدہ کے نشان سے ہے یہ مثل اُنکی توریت مین بھی ہی اور انجیل مین بھی حضرت فرماتے ہین کہ یہان اس آیت مین اس علامت سے مراد شب بیداری کے سبب سے چہرہ نکا زرد ہونا مراد ہے

کہ بسبب سفر کے بعد نصف شب کے نماز شب کے ادا کرنیکا گمان نرکھتا ہو یا اور کوئی عذر ہو کہ اُس عذر کی وجہ سے بعد نصف شب کے نماز شب کا بجالانا ممکن نہ ہو تو ایسی حالت مین صاحب مغلوب النوم و مسافر و صاحب عذر بعد نماز عشا کے قبل نصف شب کے نماز شب کو بجالا سکتے ہین اور پھر قضا کی ضرورت نہین ہی مگر ایک جماعت علما کے نزدیک صاحب عذر و مغلوب النوم و مسافر کو بمقابلۂ تقدیم کے قضا پڑھنا نماز شب کا افضل ہی لیکن وہ ثواب نہین پا سکتے کہ جو عین وقت پر ادا کرنے سے حاصل ہوتا ہی گو نماز شب کا قضا پڑھنا مستحب ہی لیکن ادا افضل ہی پس لازم ہی کہ نماز شب کو اُسکے وقت پر بجالائے اور یہ بات ایک سہل طور پر اسطرح حاصل ہو سکتی ہی کہ مثلاً اگر دس یا گیارہ بجے شب تک کتاب بینی کرے یا جلسۂ احباب مین بیٹھنے کی عادت ہو تو اس عادت کو ترک کر کے آٹھ نو بجے سو رہے تاکہ آخر شب مین ایسے وقت آنکھ کھل جائے کہ نماز شب ادا ہو جائے چنانچہ حدیث ہی کہ بعد نماز عشا کے شب نشینی مذموم ہے یہ حکم صرف اسوجہ سے ہی کہ شاید نماز شب کے لئے بوقت سحر آنکھ نہ کھول سکے اگر نماز شب کی عادت ڈالیجائے تو کچھ دشوار نہین ہی بشرطیکہ قلب مین عشق عبادت باری تعالیٰ کا ہو اگر

ف۔ قضا سے مراد یہ نہین ہی کہ ہر روز عمداً ایسے وقت مین پڑھے کہ طلوع شمس ہو جائے بلکہ جہانتک ممکن ہو قبل طلوع شمس کے قضا نماز شب کی ادا کرلے۔

(حاشیہ صفحہ ۱۰۶) (لٹ) حدیث۔ از کتاب خصال فرمایا جناب امیرعؑ نے کہ جنت مین ایک درخت ہی جسکے اوپر کے حصہ سے حلہ اور نیچے کے حصہ سے ابلق کسے کسائے پردار گھوڑے نکلتے ہین اُنپر دوستان خدا سوار ہونگے اور جنت مین وہ انکو لیکر جہانتک چاہین گے پرواز کرینگے اور جو انمین سب سے پست درجہ ہونگے وہ باریتعالیٰ سے عرض کرینگے کہ تیرے ان بندہ ان کو اس درجہ تک کس چیز نے پہونچایا خدائے تعالیٰ فرمایگا کہ یہ شب بیدار تھے اور دنون مین روزہ رکھتے تھے کھانا کم کھاتے تھے تیرے دشمنون سے جہاد کرتے تھے خیرات بہت کرتے تھے اور بخل نہ کرتے تھے۔

(کا ۲۱) حدیث۔ از ثواب الاعمال فرمایا جناب امیرعؑ نے کہ جو شخص ایک رات بھر برابر نماز

درحقیقت عشق عبادت باریتعالی کا ہی تو محض بسبب غلبۂ نوم کے قضا ہوجانا نماز شب کا غیر ممکن ہی
اس سبب سے کہ عشق ایک ایسی چیز ہی کہ جس چیز کا عشق انسان کو ہوتا ہی بغیر اُسکے قلب
کو چین نہین پڑتا اُسیکا کھٹکا لگا رہتا ہی اور اُس کھٹکے کے سبب سے اُسی چیز کا خیال لگا
رہتا ہی کہ جسکی وجہ سے نیند بھی اچھی طرح نہین آتی اور اگر آتی بھی ہی تو جسوقت آنکھ کھولے
اُسیکا خیال بندھا رہتا ہی اور یہ ایک ایسی حالت ہی کہ قلب انسان کا خود بخود تکلیف کو
راحت پر مقدم کرلیتا ہی اسیطرح عشق عبادت باریتعالی کا ہی جنکی قلوب مین عشق عبادت
باریتعالی ہی وہ وقت نماز کے منتظر رہتے ہین اور اپنے جمیع آسایش و آرام و کارہاے دنیا پر
نماز کو مقدم کرتے ہین اور جو امور مانع عبادت باریتعالی ہون اُنکو نہایت خوشی کے ساتھ ترک
کردیتے ہین مثل اسکے کہ اگر نماز شب کا شوق ہی تو وہ شخص شب کو سیر ہوکر کھانا نہین کھا سکتا
اور اول شب مین شب نشینی نہین کرسکتا کیونکہ احادیث سے ثابت ہی کہ اوّل شب کی
شب نشینی اور شکم پُر ہوکر کھانا مانع عبادت و نماز شب کا ہوتا ہی ملاحظہ ہون احادیث
(مندرجہ باب چھٹا کتاب ہذا) اور غذائے مقوّی شب مین کھانا بھی باعث غلبہ نوم کا ہوتا ہی
اور نوم باعث مانع نماز شب کے ہوتی ہی اور جھوٹ کا بولنا بھی مانع نماز شب کا ہوتا ہی چنانچہ
جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ کہ علماے نجف اشرف سے ہین یہ حدیث تحریر فرماتے ہین کہ

(حاشیہ صفحہ ۱۰۷) پڑھتا رہے اور کتاب خدا کی تلاوت کرتا رہے تو اس رکوع و سجود اور ذکر کا ادنی
ثواب یہ ملیگا کہ وہ گناہون سے اسطرح نکلیگا کہ جیسا اُسدن تھا کہ جسدن شکم مادر سے پیدا ہوا
اور خدا نے جسقدر نیکیان پیدا کی ہین وہ سب اُسکے نامۂ اعمال مین لکھی جاینگی اور اُسیقدر درجہ اُسکو
ملین گے اور نور اُسکے قبر مین قایم رہیگا اور گناہ کی خواہش و حسد اُسکے دل سے دور ہوجایگی اور
عذاب قبر سے اُسکو پناہ دیجایگی اور جہنم سے اُسکو برات ملجایگی اور امن و امان پانے والون کے ساتھ
وہ اُٹھایا جائے گا اور پروردگار فرشتون سے یہ فرمایگا کہ میرے اس بندہ کو دیکھو کہ جس نے
میری رضا حاصل کرنے کے لئے شب بیداری کی اسکو فردوس مین جگہ دو اور اسکے لئے ہمنے

فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو شخص جھوٹ بولتا ہی بسبب اُسکے محروم رہتا ہی نماز شب سے اور جسوقت کہ محروم ہوا نماز شب سے پس محروم ہوا روزی سے۔ اسپر میرا تجربہ ہی کہ سیر ہو کر کھانا باعث نوم کا ضرور ہوتا ہی پس شب کو غذا کم کھانا چاہیئے علاوہ اسکے مقوی غذا بھی مانع عبادت بارتیعالی کے ہوتی ہی اس سبب سے کہ اعضا مین کسالت پیدا کرتی ہی اور اسکو عشق عبادت بارتیعالی نہین کہتے کہ بمقابلۂ نماز شب کے اپنی آسایش و آرام و لذت زبان کو اچھا سمجھکر یعنے عمدہ عمدہ غذائین سیر ہو کر کھائین اور پھر بستر آرام و آسایش پر سوئے تو ایسا سوئے کہ وقت نماز شب کا کھو کر وقت فضیلت نماز صبح کا بھی قضا کر دیا اور اگر شب مین کسیوقت آنکھ کھُلی بھی تو اپنے آرام و آسایش کو ترک نکر کے ارادہ کر لیا کہ اب آرام تو کر لین نماز شب قضا پڑھ لین گے پس وقت نماز شب کا قضا کر دیا اسکو عشق عبادت نہین کہتے اور نہ اسطرح عمداً نماز شب کا پڑھنا فضیلت رکھتا ہی نماز شب عجیب و غریب عبادت ہی مین نے اسوقت تک اپنی عمر مین کسی شخص کو کہ جو نماز شب پر مداومت کرتا ہو محتاج اور تنگدست نہین پایا چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ جو شخص نماز شب کو ادا کرے محتاج اور فقیر نہین ہوتا۔ اور علاوہ دفع فقر و ترقی رزق کے چہرہ نورانی ہوتا ہی اور حُسن زیادہ ہوتا ہی اور جمیع امراض دفع ہوتے ہین تندرستی اور صحت حاصل ہوتی ہی ہم و غم نہین ہونے پاتا اور اگر شاذ و نادر کبھی ہم و غم در پیش

(حاشیہ صفحہ ۱۰۸) وہان ایک ہزار شہر مقرر کئے اور ہر شہر مین وہ سب چیزین ہین کہ جن کی نفوس کو خواہش ہو آنکھون کو اچھی معلوم ہو اور دل مین اُسکا خیال بھی نہ گذرا ہو اور جو کچھ اسکے لئے کرامت اور زیادتی اور قربت اسکے علاوہ مقرر کی ہو وہ اسکے علاوہ رہی۔

(کب ۲۲) حدیث۔ از تہذیب و علل فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ رات کی نماز کا پڑھنا نہ چھوڑ اسلیے کہ جنھون نے شب کی نماز چھوڑ دی اُنھون نے بڑا نقصان اُٹھایا۔

(کج) حدیث۔ از کتاب فضائل و روضۂ جناب شاذان ابن جبرئیل علیہ الرحمہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جنت اور جہنم کے دروازون پر جو کچھ لکھا ہوا مین نے دیکھا اُنمین سے

بھی آجائے تو خدائے تعالیٰ نماز شب کی برکت سے فوراً دفع فرمادیتا ہی اور نماز شب پر مداومت کرنا باعث زیادتی مراتب و عزت کا ہوتا ہی اور نماز شب کا ادا کرنا باعث مقوّی باصرہ اور قوت حافظہ و دفع نسیان ہی اور مداومت کرنے والا نماز شب پر کبھی ذلت و خواری مین مبتلا نہین ہوتا اور کبھی مقروض نہین رہتا اور اگر کسی وجہ سے قرض ہو بھی جائے تو خدائے تعالیٰ اسکی برکت سے جلد ادا فرمادیتا ہی اور ہرگز ہرگز تنگدست نہین رہتا اور فقر مین مبتلا نہین ہوتا اور نظر خلائق مین عزیز و مکرم ہوتا ہی اور دشمن اُسپر کبھی غالب نہین ہو سکتا ہمیشہ ذلیل رہتا ہی اور جو شخص اُسکو حقیر سمجھے خدائے تعالیٰ اُسکو ذلیل کرتا ہی اور جو شخص اُسکو ذرا سا نقصان پہونچائے بمقابلہ اُسکے باریتعالیٰ سَو گونہ نقصان اُسکا کردیتا ہی اور جو حاجت درپیش آئے نماز شب کی برکت سے بہت جلد بر آتی ہی چنانچہ حدیث صحیحہ مین وارد ہی کہ نماز وتر مین جو دعا طلب کی جائے مُستجاب ہوتی ہی ہرگز رد نہین ہوتی مین نے جمیع اعمال مجربہ و مستندہ مین واسطے عزت و رفعت اور واسطے قضاے حاجات و مہمات

(حاشیہ صفحہ ۱۰۹) جنت کے تیسرے دروازہ پر یہ لکھا تھا کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ ہر چیز کا ایک حیلہ ہی اور صحت کا حیلہ دنیا مین چار باتین ہین۔ کم گوئی۔ کم خوابی۔ کم چلنا۔ کم خوری۔

(۲۴) حدیث۔ از وصایا النبی لعلیؑ۔ جو وصیتین جناب رسولخداؐ نے جناب امیرؑ کو فرمائین اُنین سے یہ ہین کہ اے علی قیامت کے دن ہر آنکھ روتی ہوگی سوائے تین آنکھون کے ایک وہ آنکھ جو راہ خدا مین بیدار رہی ہو دوسری وہ آنکھ جو خدا کی حرام کی ہوئی چیزون سے بند کی گئی ہو تیسری وہ آنکھ جو خوف خدا سے روئی ہو۔

(۲۵) حدیث۔ از نہج البلاغہ جناب امیرؑ کے خطبہ مین ہی کہ اصحاب جناب رسولخداؐ کو مین نے دیکھا ہی مجکو مثال اُنکی کوئی نظر نہین آیا صبح اُنکی اس شان سے ہوتی تھی کہ پریشان اور خاک آلودہ ہین اور رات نمازین پڑھتے اور سجدہ کرتے گذر جاتی تھی۔

عظیمہ کے نماز شب سے بہتر کوئی عمل سریع الاثر نہین پایا اور نماز شب کا پڑھنے والا کسیکا
دست نگر نہین رہتا اور نماز شب کی برکت سے از خود اسباب فلاحیت و ترقی رزق و عزت
کے خدائے تعالیٰ پیدا کر دیتا ہی اور علاوہ ان جمیع خواص کے یہ بہت بڑا خواص نماز شب کا ہی
کہ قلب مستغنی ہو جاتا ہی اور یہ بہت بڑی نعمت ہی کہ قلب مستغنی رہے اور سوال کرنا دوسرے
سے ناگوار گذرے اور سوائے مستغنی ہو جانے قلب کے نماز شب کی وجہ سے قلب کو ایک ایسا
مزا حاصل ہوتا ہی کہ وہ مزہ وہ ہی شخص جان سکتا ہی کہ جو اس مزہ سے واقف ہو ہرگز ہرگز ممکن
نہین کہ اس مزہ کی کیفیت کوئی شخص زبان سے بیان کر سکے یا تحریر مین لا سکے تمثیل اسکی
یہ ہی کہ مثلاً جس شخص نے کبھی ترش چیز نہ کھائی ہو اُس سے کہا جائے کہ اس شئے کا مزا
تُرش ہی تو وہ شخص نہین جان سکتا کہ تُرش کیسا مزا ہوتا ہی اور بیان کرنے والا سوائے
ترش کے اور کیا صراحت کر سکتا ہی پس جس شخص نے ترش چیز کھائی ہو وہ تمیز کر سکتا ہی
کہ ترش مزا ایسا ہوتا ہی اسیطرح نماز شب کے ادا کرنے کی وجہ سے جو مزا اور سرور قلب کو

(حاشیہ صفحہ ۱۱۰) (کو ۲۶) حدیث۔ از کنز الکراجکی جناب امام محمد باقر ؑ نے اپنے آباء و اجداد
سے روایت کی ہی کہ جناب امیر ؑ نے اپنے غلام نوف شامی سے فرمایا کہ اے نوف میرے شیعہ وہ ہین
کہ جنکے ہونٹ پژمردہ پیٹ خالی رہبانیت اور ربانیت اُنکے چہرون سے ظاہر ہو دن کے وہ شیر اور
رات کے راہب جب رات آئی پائجامہ اپنی کمر مین کسکر باندھ لیا ردا دوش پر ڈال لی قدم
برابر جمائے پیشانیون کے بل سجدہ مین گر پڑے آنسو اُنکے رخسارون پر برابر جاری اور خدا سے
اپنی آزادی جہنم کی التجا کرتے ہوتے ہین۔

(کز ۲۷) دار السلام مین ہی کہ جناب امیر ؑ نے باری تعالیٰ سے مناجات کرنے کے بعد اپنے
نفس سے جو خطاب کیا ہی اُسمین فرمایا ہی کہ اپنے آپ کو اُن نفوس سے مشابہ کر جنکی پلکین جاگنے سے
زخمی ہو گئین اور اُنکے رونے کی آوازین تنہائی مین ہمیشہ آتی ہین۔

(کح ۲۸) جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ بہت سے احادیث مین جناب

حاصل ہوتا ہی اُسکا اندازہ وہ ہی شخص کر سکتا ہی کہ جو نماز شب پر مداومت کرتا ہو پس اسکی نسبت سوائے اس فقرہ کے (کہ نماز شب کے ادا کرنے مین جو مزا قلب کو ملتا ہی وہ تحریر مین نہین آسکتا اور نہ زبان سے بیان ہو سکتا ہی) اور کچھ تحریر نہین کیا جا سکتا۔

(فضیلت نماز شب)

(۱۳) - ایک بہت بڑی فضیلت نماز شب کی یہ ہی کہ یہ نماز نزدیک باری تعالیٰ کے محبوب تر ہی اسی وجہ سے نماز شب جناب رسولخداؐ پر واجب کی گئی تھی اور اُنکی امت پر سُنّت مؤکدہ ہی چنانچہ من لا یحضرہ الفقیہ مین جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے جناب رسولخداؐ سے کہ تھوڑی شب باقی رہے نماز تہجد پڑھو تم قریب ہی کہ اللہ تعالیٰ مقام محمود مین تمکو مبعوث کریگا پس نماز شب بسبب امر کرنے خدائے تعالیٰ کے جناب رسولخداؐ پر واجب ہوئی اور اُنکی امت پر سنت موکدہ ہی۔

(۱۴) حدیث - از تفسیر منہج - فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ شب کے نصف آخری

(حاشیہ صفحہ ۱۱۱) رسولخداؐ سے منقول ہی کہ مؤمن کا شرف اُسکی شب بیداری اور نماز شب کے پڑھنے سے ہی۔

(کط[۲۹]) - جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ صحیفۂ کاملہ مین وارد ہی (یعنے جناب امام زین العابدینؑ فرماتے ہین) کہ مین شب مین تہجد کی نماز پڑھکر اُسپر کچھ بھروسہ نہین کرتا اور نہ شب بیداری سے مین کسی تعریف کے قابل ہون اور تعقیب الظہر الجمعہ مین منقول ہے کہ دن کے روزہ رکھنے اور شب بیداری کرنے نے میرا جسم نہین گھولایا ہی اور نہ تیری راہ مین میرا خون گرا ہی پھر کس چیز سے میرا نفس پاک ہو جائے۔

(ل[۳۰]) حدیث - از خصال خلاصہ یہ کہ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ قرآن کے قاری تین ہین یہانتک کہ فرمایا کہ ایک ایسا شخص ہی کہ قرآن پڑھتا ہی اور اُسنے قرآن کو اپنے امراض قلب کی دوا قرار دیا ہی اُسکی وجہ سے وہ شب بیداری کرتا ہی اور دن مین روزہ رکھتا ہی پس خدائے تعالیٰ ایسون ہی کے ذریعہ سے بلاؤن کو دفع کرتا ہی اور دشمنون کو دور کرتا ہی اور آسمان سے

حصہ مین دو رکعت نماز پڑھنا بہتر ہی دنیا و مافیہا سے اگر نماز شب میری امت پر شاق نہ ہوتی
تو البتہ مین اس نماز کو داخل نماز فریضہ کرتا۔
من مؤلف۔ میرے نزدیک وجہ نماز شب کی فضیلت کی زیادہ تر یہ ہی کہ شب کو باریتعالیٰ
نے مخصوص استراحت و آرام کے خلق فرمایا ہی جمیع حیوان و انسان شب مین استراحت کرتے ہین
پس جو شخص اپنے استراحت و آرام کو ترک کرکے شب مین عبادت باریتعالیٰ کی کرے تو
خدائے تعالیٰ اُسکو اس تکلیف کے صلہ مین اپنے فضل و کرم سے ثواب مزید عنایت فرماتا ہی
اور چونکہ مخصوص استراحت و آرام و نوم کے لئے آخر نصف حصہ شب ہی کا زیادہ تر ہوتا ہی
کہ اُسیوقت غلبۂ نوم و آرام کا ہوتا ہی اسیوجہ سے خدائے تعالیٰ بغرض امتحان قلوب کے نماز
شب کا وقت بعد نصف شب کے آخر شب تک مقرر فرمایا۔ پس جو شخص اسوقت عبادت خدا مین
مصروف ہو تو اُسوقت کی تکلیف عبادت کے صلہ مین خدائے تعالیٰ اپنے بندہ کو وہ ثواب
عطا فرماتا ہی کہ جو تحریر مین نہین آسکتا اور عبادت وہ ہی عبادت ہی کہ جسکو استراحت

(حاشیہ صفحہ ۱۱۲) بارش نازل کرتا ہی قسم بخدا کہ ایسے قرآن پڑھنے والے کبریت احمر سے زیادہ معزز ہین۔
(۳۱ لا) **حدیث**۔ از صفات الشیعہ جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع
نے کہ مؤمن کی علامتین چار ہین اُسکی نیند تو اُس شخص کی سی ہوتی ہی جو پانی مین ڈوب کر نکلا ہو
(یعنی تکان کی نیند) اور کھانا اُسکا مثل بیمارون کے ہوتا ہی (یعنے کم خوراک) اور رونا اُسکا
(خوف خدا سے) ایسا ہوتا ہی کہ جیسے عورت پسر مردہ پر روئے اور اُسکا بیٹھنا (عبادت خدا کے لیے)
ایسا ہوتا ہی کہ جیسے تیز چلنے والا تھک کر بیٹھے۔
(۳۲ لب) **حدیث**۔ از غرر فرمایا جناب امیر ع نے کہ شب کا جاگنا مشتاقین کا باغ ہی۔
(۳۳ لج) **حدیث**۔ ایضاً فرمایا جناب امیر ع نے کہ سب سے افضل عبادت ذکر خدا مین
آنکھون کا کھُلا رہنا ہے۔
(۳۴ لد) **حدیث**۔ فرمایا جناب امیر ع نے کہ شب بیداری متقیون کا شعار اور مشتاقین کی خصلت ہی

وآرام پر مقدم کیا جائے اسیوجہ سے علمانے بھی تحریر فرمایا ہی کہ بعد نماز واجبہ کے نماز شب جمیع نوافل سے افضل ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ بھی جلد ۱۸ بحار الانوار مین تحریر فرماتے ہین کہ تمام نوافل مین نماز شب کی زیادہ تر تاکید ہی نماز شب کو کسی حالت مین ترک نکرنا چاہیے۔ اور یہ بھی تحریر فرماتے ہین کہ ابن عقیل علیہ الرحمہ کہتے ہین کہ جملہ نوافل شب مین جن مین نافلہ مغرب وعشا بھی ہی انہین سے مخصوص نماز شب کی کہ جسکو نماز تہجد و شفع و وتر کہتے ہین زیادہ تر تاکید ہی کہ اُسکے ترک کرنے کی اجازت نہین دی گئی ہی سفر مین ہو یا حضر مین ہو۔

(۱۵) حدیث۔ از حق الیقین جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ۔ علی ابن ابراہیم نے

علہ علمانے فضیلت نوافل کی اسطرح صراحت فرمائی ہی کہ نماز شب جمیع نوافل سے افضل ہی اور بعد نماز شب کے نافلہ ظہر کی جمیع نوافل سے افضل ہی اور بعد نافلہ ظہر کے نافلہ صبح کی جمیع نوافل سے افضل ہے اور بعد نافلہ صبح کے نافلۂ مغرب کی جمیع نوافل سے افضل ہی اور نافلہ عصر کی افضل ہی عشا سے چنانچہ احادیث سے بھی یہی ثابت ہوتا ہی کہ جیسا اوپر تحریر کیا گیا۔

(حاشیہ صفحہ ۱۱۲) (لہ ۳۵) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ ذکر خدا مین جاگنا عارف بندون کے خلوص کی نشانی اور مقرب بندون کی شیرینی ہی۔

(لو ۳۶) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ اطاعت خدا مین شب بیداری کرنا دوستداران خدا کی بہار اور نیک بندون کی باغ بہاری ہی۔

(لز ۳۷) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ ذکر خدا مین بیدار رہنا دوستان خدا کی لوٹ اور پرہیزگارون کی خصلت ہی۔

(لح ۳۸) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ ذکر خدا مین شب بیداری نیک لوگون کی راحت اور دوستان خدا کی فرحت کا باعث ہی۔

(لط ۳۹) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ اللہ سے ایسا ڈر جیسا وہ شخص ڈرتا ہی جسکے جسم کو خوف نے پتھرا دیا ہو اور تہجد پڑھنے نے اُسکی کثرت خواب کو بیداری سے بدل دیا ہو اور

بسند صحیح جناب امام جعفر صادق ع سے روایت کی کہ فرمایا آنحضرت نے کہ کوئی حسنہ نہین ہے مگر یہ کہ خدائے تعالی نے ایک ثواب واسطے اُسکے بیان فرمایا ہو سوائے نماز شب کے کہ نماز شب کا ثواب بہت ہو۔

(۱۶) حدیث۔ از کافی جناب محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام جعفر صادق نے کہ شرف مؤمن اُٹھنا اُسکا ہر شب مین اور عزت اُسکی استغنائی ہو آدمیون سے۔

(۱۷) حدیث۔ ایضاً عبد اللہ بن سنان نے کہا کہ سنا مین نے جناب ابی عبد اللہ ع سے کہ فرماتے تھے کہ تین چیزین فخر مؤمن ہین دنیا و آخرت مین نماز کا اواکرنا آخر شب مین (یعنی نماز شب) اور مایوس ہونا اُس چیز سے کہ دستہائے مردم مین ہو اور مدد کرنا جناب صاحب الامر علیہ السّلام کی۔

(۱۸) حدیث ایضاً روایت کی ہو کہ ایک شخص بخدمت جناب امیر ع حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مین نماز شب سے محروم ہون پس فرمایا جناب امیر ع نے کہ بہ تحقیق دروازہ ہنر

(حاشیہ صفحہ ۱۲۸) امید (خوشنودی خدا) نے اُسکو پیاسا کردیا ہو۔

(ھ)۔ سید اجل ابن طاؤس صاحب کرامات نے فلاح السائل مین کتاب زُہد مولانا علی ابن ابی طالب سے بروایت حبۃ العرنی لکھا ہو کہ مین اور نوف قصر رُحبہ مین سو رہے تھے کہ جناب امیر ع پچھلی رات مین دیوار پر ہاتھ رکھے ہوئے (غشیتگی) کی حالت مین یہ فرما رہے تھے اِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا آخر آیات پھر اِن آیتون کو پڑھتے رہے اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ حضرت کا خیال مثل ایک پرندے کے پرواز کر رہا ہو پھر فرمایا کہ اے حبہ سوتا ہو یا جاگتا ہو مین نے عرض کیا کہ جاگتا ہون اور جو کچھ آپ کر رہے ہین دیکھتا ہون پھر بھلا ہماری کیا حالت ہوگی یہ سُنکر حضرت نے آنکھیں نیچے کین رو پڑے پھر فرمایا کہ اے حبہ خدا کے حضور مین کھڑا ہونا ہو اور مین تو یہ سمجھتا ہون کہ مین بھی اُسی کے سامنے کھڑا ہون اے حبہ اُسپر ہمارا کوئی عمل پوشیدہ نہین ہو اے حبہ وہ تیری اور میری شہرگ سے بھی زیادہ قریب ہو اے حبہ مجکو اور تجکو اُس سے کوئی شئے چھپا نہین سکتی پھر فرمایا اے

کیا گیا ہی واسطے تیرے گناہون کی بخشش کا۔

(۱۹) حدیث۔ از تفسیر منہج۔ فرمایا جناب ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ جس گھر مین نماز شب پڑھی جائے اور تلاوت قرآن کی جائے وہ گھر روشن اور تابان رہتے ہین خاصکر اہل آسمان کے لئے جیسے ستارہ اہل زمین کے لئے درخشان ہین اسکے بعد آپ نے فرمایا کہ تم لوگ نماز شب پڑھا کرو کیونکہ وہ تمھارے پیغمبر کی سنّت مؤکدہ ہی اور صالحین کا شعار اور وہ تمھارے جسمانی درد اور دکھ کو کھونے والی ہی۔

(۲۰) حدیث۔ ایضاً فرمایا جناب رسولخدا نے جناب امیرؑ سے کہ اے علیؑ نماز شب ہمیشہ پڑھا کرو اور اس فقرہ کو بار بار فرمایا پھر یہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص کثرت سے نماز شب پڑھتا رہے اُسکا چہرہ منور ہوتا ہی۔

(۲۱) حدیث۔ از تہذیب جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْأً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا ۝ قول خدائے تعالیٰ سے

(حاشیہ صفحہ ۱۱۵) نوف کیا تو سوتا ہی اُسنے کہا کہ یا امیر المؤمنین مین سوتا نہین ہون مین تو آج رات کو بہت رویا ہون فرمایا اے نوف اگر تیرا آج رات کا رونا خدا کے خوف سے تھا تو کل خدا کے سامنے تیری آنکھین ٹھنڈی ہونگی۔ اے نوف کسی شخص کی منزلت خدا کے نزدیک اُس شخص سے زیادہ نہین ہی جو خوف خدا سے روئے اور کسی سے محبت یا عداوت کرے تو محض خدا ہی کیواسطے ہو اے نوف جو شخص خوف خدا سے روئے اُسکی آنکھ سے جو قطرہ بہ نکلیگا وہ آگ کے بڑے بڑے سمندرون کو بجھا دیگا اے نوف جسکی محبت اللہ کے واسطے ہوگی وہ کسی کی محبت کو اللہ کی محبت سے افضل نہ سمجھیگا اور جسکی دشمنی خدا کے واسطے ہوگی اوسکے دشمن کبھی نیکی کا مونھہ نہ دیکھینگے پھر حضرت نے ان دونون کو اور کچھ نصیحت فرمائی اور آخر مین یہ فرمایا کہ خدا سے ڈرتے رہو مین ڈرانے کا حق ادا کر چکا پھر وہ حضرت ٹہلنے لگے اور یہ فرماتے جاتے تھے کہ کاش مجھکو اس بات کا شعور ہوتا کہ آیا تو اسوقت میری طرف نظر رکھتا ہی یا مجھ سے روگردان ہی اور کاش مجھکو معلوم ہوتا کہ میری کیا حالت ہی

اُٹھنا ہی رخت خواب سے محض خوشنودی خدا کے لئے۔

(۲۲) حدیث۔ عبداللہ بن سنان سے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ قول حق سبحانہ تعالیٰ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ؕ سے مراد بیداری نماز سے ہے (یعنے نماز کے لئے بیدار ہونے سے مراد ہی۔

(۲۳) حدیث۔ از تہذیب جناب شیخ ابن بابویہ علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ فرمایا جناب رسولخداؐ نے جناب امیرؑ سے کہ مین تمکو وصیت کرتا ہون اسپر عمل کرنا بس تین مرتبہ فرمایا۔ لازم ہی تمکو نماز شب۔ لازم ہی تمکو نماز شب۔ لازم ہی تمکو نماز شب۔ بعد اسکے تین مرتبہ فرمایا لازم ہی تمکو نوافل ظہر۔ لازم ہی تمکو نوافل ظہر۔ لازم ہی تمکو نوافل ظہر۔

(۲۴)۔ از وسائل الشیعہ۔ جناب شیخ حُر عاملی علیہ الرحمہ جناب شیخ حُر عاملی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ خداوند عالم مباہات فرماتا ہی اپنے ملائکہ سے جبکہ بندہ نماز شب بوقت روز قضا پڑھتا ہے

(حاشیہ صفحہ ۱۱۶) آیا مین تیری نعمتون کا شکر ادا کرچکا ہون یا اپنی امیدون کی درازی مین پڑا ہوا ہون۔

(۱۴۱) فلاح السائل مین اُن صفات مین جو مولا علی ابن ابی طالبؑ کی نوف نے معاویہ ابن ابی سفیان کے سامنے بیان کی تھین یہ بھی مذکور ہی کہ کسی رات مین آنحضرت کے لئے بچھونا نہین بچھایا گیا اور کبھی کھانا عمدہ نہین کھایا۔

(۱۴۲) حدیث۔ از امالی یہ حدیث ضرار ابن ضمرہ سے ہی اسمین ہی کہ اُنھون نے معاویہ کے سامنے اوصاف جناب امیرؑ کے بیان کئے از انجملہ یہ الفاظ بھی تھے کہ واللہ وہ حضرت بہت کم سونے والے اور بہت زیادہ جاگنے والے تھے۔

(۱۴۳) حدیث۔ از خصال فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جناب امام زین العابدینؑ ایک دن اور ایک رات مین ہزار رکعت نماز مثل جناب امیرؑ کے پڑھتے تھے اُن حضرت کے پانچسو درخت خرما کے تھے ہر درخت کے نیچے دو رکعت نماز پڑھتے تھے۔

فرماتا ہی کہ اے ملائکہ دیکھو اس میرے بندہ کو کہ اُسپر مین نے جس چیز کو واجب نہین کیا اُسکو قضا بجالاتا ہی مین تمکو گواہ کرتا ہون کہ مین نے اسکو بخشدیا۔

(۲۵) حدیث۔ از جمال الصالحین خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا ایمہ ع نے کہ ہر شب مین ایک ساعت ہی کہ اُس ساعت مین جو بندۂ مسلم نماز پڑھے اور دعا کرے تو خدائے تعالیٰ نماز و دعا کو قبول فرماتا ہی۔

(۲۶) ۔حدیث۔ از بلد الامین فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ نماز شب چہرہ کو نورانی کرتی ہی اور مونہہ کو خوشبو دار کرتی ہی اور وسعت رزق مین دیتی ہی۔

(۲۷)۔حدیث۔ از بحار الانوار۔ جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ اخیر فقرات اُس حدیث کے یہ ہین کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو شخص نماز شب کے ادا کرنیکا ارادہ کرے اور نماز شب کے لئے اُٹھے اور وضوئے کامل کرے اور درود بھیجے محمد و آل محمد پر بہ نیت صادق بخضوع و خشوع و چشم گریان پس نو صفین ملائکہ کی اُسکے پیچھے نماز پڑھتی ہین کہ ہر صف مین

(حاشیہ صفحۂ ۱۱۷) (۴۴) مناقب ابن شہر آشوب مین سلیمان ابن مغیرہ سے منقول ہی وہ کہتے ہین کہ میری والدہ نے ام سعید سے جناب امیر ع کے ماہ رمضان المبارک کی نماز و نکا حال پوچھا تو اُنھون نے کہا کہ اُن حضرت کے نزدیک تو ماہ مبارک رمضان اور شوال کا مہینہ ایکسان ہی ہی کہ وہ تمام رات جاگتے ہین۔

(۴۵)۔ مناقب ابن شہر آشوب مین سلیمان ابن مغیرہ سے منقول ہی کہ عدی ابن حاتم نے جناب امیر ع کو اس حالت مین دیکھا کہ ایک پُورانی مشک اُن حضرت کے سامنے رکھی تھی جسمین خالص پانی تھا اور کچھ جو کی روٹی کے ٹکڑے اور نمک سامنے تھا پس عدی کہتے ہین کہ مین نے عرض کیا کہ دن تو آپکا ایسی سخت کوششون مین بسر ہوتا ہی اور رات آپ کی جاگتے جاگتے اور کوفت اُٹھاتے اُٹھاتے بسر ہو جاتی ہی اور پھر افطاری آپ کی یہ ہی حضرت نے فرمایا کہ نفوس کو کچھ نہ کچھ ملنا چاہیئے اگر اسکی ضرورت نہ ہوتی تو مین یہ بھی نہ کھاتا۔

(۴۶)۔ مناقب ابن شہر آشوب مین جناب امام جعفر صادق ع کے متعلق وارد ہی کہ اُن حضرت نے

اسقدر ملائکہ ہوتے ہین کہ شمار اُنکا سوائے خدا کے اور کوئی نہین جانتا اور وہ شخص جب نماز سے فارغ ہوگا واسطے اُسکے لکھے جائینگے درجات بعدد ملائکہ کے جسوقت یہ حدیث ربیع بن بدار نے بیان کی تو منصور نے اپنے نفس سے خطاب کیا کہ اسقدر ثواب عظیم ہے اور اسقدر کرامت ہے کہ جو نماز شب مین ہو تو غافل ہی یہ حدیث نمبر (۱۹) باب ۱۸ مین مفصل تحریر ہو چکی ہی۔

(۲۸) حدیث۔ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو شخص نماز شب پڑھے ہر رکعت کے عوض مین خدائے تعالیٰ ہزار سال کی عبادت کا ثواب عطا فرماتا ہی اور ہزار حاجتین اُسکی بر لاتا ہی کہ کمتر اُن مین سے گناہون سے پاک ہونا ہی کہ جیسا شکم مادر سے پیدا ہوا اور وہ شخص ستر شخص کی اپنے عزیزون مین سے کہ جو قابل جہنم کے ہون شفاعت کریگا اور خدائے تعالیٰ اُسکی شفاعت سے سبکو بخشدیگا۔

(۲۹) حدیث۔ فرمایا جناب امام ع نے کہ نماز شب کفارہ دن کے گناہونکا ہوتا ہی۔

(حاشیہ صفحہ ۱۱۸) قسم کھائی تھی کہ رات کو مطلق نہ سویا کرینگے سوائے اسکے کہ پروردگار عالم کو خود منظور ہو۔

(مز[۴۷]) - مناقب ابن شہر آشوب مین بروایت احمد ابن عبد اللہ فضل ابن ربیع سے کیفیت عبادت جناب امام موسیٰ رضا ع یون درج ہی کہ نماز مغرب پڑھکر آپ روزہ افطار فرماتے تھے پھر تجدید وضو کر کے سجدہ مین چلے جاتے تھے اور طلوع صبح تک مسلسل عبادت کرتے رہتے تھے۔

(مح[۴۸]) فلاح السائل مین عقد ابن ربہ سے منقول ہی کہ کسی نے جناب امام زین العابدین ع سے عرض کیا کہ آپ کے والد کی اولاد کسقدر کم ہوئی فرمایا کہ مجکو خود تعجب ہی کہ مین کیونکر پیدا ہوا اس سبب سے کہ جو شخص ہزار رکعتین دن مین پڑھتا ہو اور ہزار رکعتین رات مین تو اُسکو عورتون کے پاس جانے کی مہلت کب ہوسکتی ہی۔

(مط[۴۹]) کشف الغمہ مین حافظ عبد العزیز ابن اخضر نے یوسف ابن اسباط سے روایت کی ہی کہ میرے والد مسجد کوفہ مین گئے اُنھون نے یہ دیکھا کہ ایک نوجوان پروردگار عالم سے مناجات مین

(۳۰) حدیث - فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ ہر شب مین ایک ساعت ہی کہ نہین دعا کرتا اور نہین نماز پڑھتا بندۂ مسلم اُس ساعت مین مگر یہ کہ خدائے تعالیٰ اُسکی دعا اور نماز کو قبول فرماتا ہی (یعنے جو بندۂ مسلم نماز پڑھے اور دعا کرے اُس ساعت مین تو دعا اور نماز اُسکی قبول ہوتی ہی) راوی نے عرض کیا کہ وہ کونسی ساعت ہی حضرت نے فرمایا کہ بعد نصف شب کے ایک ساعت تک (یعنے بعد گذرنے نصف شب کے ایک ساعت تک جو شخص دعا کرے یا نماز پڑھے تو خدائے تعالیٰ اُسکی دعا اور نماز کو قبول فرماتا ہی)۔

(۳۱) حدیث - از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ جس گھر مین نماز شب پڑھی جاتی ہی وہ گھر ملائکہ آسمان کو روشن معلوم ہوتا ہی جس طرح کہ ستارے روشن اہل زمین کو معلوم ہوتے ہین۔

(۳۲) حدیث - فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو کوئی نماز شب پڑھے تو اُس جگہ سے نہ اُٹھنے پائیگا کہ خدائے تعالیٰ پچاس سال کے گناہ گذشتہ اور پچاس سال کے گناہ

(حاشیہ صفحہ ۱۱۹) مشغول ہی اور سجدہ مین یہ عرض کر رہا ہی کہ میرا سر میرے پروردگار کے سامنے مٹی مین پڑا ہوا ہی اور اسکا حق یہ ہی مین نے قریب جاکر دیکھا تو وہ جناب امام زین العابدین ع تھے اور اُن حضرت کو رات بھر عبادت ہی مین گذر گئی تھی صبح کو مین اُن حضرت کی خدمت مین حاضر ہوا اور مین نے عرض کی کہ یا بن رسول اللہ آپ اپنے نفس کو اسقدر تکلیف دیتے ہین حالانکہ خدائیتعالیٰ نے جو فضیلت آپ کو دی ہی وہ کسیکو بھی نہین دی یہ سُنکر حضرت بہت روئے پھر فرمایا کہ مجھسے عمر ابن عثمان نے بروایت اُسامہ ابن زید بیان کیا ہی کہ اُسامہ کہتے تھے کہ جناب رسولخدا ص نے یہ فرمایا کہ قیامت کے دن ہر آنکھ روتی ہوگی سوائے چار آنکھون کے ایک تو وہ آنکھ جو خوف خدا سے روئی ہوگی۔ دوسری وہ آنکھ جو راہ خدا مین نکال لی گئی ہی تیسری وہ آنکھ جو خدا کی حرام کی ہوئی چیزون سے بند کر لی گئی۔ چوتھی وہ آنکھ جو راتون مین جاگتی رہی ہوگی اور سجدہ کرتی رہی ہوگی کہ اسکی وجہ سے باریتعالیٰ فرشتون پر فخر کریگا اور فرمائیگا کہ میرے اس بندہ کو

آیندہ کے بخشدیگا اور عذاب قبر سے نجات دیگا۔

(۳۳) **حدیث**۔ از تفسیر منہج جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ۔ اسما بنت عمیس نے کہا کہ فرمایا جناب رسولخدا صنے کہ بروز قیامت خلائق کو مقام حساب مین استادہ کرینگے منادی ندا کریگا کہ رات کے اُٹھنے والے (واسطے عبادت کے) اپنی جگہ سے اُٹھین اور بیحساب داخل بہشت ہون۔

(۳۴) **حدیث**۔ ایضاً بلال سے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا م نے کہ نماز شب ادا کرو اسواسطے کہ طریقہ صالحون کا ہی جو پہلے تم سے تھے اور بدرستیکہ شب کو اُٹھنا (واسطے نماز شب کے اور نماز شب کا ادا کرنا) سبب نزدیکی خدا کا ہی اور منع کرنے والا اپنے صاحب کو گناہ سے (یعنے باعث عدم ارتکاب گناہ کا ہوتا ہی) اور کفارہ اُسکے گناہ کا ہوتا ہی اور دور کرنے والا درد والم کا اُسکے جسم سے ہوتا ہی۔

(۳۵) **از وصیت نامہ**۔ اُس وصیت نامہ مین کہ جو جناب امام حسن عسکری ع نے

(حاشیہ صفحہ ۱۲۰) دیکھو کہ اسکی روح میرے پاس ہی اور اسکا جسم میری عبادت مین ہی اسنے اپنے بدن کو بستر سے علیحدہ رکھا ہی میرے عذاب کے خوف سے اور میری رحمت کی خواہش مین مجھ سے دعا مانگ رہا ہے تم سب گواہ رہو کہ مین نے اسکو ضرور بخشدیا۔

(ن ۵۰)۔ ارشاد جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ مین ہی کہ جناب امام محمد باقر ع کے فرزند اُن حضرت کی خدمت مین آئے تو دیکھا کہ کثرت عبادت سے اُن حضرت کی یہ حالت ہو گئی ہی کہ کسی اور کی ایسی حالت نظر نہین آتی جاگتے جاگتے رنگ زرد ہو گیا ہی اور زیادہ رونے سے آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہین اور رخسارہ پچک گئے ہین اور سجدون کی کثرت سے ناک بھی کچھ بیٹھ گئی ہی اور دونون پنڈلیان اور دونون پائون نماز مین زیادہ کھڑے رہنے سے سوج گئے ہین تو حضرت کے صاحبزادے اس حالت کو دیکھکر روئے حضرت نے متوجہ ہو کر فرمایا کہ بیٹا وہ کتاب تو اُٹھا کر لاؤ جسمین میرے جدامجد جناب امیر ع کی عبادت کا حال لکھا ہی وہ کتاب انھون نے حاضر کی تو حضرت نے

علی بن الحسین بابویہ قمی رحمۃ اللہ علیہ کے لیے لکھا ہو تحریر ہو کہ تجکو چاہیے کہ نماز شب کو پیار رکھے
(یعنے نماز شب پر مداومت کرے) پس بتحقیق کہ جناب رسولخداؐ نے جناب امیرؑ کو وصیت فرمائی
اور تین مرتبہ فرمایا کہ اے علی تجھپر لازم ہو نماز شب اے علی تجھپر لازم ہو نماز شب اے علی تجھپر
لازم ہو نماز شب۔ اور جو کوئی سُبک جانے نماز شب کو پس وہ شخص ہم مین سے نہ ہوگا۔
(۳۵)۔ از تفسیر منہج۔ اور سہل یا یمن مین سے یعنے اُس فرقہ سے منقول ہو کہ جناب ادریسؑ
رات کو کہتے تھے ھٰذِہٖ لَیلَۃُ الرُّکُوعِ یہ شب رکوع ہو کہ ایک رکوع مین رات تمام کرتے
تھے اور دوسری شب مین فرماتے تھے ھٰذِہٖ لَیلَۃُ السُّجُوْدِ یہ شب سجدہ کی ہو اور ایک
سجدہ مین صبح کرتے تھے ایک شخص نے کہا کہ اے ادریس کیا طاقت عبادت کی رکھتے ہو
جو ایسے بڑی راتون کو ایک حال پر گذرانتے ہو جواب دیا کہ کہان ہین بڑی راتین کاشکے
ازل اور ابد ایک رات ہوتی تو ایک سجدہ مین بسر کرتا اور اُسمین نالہ ہائے زار اور گریہ ہاے
بیشمار کرتا۔ **من مؤلف**۔ یہ حالت معصومون کی ہو کہ باوجود پاک ہونے گناہون سے درگاہ
باری تعالیٰ مین گریہ وزاری کرتے تھے اور اپنے کو سراپا گنہگار سمجھتے تھے اور درحقیقت
ذات باری تعالیٰ ایسی ہی ہو کہ اگر ہم تمام عمر جمیع گناہان کبیرہ وصغیرہ سے پاک رہین اور
شب و روز کی ہر ساعت کو اسکی طاعت و عبادت مین گذارین لیکن تاہم گنہگار ہین اس سبب سے
کہ جو حق اُسکی عبادت اور طاعت کا ہو وہ ہم سے ادا نہین ہوسکتا اور جب ہم سے اُسکی طاعت
و عبادت کا حق ادا نہ ہوا تو ہم اُسکے گنہگار رہے۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

(حاشیہ صفحہ ۱۲۱) اُسکو تھوڑا سا پڑھا اور چیخ مار کر روئے ہاتھ سے وہ کتاب رکھدی اور یہ فرمایا
کہ علی ابن ابی طالبؑ کی سی عبادت کون کرسکتا ہو۔
(ن ۵۱)۔ مصباح الزائر مین جناب امام موسیٰ کاظمؑ پر جو صلوات بھیجی گئی ہے اُسمین یہ فقرہ بھی ہو
کہ روز حضرت کے جاگتے جاگتے بسر ہوجاتے تھے اور صبح تک برابر استغفار پڑھتے رہتے تھے۔
(ن ۵۲)۔ خصال مین عقد بن ربہ سے منقول ہو کہ مین نے جناب امام زین العابدینؑ کی

(۳۶) حدیث - ایضاً فرمایا جناب رسولخدا صؐ نے کہ قیام العبد من اللیل یعنے مراد اس قیام سے وہ بندہ ہی جو شب مین واسطے ادائے نماز اور وظیفہ عبادت کے اُٹھے -

(۳۷) حدیث - ایضاً فرمایا جناب رسولخدا صؐ نے کہ بروز قیامت خلق اولین وآخرین کو جمع کرینگے اور منادی اس طور پر باواز بلند ندا کریگا کہ جو تمام خلایق سنینگی کہ بہت عنقریب ہی کہ اہل مجمع کو معلوم ہوگا کہ آجکے روز کون پہلے مستحق کرم واحسان کا ہی اور پھر ندا کریگا کہ وہ گروہ سب اُٹھین جنھون نے اپنے پہلوئون کو فرش گرم ونرم سے میری عبادت کے لیئے دور کیا ہی پس ایک گروہ اُٹھیگا اور یہ بہت کم ہونگے اور پھر آوازہ ہوچیگی اُن لوگون کو کہ جنکو باز نہ رکھا ہو تجارت اور سوداور معاملہ نے ذکر خدا سے اور یہ بھی کم ہونگے پھر ندا دیگا کہ اُٹھین وہ لوگ جنھون نے حمد خدا کی کی ہو جہراً اور سراً اور یہ جماعت بھی کم ہوگی پس سکو بحساب داخل بہشت کیا جائیگا -

(۳۸) - از تفسیر منہج - جناب ملاّ فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ اکثرونکا یہ قول ہی کہ آیہ تتجافی جنوبھم تا طمعاً (از سورۂ سجدہ مابین رکوع اوا ۲) شان مین تہجد گذارون کے اور شب مین جاگنے والون کے ہی کہ جسوقت پردہ شب چھوڑ دیا اور تمام عالم سر کو تکیۂ غفلت پر رکھے ہوئے ہی اور یہ پہلو کو بستر گرم اور فرش نرم سے اُٹھا کر قدم نیاز پر کھڑے ہون اور شب درازمین حضرت کریم کارساز اور رحیم بندہ نواز سے اپنے راز عرض کرین اور یہ قول حسن اور مجاہد اور عطا کا ہی -

(حاشیہ صفحۂ ۱۲۲) لونڈی سے اُن حضرت کے کچھ حالات دریافت کیئے تھے اُسنے کہا کہ مین طولانی حال بیان کرون یا مختصر اُنھون نے کہا کہ مختصر بیان کر تو اُس لونڈی نے کہا کہ دن مین اُن حضرت کے لئے مجکو کبھی کھانا تیار کرنا نہین پڑا اور رات مین کبھی اُن کے لئے بچھونا بچھانے کا اتفاق نہین ہوا -

(۳ منہ) علل الشرایع مین ابو حازم سے منقول ہی کہ مین نے کسی مرد ہاشمی کو جناب امام زین العابدین ؑ سے افضل نہین دیکھا کہ وہ حضرت رات اور دن مین ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے

من مؤلف۔ ترجمہ آیہ مذکور کا یہ ہی دور ہوتی ہین کروٹین انکی خوابگاہون سے پکارتی ہین اپنے پروردگار کو خوف سے اور بسبب امید رحمت (پروردگار کے) (یعنے شب مین اُٹھ کر نماز شب کو ادا کرتے ہین)۔

(۳۹) **حدیث**۔ ایضاً خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا صؐ نے کہ نماز شب جو درمیان شب کے واسطے رضائے خدا کے پڑھی جائے غضب خدا کو موقوف کرتی ہی۔

(۴۰)۔ **ادعیہ قبل نماز شب** جسوقت واسطے نماز شب کے بیدار ہووے اگر ممکن ہو سکے تو اس دعا کو پڑھے جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے اس دعا کو مصباح کبیر مین تحریر فرمایا ہی اور جناب شیخ بہائی علیہ الرحمہ مفتاح الفلاح مین تحریر فرماتے ہین کہ جناب رسولخدا صؐ جسوقت واسطے نماز شب کے بیدار ہوتے تھے سجدہ کرتے تھے پس سجدہ مین یا بعد سجدہ کرنے کے اس دعا کو پڑھتے تھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَحْيَانِيْ بَعْدَ مَا اَمَاتَنِيْ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَدَّ عَلَيَّ رُوْحِيْ لِاَحْمَدَهٗ وَاَعْبُدَهٗ۔

(۴۱)۔ اگر وقت نصف شب کا ہو اور ممکن ہو تو اس دعا کو پڑھے کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جناب امام زین العابدین عؑ بوقت نصف شب اس دعا کو پڑھا کرتے تھے

(حاشیہ صفحہ ۱۲۳) اور سجدون کی کثرت سے اُن حضرت کی پیشانی اونٹ کا گھونٹھ معلوم ہوتی تھی۔

من مؤلف۔ فضیلت شب بیداری و نماز شب مین احادیث بکثرت ہین بخیال طول ہونے حاشیہ باب ہذا کے صرف انھین احادیث پر اکتفا کیا گیا بقیہ احادیث و روایات بشرط حیات انشاء اللہ تعالیٰ کسی کتاب مین تحریر کیجائینگی۔ صرف مذمت کثرت نوم مین چند احادیث اس جگہ تحریر کی جاتی ہین

(نمبر ۵۴) مذمت کثرت نوم۔

(نمبر ۵۵) **حدیث**۔ از بحار۔ بحار مین کتاب غررالاور ترمذی سے نقل کیا ہی کہ جناب رسولخدا صؐ نے ایک طویل حدیث مین جو شیطان کی بات چیت جناب یحییٰ عؑ کے ساتھ ہوئی وہ بیان کی ہے ازانجملہ یہ بھی ہی کہ جناب یحییٰ عؑ نے شیطان سے کہا کہ کبھی مجھپر تجکو کوئی موقع ملا ہی اُسنے کہا کہ

إِلٰهِي غَارَتْ نُجُومُ سَمَائِكَ وَنَامَتْ عُيُونُ أَنَامِكَ وَهَدَأَتْ أَصْوَاتُ عِبَادِكَ وَأَنْعَامِكَ وَغَلَّقَتِ الْمُلُوكُ عَلَيْهَا أَبْوَابَهَا وَطَافَ عَلَيْهَا حُرَّاسُهَا وَاحْتَجَبُوا عَمَّنْ يَسْأَلُهُمْ حَاجَةً أَوْ يَنْتَجِعُ مِنْهُمْ فَائِدَةً وَأَنْتَ إِلٰهِي حَيٌّ قَيُّومٌ لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ وَلَا يَشْغَلُكَ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ أَبْوَابُ سَمَائِكَ لِمَنْ دَعَاكَ مُفَتَّحَاتٌ وَخَزَائِنُكَ غَيْرُ مُغَلَّقَاتٍ وَأَبْوَابُ رَحْمَتِكَ غَيْرُ مَحْجُوبَاتٍ وَفَوَائِدُكَ لِمَنْ سَأَلَكَهَا غَيْرُ مَحْظُورَاتٍ بَلْ هِيَ مَبْذُولَاتٌ أَنْتَ إِلٰهِي الْكَرِيمُ الَّذِي لَا تَرُدُّ سَائِلًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ سَأَلَكَ وَلَا تَحْتَجِبُ عَنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ أَرَادَكَ لَا وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ لَا تَخْتَزِلُ حَوَائِجُهُمْ دُونَكَ وَلَا يَقْضِيهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ وَقَدْ تَرَانِي وَوُقُوفِي وَذُلَّ مَقَامِي بَيْنَ يَدَيْكَ تَعْلَمُ سَرِيرَتِي وَتَطَّلِعُ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِي وَمَا تَصْلُحُ بِهِ أَمْرُ آخِرَتِي وَدُنْيَايَ اَللّٰهُمَّ إِنْ ذَكَرْتُ الْمَوْتَ وَهَوْلَ الْمُطَّلَعِ وَالْوُقُوفَ بَيْنَ يَدَيْكَ نَغَّصَنِي مَطْعَمِي وَمَشْرَبِي وَأَغَصَّنِي بِرِيقِي وَأَقْلَقَنِي عَنْ وِسَادِي

(حاشیہ صفحہ ۱۲۴) علی العموم تو نہین مگر ایک بات پسند آئی یہ سنکر جناب یحیٰی کا رنگ فق ہوگیا اور خوف خدا سے کانپنے لگے اور غشی کی حالت ہوگئی فرمایا وہ کیا ہی شیطان نے کہا کہ آپ کھانا زیادہ کھاتے ہین کہ جسکی وجہ سے اعضا مین کسل اور نیند غالب آجاتی ہی حضرت نے فرمایا کہ کیا اُسی وقت تجکو موقع ملتا ہی شیطان نے کہا ہان بس یحیٰی ؑ نے فرمایا کہ مین اپنے اوپر واجب کرتا ہون کہ مرتے دم تک کبھی سیر ہوکر کھانا نہ کھاؤنگا۔

(نو ۵۶) حدیث از امالی و علل الشرایع جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ جابر ابن عبداللہ کہتا ہی کہ جناب رسولخدا ؐ نے فرمایا کہ مادر سلیمان ؑ نے جناب سلیمان ؑ سے فرمایا تھا کہ رات کو زیادہ نہ سونا روز قیامت کے دن فقیر کردیگا۔

وَمَنَعَنِي رُقَادِي كَيْفَ يَنَامُ مَنْ يَخَافُ بَيَاتَ مَلَكِ الْمَوْتِ فِي طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَطَوَارِقِ النَّهَارِ بَلْ كَيْفَ يَنَامُ الْعَاقِلُ وَمَلَكُ الْمَوْتِ لَا يَنَامُ لَا بِاللَّيْلِ وَلَا بِالنَّهَارِ وَيَطْلُبُ قَبْضَ رُوحِي بِالْبَيَاتِ اَوْ فِي آنَاءِ السَّاعَاتِ
پس سجدہ کرتے تھے اور اپنے رخسارہ کو خاک پر رکھتے تھے اور یہ کہتے تھے اَسْئَلُكَ الرَّوْحَ وَالرَّاحَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عَنِّي حِينَ اَلْقَاكَ -

(۴۲) ابوذر رض نے روایت کی ہی جناب امیرع سے کہ آنحضرتؐ درمیان شب کے یہ دعا پڑھتے تھے اِلٰهِي كَمْ مِنْ مُوبِقَةٍ حَمَلْتَ عَنْ مُقَابَلَتِهَا بِنِعْمَتِكَ وَكَمْ مِنْ جَرِيرَةٍ تَكَرَّمْتَ عَنْ كَشْفِهَا بِكَرَمِكَ اِلٰهِي اِنْ طَالَ فِي عِصْيَانِكَ عُمْرِي وَعَظُمَ فِي الصُّحُفِ ذَنْبِي فَمَا اَنَا مُؤَمِّلٌ غَيْرَ غُفْرَانِكَ وَلَا اَنَا بِرَاجٍ غَيْرَ رِضْوَانِكَ اِلٰهِي اُفَكِّرُ فِي عَفْوِكَ فَتَهُونُ عَلَيَّ خَطِيئَتِي ثُمَّ اَذْكُرُ الْعَظِيمَ مِنْ اَخْذِكَ فَتَعْظُمُ عَلَيَّ بَلِيَّتِي آهِ اِنْ اَنَا قَرَاْتُ فِي الصُّحُفِ سَيِّئَةً اَنَا نَاسِيهَا وَاَنْتَ مُحْصِيهَا فَتَقُولُ خُذُوهُ فَيَا لَهُ مِنْ مَاْخُوذٍ لَا تُنْجِيهِ عَشِيرَتُهُ وَلَا تَنْفَعُهُ قَبِيلَتُهُ آهِ مِنْ نَارٍ تُنْضِجُ الْاَكْبَادَ وَالْكُلَى آهِ مِنْ نَارٍ نَزَّاعَةٍ لِلشَّوَى آهِ مِنْ غَمْرَةٍ مِنْ لَهَبَاتِ لَظَى پس گریہ وزاری کرکے جو دعا طلب کرے مستجاب ہی۔

(حاشیہ صفحہ ۱۲۵) (نمبر) حدیث - از تحفۃ العقول جناب امام جعفر صادق ع نے عبداللہ ابن جندب کو جو وصیتین فرمائی ہین اُن مین سے ایک یہ بھی ہی کہ اے ابن جندب شیطان کے پاس ایک پھٹکی ہی اور ایک جال ہی اُسنے پوچھا عبداللہ ابن جندب نے عرض کیا کہ وہ کیا کیا ہین فرمایا حضرت نے کہ پھٹکی تو اُسکی یہ ہی کہ مؤمنون کے ساتھ نیکی کرنے سے باز رکھتا ہی اور جال ہی اُسکا نیند کہ جسکی وجہ سے وہ نماز واجبہ ونافلہ کے اداکرنے سے لوگون کو روکتا ہی۔

(نمبر) حدیث - از من لایحضرہ الفقیہ جناب امام محمد باقر ع نے فرمایا کہ باریتعالی کو تین چیزون پر غصہ آتا ہی بغیر شب بیداری کے دن مین سونا اور بغیر تعجب کی بات کے

(۴۳)۔ اگر آخر شب مین نماز شب کے لئے اُٹھے جسوقت مرغ کی آواز سنے اس دعا کو پڑھے کفعمی علیہ الرحمہ نے مصباح مین تحریر فرمایا ہے سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ سَبَقَتْ رَحْمَتُكَ غَضَبَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَمِلْتُ سُوْٓءً وَّظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَفَامَنِيْ فِيْ عُرُوْقٍ سَاكِنَةٍ وَرَدَّ اِلَيَّ مَوْلَايَ نَفْسِيْ بَعْدَ مَوْتِهَا وَلَمْ يُمِتْهَا فِيْ مَنَامِهَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ تا لَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا اَحَدًا تا آخر آیہ پس پانچ آیات سورۂ عمران سے پڑھے اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ تا اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝۔

(۴۴)۔ حدیث۔ از من لا یحضرہ الفقیہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ وقت شروع نماز شب کے قبل نماز شب کے دونون ہاتھ اُٹھا کر اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ الرَّحْمَةِ وَاٰلِهٖ وَاُقَدِّمُهُمْ بَيْنَ يَدَيْ حَوَائِجِيْ فَاجْعَلْنِيْ بِهِمْ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِهِمْ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ بِهِمْ وَاهْدِنِيْ بِهِمْ وَلَا تُضِلَّنِيْ بِهِمْ وَارْزُقْنِيْ بِهِمْ وَلَا تَحْرِمْنِيْ بِهِمْ وَاقْضِ لِيْ حَوَائِجَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ پس تکبیرات سبعہ کہکر نماز شب کو شروع کرے۔

(حاشیہ صفحہ ۱۲۶) ہنسنا اور پیٹ بھرے پر کھا لینا۔

(نط) حدیث۔ جناب محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ نے روایت کی ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ خدائے تعالیٰ زیادہ سونے اور زیادہ بیکار رہنے کو ناپسند کرتا ہے۔

(سخ) حدیث۔ از غرر فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ دو چیزین نفس کو خراب کر دیتی ہین اور بہت سے نقصان پہونچاتی ہین۔ زیادہ سونا۔ اور زیادہ کھانا۔

(۴۵)۔ جن دعاؤن کا پڑھنا قبل نماز شب کے از نمبر ۳۰ تا ۴۴ باب ہذا مین تحریر ہوچکا ہو
اگر ممکن ہوسکے تو اُن دعاؤن کو قبل نماز شب کے پڑھے ورنہ انکے پڑھنے کی ضرورت نہین ہو
اس سبب سے کہ اگر پڑھیگا تو فوائد و ثواب حاصل ہونگے نہ پڑھیگا تو نماز شب
مین کوئی ضرر نہ ہوگا۔

(۴۶)۔ تعداد رکعات نماز شب وکیفیت نماز شب

تکبیرات سبعہ کہکر نماز شب کو شروع کرے۔ نماز شب کہ جسکو خاص تہجد کہتے ہین آٹھ رکعت ہو

ف۔ درصورت وسعت وقت، کے آٹھ رکعت نماز شب کو مثل نماز جعفر طیار یا مثل نماز جناب
رسولخدا ص یا مثل نماز جناب امیر ع یا مثل نماز جناب فاطمہ ع کے بجالائے تو علاوہ نماز
شب کے ان نمازون کا بھی ثواب خداے تعالیٰ عطا فرماتا ہو مین شب جمعہ مین نماز شب کو
اکثر انھین نمازون مین سے کسی نماز کے طریق پر پڑھتا ہون۔

طریقۂ اوّل چار رکعت نماز شب کو دو دو رکعت کرکے مثل نماز جعفر طیار رض بجالاوے مگر نیت
نماز شب کی کرے اور چار رکعت اخیرہ کو مثل نماز جناب امیر ع کے بجالاوے۔

طریقۂ دویم۔ دو رکعت نماز شب کو مثل نماز جناب رسولخدا ص کے اور دو رکعت نماز شب کو مثل نماز
جناب فاطمہ ع اور باقی چار رکعت کو مثل نماز جعفر طیار کے یا مثل نماز جناب امیر ع کے بجالاوے۔

طریقۂ سویم۔ اگر حسب طریقۂ اول و دویم ادا نہ کرسکے تو اسطرح بجالاوے کہ اول چار رکعت
نماز شب کو مثل نماز جعفر طیار رض کے اور باقی چار رکعت کو دو دو رکعت کرکے مثل نماز
فریضہ کے بجالاوے یا برعکس بجالاوے نماز جعفر طیار کی دس بارہ منٹ مین تمام ہوجاتی ہو
زیادہ وقت صرف نہین ہوتا۔ نماز جعفر طیار کی نسبت جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر
فرماتے ہین کہ بعد نوافل شبانہ روز کے کوئی نماز فضیلت مین نماز جعفر طیار کو نہین پہونچتی۔
نماز جعفر طیار و نماز جناب رسولخدا و نماز جناب امیر ع و نماز جناب فاطمہ ع کے ادا کرنے کے طریقہ
فصل (۴۸) مین آیندہ تحریر کیے گئے ہین۔

دو دو رکعت کر کے بجالائے اور بعد آٹھ رکعت نماز شب کے دو رکعت نماز شفع اور ایک رکعت نماز وتر کی ہی علمائے نماز شفع اور وتر کو بھی نماز شب مین داخل کر کے نماز شب کو گیارہ رکعت تحریر فرمایا ہی الا نماز شفع و وتر حقیقتا نماز شب کے خارج ہین مگر نماز شب سے ملی ہوئی اسطرح ہین کہ گویا اُسمین داخل ہین اس سبب سے کہ جو وقت نماز شب کا ہی وہی وقت نماز شفع و وتر کا بھی ہی اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ نماز شب مسافر پر ساقط نہین ہی نماز شب مسافر کو بھی بجالانا ضرور ہی۔ جناب ابن عقیل علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ نماز شب کے ترک کرنے کی اجازت نہین دی گئی ہی سفر مین ہو یا حضر مین۔ اور احادیث مین بھی یہی حکم ہی چنانچہ ملاحظہ ہو حدیث نمبر ۱۸۔ باب ۱۹۔ اور اگر نماز شب بحالت سفر یا حضر قضا ہو جائے تو قضا بجالائے ملاحظہ ہو حدیث نمبر ۱۹ باب ۱۶۔ غرض کہ نماز شب کو کسی حالت مین ترک نہ کرے۔

(الف)۔ اگر وقت مین وسعت ہو تو نماز شب مین بعد سورۂ حمد کے سورہاے بزرگ مثل سورۂ یٰسٓ وغیرہ کے پڑھے افضل ہی ورنہ بعد الحمد کے حسب مناسب وقت جو سورہ چاہے پڑھے۔ اور اگر ممکن ہو سکے تو نماز شب کی دو رکعت اول کی ہر رکعت مین بعد الحمد کے تیس ۳۰ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے کہ فضیلت اسکی زیادہ ہی۔

(۷۴) حدیث۔ از من لا یحضرہ الفقیہ فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ جو شخص اول دو رکعت نماز شب کی ہر رکعت مین بعد الحمد کے تیس ۳۰ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو مابین اُسکے اور خدا کے کوئی ایسا گناہ نہ ہوگا مگر یہ کہ خدا تعالیٰ اُسکو بخشدیگا اور مصباح مین جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ رکعت اوّل نماز شب مین بعد حمد کے سورۂ توحید تیس ۳۰ مرتبہ اور رکعت ثانی مین بعد الحمد کے ایک مرتبہ سورۂ کافرون اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو رکعت اول مین ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے اور جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ رکعت اول مین بعد حمد کے تیس ۳۰ مرتبہ سورۂ توحید اور رکعت ثانی مین

بعد حمد کے تین مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے اختیار ہی جس روایت پر چاہے عمل کرے یہ سب
اسوقت مین ہی کہ جب وقت مین وسعت ہو اور قلب بھی پڑھنے کی جانب راغب ہو ورنہ
رکعت اول مین بعد حمد کے سورۂ توحید تین مرتبہ اور رکعت ثانی مین بعد حمد کے ایک مرتبہ سورۂ
کافرون پڑھے چنانچہ جناب شیخ بہائی علیہ الرحمہ یہی تحریر فرماتے ہین اور اگر اتنا بھی وقت
نہ ہو تو رکعت اول مین بجاے تین مرتبہ کے ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے اور رکعت ثانی
بعد حمد کے ایک مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے کہ اسکی زیادہ تاکید ہی چنانچہ اصل حدیث اسکی
نمبر(۱۰) باب چالیسؔ مین تحریر ہو چکی ہی اور باقی چھ رکعت کو جس سورہ سے چاہے بجالائے
اگر ممکن ہو تو نماز شب کی قنوت مین اس دعا کو پڑھے کہ جناب امام جوادؑ پڑھا کرتے تھے
ورنہ نماز واجبہ کا قنوت پڑھے یا جو دعا چاہے قنوت مین پڑھے اس دعا مین مضامین
مغفرت و ترقی رزق و طول عمر وغیرہ کے ہین اَللّٰهُمَّ إِنَّ الرَّجَاءَ لِسَعَةِ رَحْمَتِكَ
أَنْطَقَنِي بِاسْتِقَالَتِكَ وَالْأَمَلِ لِأَنَاتِكَ وَرِفْقِكَ شَجَّعَنِي عَلَى طَلَبِ أَمَانِكَ
وَعَفْوِكَ وَلِي يَا رَبِّ ذُنُوبٌ قَدْ وَاجَهَتْهَا أَوْجُهُ الْاِنْتِقَامِ وَخَطَايَا قَدْ
لَاحَظَتْهَا أَعْيُنُ الْاِصْطِلَامِ وَاسْتَوْجَبْتُ بِهَا عَلَى عَدْلِكَ أَلِيمَ الْعِقَابِ
وَاسْتَحْقَقْتُ بِاجْتِرَاحِهَا مُبِيرَ الْعِقَابِ وَخِفْتُ تَعْوِيقَهَا لِإِجَابَتِي وَرَدَّهَا إِيَّايَ
عَنْ قَضَاءِ حَاجَتِي بِإِبْطَالِهَا لِطَلِبَتِي وَقَطْعِهَا لِأَسْبَابِ رَغْبَتِي مِنْ أَجْلِ
مَا أَنْقَضَ ظَهْرِي مِنْ ثِقْلِهَا وَبَهَظَنِي مِنَ الْاِسْتِقْلَالِ بِحَمْلِهَا ثُمَّ تَرَاجَعْتُ
رَبِّي إِلَى حِلْمِكَ عَنِ الْخَاطِئِينَ وَعَفْوِكَ عَنِ الْمُذْنِبِينَ وَرَحْمَتِكَ لِلْعَاصِينَ
فَأَقْبَلْتُ بِثِقَتِي مُتَوَكِّلًا عَلَيْكَ طَارِحًا نَفْسِي بَيْنَ يَدَيْكَ شَاكِيًا بَثِّي إِلَيْكَ
سَائِلًا مَا لَا أَسْتَوْجِبُهُ مِنْ تَفْرِيجِ الْهَمِّ وَلَا أَسْتَحِقُّهُ مِنْ تَنْفِيسِ الْغَمِّ
مُسْتَقِيلًا إِيَّاكَ وَاثِقًا مَوْلَايَ بِكَ اَللّٰهُمَّ فَامْنُنْ عَلَيَّ بِالْفَرَجِ وَتَطَوَّلْ عَلَيَّ
عَلَى بِسُهُولَةِ الْمَخْرَجِ وَادْلُلْنِي بِرَأْفَتِكَ عَلَى سَمْتِ الْمَنْهَجِ وَأَزْلِقْنِي بِقُدْرَتِكَ

عَنِ الطَّرِيقِ الْأَعْوَجِ وَخَلِّصْنِي مِنْ سِجْنِ الْكَرْبِ بِإِقَالَتِكَ وَأَطْلِقْ أَسْرِي بِرَحْمَتِكَ وَطُلْ عَلَيَّ بِرِضْوَانِكَ وَجُدْ عَلَيَّ بِإِحْسَانِكَ وَأَقِلْنِي عَثْرَتِي وَفَرِّجْ كُرْبَتِي وَارْحَمْ عَبْرَتِي وَلَا تَحْجُبْ دَعْوَتِي وَاشْدُدْ بِالْإِقَالَةِ أَزْرِي وَقَوِّ بِهَا ظَهْرِي وَأَصْلِحْ بِهَا أَمْرِي وَأَطِلْ بِهَا عُمْرِي وَارْحَمْنِي يَوْمَ حَشْرِي وَحِينَ نَشْرِي إِنَّكَ جَوَادٌ كَرِيمٌ رَؤُفٌ رَحِيمٌ ۔

(۴۸) مخصوص براے ترقی رزق۔ حدیث۔ از کافی جناب شیخ محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ۔ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ واسطے ترقی رزق کے دو رکعت اول نماز شب کے دوسری رکعت کے اخیر سجدہ مین اس دعا کو پڑھے يَا خَيْرَ مَدْعُوٍّ وَيَا خَيْرَ مَسْئُولٍ وَيَا أَوْسَعَ مَنْ أَعْطَى وَيَا خَيْرَ مُرْتَجَى ارْزُقْنِي وَأَوْسِعْ عَلَيَّ مِنْ رِزْقِكَ وَسَبِّبْ لِي رِزْقاً مِنْ قِبَلِكَ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔ اگر اسپر مداومت کرے تو یہ عمل براے ترقی رزق مجربات صحیحہ سے ہے اور آزمودہ ہے۔

(۴۹) مخصوص براے عافیت۔ حدیث۔ از کتاب متہجد فرمایا ائمہ ع نے کہ جو کوئی ہر درد و ہر بیماری سے عافیت چاہے پس نماز شب کی دو رکعت اول کی دوسری رکعت کے اخیر سجدہ مین اس دعا کو پڑھے يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيمُ يَا سَمِيعَ الدَّعَوَاتِ يَا مُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَعْطِنِي مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَاصْرِفْ عَنِّي مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَأَذْهِبْ عَنِّي مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَأَذْهِبْ عَنِّي هٰذَا الْوَجَعَ نام اُس بیماری و عارضہ کا لے پس کہے قَدْ غَاظَنِي وَأَحْزَنَنِي پس آنکھوں سے آنسو جاری کرے بہ تحقیق کہ اُس سے عافیت پائے۔

(۵۰) براے دفع دشمن۔ جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ متہجد مین تحریر

فرماتے ہین کہ جس کسی کو کوئی دشمن اذیت پہونچائے پس دو رکعت اوّل نماز شب کے دوسری رکعت کے دوسرے سجدہ مین یہ کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّ فلان بن فلان اس جگہ نام دشمن کا اور اُسکے باپ کا لیوے پھر کہے شَهَرَنِي وَنَوَّرَهُ بِي وَعَرَّضَنِي لِلْمَكَارِهِ اَللّٰهُمَّ فَاصْرِفْهُ عَنِّي بِسُقْمٍ عَاجِلٍ يَشْغَلُهُ عَنِّي اَللّٰهُمَّ وَقَرِّبْ اَجَلَهُ وَاقْطَعْ اَثَرَهُ وَعَجِّلْ يَارَبِّ السَّاعَةَ وہ دشمن ہلاک ہوگا یا ذلیل وخوار ہوگا یا دفع ہوگا یہ عمل مجربات صحیحہ سے ہی جب تک فعل دشمن کا اس عمل کے لائق نہ ہو ہرگز ہرگز اس عمل کو بجا نہ لاوے۔

(۵۱)۔ بعد دو رکعت اوّل نماز شب کے تسبیح فاطمہؑ پڑھے بعد ازان جو دعا چاہے طلب کرے۔

(۵۲)۔ اگر ممکن ہو تو بعد ہر دو رکعت نماز شب کے اس دعا کو پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَيُمِيْتُ وَيُحْيِي وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ قِيَامُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَمَا تَحْتَهُنَّ فَلَكَ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ الصِّدْقُ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ لَا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنْتَ الْبَاعِثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ يَارَبِّ حَاكَمْتُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَئِمَّةِ الْمَوْصِيِّيْنَ وَابْدَاْ بِهِمْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاخْتِمْ بِهِمُ الْخَيْرَ وَاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا قَدَّمْنَا وَمَا اَخَّرْنَا وَمَا اَسْرَرْنَا وَمَا اَعْلَنَّا وَاقْضِ كُلَّ حَاجَةٍ هِيَ لَنَا بِاَيْسَرِ التَّيْسِيْرِ وَاَسْهَلِ التَّسْهِيْلِ فِيْ يُسْرٍ مِنْكَ وَعَافِيَةٍ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ

رَبَّنَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اِخْوَتِہٖ مِنْ جَمِیْعِ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مَلَآئِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاخْصُصْ مُحَمَّدًا وَّاَھْلَ بَیْتِ مُحَمَّدٍ بِاَفْضَلِ الصَّلٰوۃِ وَالتَّحِیَّۃِ وَالتَّسْلِیْمِ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّارْزُقْنِیْ رِزْقًا حَلَالًا وَّاسِعًا مِّنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَآ اَحْتَسِبُ مِمَّا شِئْتَ وَکَیْفَ شِئْتَ فَاِنَّہٗ یَکُوْنُ مَا شِئْتَ اس دعا پر مداومت کرنا برائے ترقی رزق مجرب ہے

(۵۳) ۔جناب کفعمی علیہ الرحمہ مصباح میں تحریر فرماتے ہیں کہ بعد ہر دو رکعت نماز شب کے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ وَلَمْ یُسْئَلْ مِثْلُکَ اَنْتَ مَوْضِعُ مَسْئَلَۃِ السَّآئِلِیْنَ وَمُنْتَھٰی رَغْبَۃِ الرَّاغِبِیْنَ اَدْعُوْکَ وَلَمْ یُدْعَ مِثْلُکَ وَاَرْغَبُ اِلَیْکَ وَلَمْ یُرْغَبْ اِلٰی مِثْلِکَ اَنْتَ مُجِیْبُ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَاَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اَسْئَلُکَ بِاَفْضَلِ الْمَسَآئِلِ وَاَنْجَحِھَا وَاَعْظَمِھَا یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ وَبِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی وَاَمْثَالِکَ الْعُلْیَا وَنِعَمِکَ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی وَبِاَکْرَمِ اَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی وَاَمْثَالِکَ الْعُلْیَا وَنِعَمِکَ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی وَبِاَکْرَمِ اَسْمَآئِکَ عَلَیْکَ وَاَحَبِّھَآ اِلَیْکَ وَاَقْرَبِھَا مِنْکَ وَسِیْلَۃً وَّاَشْرَفِھَا عِنْدَکَ مَنْزِلَۃً وَّاَجْزَلِھَا لَدَیْکَ ثَوَابًا وَّاَسْرَعِھَا فِی الْاُمُوْرِ اِجَابَۃً وَّاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْمَکْنُوْنِ الْمَخْزُوْنِ الْاَکْبَرِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَعْظَمِ الْاَکْرَمِ الَّذِیْ تُحِبُّہٗ وَتَھْوَاہُ وَتَرْضٰی بِہٖ عَمَّنْ دَعَاکَ بِہٖ فَاسْتَجَبْتَ لَہٗ دُعَآئَہٗ وَحَقٌّ عَلَیْکَ اَنْ لَّا تَحْرِمَ سَآئِلَکَ وَلَا تَرُدَّہٗ وَبِکُلِّ اسْمٍ ھُوَ لَکَ فِی التَّوْرٰۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ وَبِکُلِّ اسْمٍ دَعَاکَ بِہٖ حَمَلَۃُ عَرْشِکَ وَمَلَآئِکَتُکَ وَاَنْبِیَآؤُکَ وَرُسُلُکَ وَاَھْلُ طَاعَتِکَ مِنْ خَلْقِکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعَجِّلَ فَرَجَ وَلِیِّکَ وَابْنِ وَلِیِّکَ وَتُعَجِّلَ خِزْیَ اَعْدَآئِہٖ وَاَنْ تَفْعَلَ بِیْ پس حاجت طلب کرے بعد ازاں تسبیح فاطمہ پڑھے اور بعد تسبیح کے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہکر جو حاجت طلب کرے ۔

کہ مستجاب ہے بعد ازان دو سجدہ شکر کے کرے۔

(۵۴)۔ جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ بحار الانوار جلد ۱۸ مین تحریر فرماتے ہین کہ بعد ہر دو رکعت نماز شب کے تسبیح فاطمہ پڑھے بعد ازان اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ يَا قُدُّوْسُ يَا قُدُّوْسُ يَا قُدُّوْسُ يَا كٓهٰيٰعٓصٓ يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِيْنَ وَيَا اٰخِرَ الْاٰخِرِيْنَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُحْبِسُ الْقِسَمَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَهْتِكُ الْعِصَمَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُعَجِّلُ الْفَنَآءَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُنْزِلُ الْبَلَآءَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُزِيْلُ النِّعَمَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُوْرِثُ النَّدَمَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُدِيْلُ الْاَعْدَآءَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَكْشِفُ الْغِطَآءَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُظْلِمُ الْهَوَآءَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُحْبِطُ الْعَمَلَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ مِسْكِيْنٍ ضَعِيْفٍ دُعَآءَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ وَكَثُرَتْ ذُنُوْبُهٗ وَعَظُمَ جُرْمُهٗ وَضَعُفَتْ قُوَّتُهٗ دُعَآءَ مَنْ لَّا يَجِدُ لِفَاقَتِهٖ سَادًّا وَّلَا لِضَعْفِهٖ مُقَوِّيًا وَّلَا لِذَنْبِهٖ غَافِرًا وَّلَا لِعَثْرَتِهٖ مُقِيْلًا غَيْرَكَ اَدْعُوْكَ مُتَعَبِّدًا لَّكَ خَاضِعًا ذَلِيْلًا غَيْرَ مُسْتَنْكِفٍ وَّلَا مُسْتَكْبِرٍ بَلْ بَآئِسٌ فَقِيْرٌ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَرُدَّنِيْ خَآئِبًا وَّلَا تَجْعَلْنِيْ مِنَ الْقَانِطِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلِ الْعَافِيَةَ شِعَارِيْ وَدِثَارِيْ اَمَانًا مِّنْ كُلِّ سُوْٓءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّانْظُرْ اِلٰى فَقْرِيْ وَاَجِبْ مَسْئَلَتِيْ وَقَرِّبْنِيْ اِلَيْكَ

زلفی ولا تباعدنی منک والطف بی ولا تجفنی واکرمنی ولا تھنی انت ربی وثقتی ورجائی وعصمتی لیس لی معتصم الا بک ولیس لی رب الا انت ولا مفر لی منک الا الیک صل علی محمد وال محمد واکفنی شر کل ذی شر واقض لی کل حاجۃ واجب لی کل دعوۃ ونفس عنی کل ھم وفرج عنی کل غم وابداء بوالدی واخوانی واخواتی من المؤمنین والمؤمنات وتن بی برحمتک یا ارحم الراحمین ہ پس سجدہ شکر کرے اور سجدہ شکر میں الحمد للہ شکرا شکرا کہے پس کہے اللھم صل علی محمد وال محمد وصل علی علی وفاطمۃ والحسن والحسین وعلی ابن الحسین ومحمد وجعفر وموسی وعلی ومحمد وعلی والحسن والحجۃ علیہم السلام اللھم لک الحمد علی ما مننت بہ علی من معرفتھم وعرفتنیہ من حقھم فاقض ھم حوائجی پس پھر سات مرتبہ کہے الحمد للہ شکرا شکرا بعد اسکے جو دعا چاہے کرے اور اپنے والدین و عزیز و اقارب و دوست و احباب کے لئے بھی دعا کرے۔ اگر بعد ہر دو رکعت کے دعائے مذکور کا پڑھنا ممکن نہ ہو تو بعد دو رکعت اول کے ضرور پڑھے اور آٹھ رکعت نماز شب کے بعد تسبیح فاطمہ پڑھے اور ممکن ہو تو اس دعا کو بھی پڑھے۔

